حج و عمرہ

کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

جلد سوم

(ش ۔ گ)

مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

0333-3136872

حج و عمرہ

کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق

(ش - گ)

جلدِ سوم

مؤلف

مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

دار الافتا جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

نام کتاب: حج وعمرہ کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

مؤلف: مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

طباعت: طبع ثانی: ۱۴۳۸-۲۰۱۷

ناشر: بیت العمار کراچی

نورانی مسجد گل پلازہ، مارسٹن روڈ کراچی۔ 74400

فون: 0302-2205466 ,0333-3136872
0333-3845224

ای میل: baitulammar2004@gmail.com
qaasmiesencyclopedia2004@gmail.com

کراچی:

الحجاز پبلشرز، بنوری ٹاؤن۔	0314-2139797
اسلامی کتب خانہ، بنوری ٹاؤن۔	021-34727159
دار البشائر، بنوری ٹاؤن۔	0334-2659744
ادارۃ النور، بنوری ٹاؤن۔	0324-2855000
مکتبہ القرآن، بنوری ٹاؤن۔	021-34856701
زم زم پبلشرز، اردو بازار۔	021-32729089
مکتبہ ندوہ، اردو بازار۔	0321-8936511
مکتبہ المعارف، دار العلوم کراچی۔	021-35032020

کوئٹہ:

مکتبہ رشیدیہ، سرکی روڈ۔	081-26622631
مکتبہ ماجدیہ۔	0333-7434142

پنجاب:

مکتبہ رحمانیہ۔	042-37224228
الفلاح پبلشرز۔	0333-4101085
مکتبہ عائشہ۔	0321-9233714
دار الناشر۔	0333-8335011

خیبر پختونخواہ (KPK):

مکتبہ عمر فاروق، قصہ خوانی بازار، پشاور۔	0311-8845717
مکتبہ بنوری ٹاؤن، لکی مروت۔	0336-9731158
مکتبہ فاروقیہ، بنو۔	0334-8825488
مکتبہ حقانیہ، اکوڑہ خٹک۔	0337-7445290
مکتبہ محمودیہ، صوابی۔	0312-9430416
مکتبہ الحرمین، اکوڑہ خٹک۔	0313-8680501
مولوی ظہور، مردان۔	0334-8414660

فہرست

عنوان	صفحہ نمبر

عنوان	صفحہ نمبر
ق	

شاخیں کاٹنا مزدلفہ اور منٰی میں

''درختوں کی شاخیں کاٹنا مزدلفہ اور منٰی میں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

شربت

☆ اگر شربت میں بالکل کسی قسم کی خوشبو نہیں ڈالی گئی تو وہ احرام کی حالت میں پینا جائز ہے، اس سے دم یا صدقہ لازم نہیں ہوگا۔

☆ ایسی بوتل، شربت اور پھلوں کا رس جن میں خوشبو ڈالی گئی ہو احرام کی حالت میں پینا منع ہے، اگر کوئی محرم تھوڑی مقدار میں ایک مرتبہ پیے گا تو صدقہ فطر کی مقدار گندم یا اس کی قیمت صدقہ کرنا واجب ہوگا، اور اگر زیادہ مقدار میں پیا تھوڑا تھوڑا دو تین بار تو دم واجب ہوگا۔

☆ اگر خوشبو پینے کی چیز میں ملائی گئی اور خوشبو کی مقدار غالب ہے اور محرم نے پی لیا تو دم دینا واجب ہوگا اور اگر خوشبو کی مقدار کم اور مغلوب ہے تو پینے سے صدقہ دینا واجب ہوگا، مگر مغلوب کو بار بار پینے سے دم دینا واجب ہوگا اور اگر بہت پیا تو دم اور تھوڑا پیا تو صدقہ ہے، اور اگر تھوڑا تھوڑا دو بار پیا تو دم لازم ہے۔(۱)

(۱) ولو خلطه بمشروب كخلط الزعفران أو القرنفل بالقهوة فإن كان الطيب غالبًا أى باعتبار أجزائه ففيه الدم ، وإن كان مغلوبًا ففيه الصدقة الاّ أن يشرب مرارًا فعليه الدم . (إرشاد السارى : (ص: ۴۵۰) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الثانى : فى الطيب ، فصل : فى أكل الطيب وشربه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

البحر العميق : (۸۴۲/۲) الباب الثامن : فى الجنايات وكفاراتها ، الفصل الثانى : التطيب والدهن ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

شامى : (۵۴۷/۲) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

شرعی طریقہ سے حلال نہیں ہوا

اگر کوئی حاجی یا عمرہ کرنے والا شرعی طریقہ سے حلال ہوئے بغیر احرام کھولتا ہے تو ایک دم دینا لازم ہوگا، اگر متعدد بار ایسا کیا ہے تو ہر بار کے لئے ایک ایک دم دینا لازم ہوگا، اور احرام کھولنے کے بعد احرام کے ممنوعات کا مرتکب ہونے سے مزید کوئی دم لازم نہیں ہوگا۔(۱)

شکار کا گوشت کھانا

☆ اگر کسی غیر محرم حلال آدمی نے حرم کی حدود سے باہر کسی حلال جانور کو شکار کیا اور اس نے یا کسی اور غیر محرم نے اس جانور کو ذبح کیا، اور محرم آدمی نے اس جانور کو شکار کرنے اور ذبح کرنے میں کسی قسم کی شرکت اور مدد نہیں کی تو اس جانور کا گوشت محرم لوگوں کے لئے کھانا جائز ہے۔(۲)

---

(۱) وإذا تعدد الجنايت تعدد الجزاء الا إذا اتحد المجلس ...... أو المحل ...... أو السبب ...... وإذا كفر للأولىٰ تعدد الجزاء في جميع الصور ، وإذا اختلف جنس الجناية تعذر التداخل إلا إذا فعلها على قصد رفض الإحرام ، فإنّ المحرم إذا نوىٰ رفض الإحرام ، فجعل يصنع ما يصنعه الحلال من لبس الثياب ، والتطيب والحلق ، والجماع ، وقتل الصيد ، فعليه دم واحد بجميع ما ارتكب . (غنية الناسک : (ص: ۲۴۱) باب الجنايات ، مقدمة في ضوابط ...... ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد الساري : (ص: ۵۷۸ ، ۵۷۹) باب في جزاء الجنايات وكفاراتها ، فصل : في ارتكاب المحرم المحظور على نيّة رفض الإحرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗀 البحر العميق : (۸۸۲/۲) الباب الثامن في الجنايات وكفاراتها ، الفصل الخامس : الجماع ودواعيه ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

(۲) ويجوز للمحرم أكل ما اصطاده الحلال في الحل لنفسه أو للمحرم و ذبحه ، وإن لم يدل عليه محرم ولا أمره بصيده ولا أشار إليه ولا أعانه عليه ، فإن فعل شيئًا من ذٰلک لم يحل . (مناسک الملا على القاري مع إرشااد الساري : (ص: ۵۳۸) باب الجنايات وأنواعها ، النوع السادس : في الصيد ومايتعلق به ، فصل : يجوز للمحرم أكل ما اصطاده الحلال لنفسه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗀 بدائع الصنائع : (۲۰۵/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا بيان حكم مايحرم على المحرم ، ط: سعيد . =

☆ حرم کی حدود میں محرم یا غیر محرم کے لئے گھریلو جانور کے علاوہ کسی اور جانور کا شکار کرنا، ذبح کرنا جائز نہیں ہے۔(۱)

شکار کرنا

حرم شریف کی حدود میں شکار کرنا محرم اور غیر محرم دونوں کے لئے حرام ہے۔(۲)

شکاری کی اعانت

احرام باندھنے کے بعد خشکی کے جانور کو شکار کرنا، اسکی طرف شکار کرنے والے کے لئے اشارہ کرنا یا شکاری کو بتانا، اوراس کی اعانت کرنا منع ہے، اوراعانت کی صورت یہ ہے کہ چھری، نیزہ یا بندوق یا گولی وغیرہ فراہم کرنا یا پکڑا دینا وغیرہ۔(۳)

= الهندية : (۱/ ۲۵۱) كتاب المناسک ، الباب التاسع فی الصيد ، ط: رشديه .

(۱، ۲) صيد الحرم حرام على المحرم والحلال ، إلاّ ما استثناه الشارع . (لباب المناسک مع شرحه : (ص: ۵۲۸) باب الجنايات وأنواعها ، النوع السادس : فی الصيد ومايتعلق به ، فصل : فی صيد الحرم ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

وذبح الإبل والبقر والغنم والدجاج والبط الأهلی وقتل الهوام ...... (لباب المناسک مع شرحه : (ص: ۱۷۶) باب الإحرام ، باب مباحاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

غنية الناسک : (ص: ۲۹۹) باب الجنايات ، الفصل التاسع : فی صيد الحرم ، ط: إدارة القرآن .

لايحل قتل صيد الحرم ولا أخذه للمحرم والحلال جميعًا ،الاّ ما استثناه رسول الله ﷺ من الفواسق وغيرها من المؤذيات المبتدئة للأذى غالبًا ، فلايحل منه للحلال الاّ مايحلّ للمحرم .... (البحر العميق : (۲/ ۱۰۱۷) الباب التاسع ، فی ما يتعلق بحرم مكّة المعظمة ، الفصل الأوّل : فيما يرجع إلى الصيد ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة)

(۳) وقتل صيد البر ...... وأخذه ...... ودوام امساكه فی يده ...... و الإشارة إليه أی حال حضوره والدلالة أی حال غيبته، والإعانة عليه أی بنوع من أنواع الإعانة كإعارة سكين أو مناولة رمح و سوط . (إرشاد السارى : (ص: ۱۶۷ ، ۱۶۸) باب الإحرام ، فصل فی محرمات الإحرام، ط: الإمدادية مكّة المكّرمة)

الدر مع الرد : (۲/ ۴۸۷) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم ، ط: سعيد .

غنية الناسک : (ص: ۸۹) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ، ط: إدارة القرآن .

شلوار

''پاجامہ'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۲۳۶/۱)

شوال سے پہلے حج کا احرام باندھنا

''حج کا احرام شوال سے پہلے باندھنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۵۷/۱)

شوال سے پہلے عمرہ کر کے مکہ میں رہ گیا

جو کوئی مرد یا عورت شوال سے پہلے عمرہ کر کے مکہ مکرمہ میں رہ گیا اس آدمی کے لئے تمتع کرنا جائز نہیں ہے، اگر بالفرض حج تمتع کرے گا تو دم دینا لازم ہوگا۔

ہاں اگر ایسا آدمی عمرہ کا احرام باندھ کر رمضان المبارک میں عمرہ نہ کرے بلکہ رمضان کا مہینہ گزرنے کے بعد شوال کے مہینے میں عمرہ کرے، پھر اسی سال حج کرے تو یہ جائز ہے اور یہ تمتع ہو جائے گا۔(۱)

شوط

☆''بیت اللہ'' کے چاروں طرف ایک چکر لگانے کو ایک ''شوط'' کہتے ہیں۔

---

(۱) لاتمتع ، ولاقران ، ولاجمع بيهما فی غير أشهر الحج لأهل مكة وأهل المواقيت الخمسة ومن دونها إلى مكّة ...... وكل آفاقی صار فی حكم أهل مكّة كأن دخل الميقات لحاجة فی أشهر الحج أو قبلها ، فدخلت عليه أو مكة بعمرة فی أشهر الحج ، فأفسدها أو قبلها ، فدخلت عليه وقد طاف لها الأكثر ...... الاّ أن يعود إلى أهله حلالاً ، ثم يرجع إلى مكّة محرمًا بالعمرة فی قول أبی حنيفة رضی اللّٰه تعالىٰ عنه ...... فإن قارنوا ، أو تمتّعوا ، فقد أساء وا ، ويجب عليهم الدم لإساء تهم . (غنية الناسک : (ص: ۲۱۹ ، ۲۲۰) باب التمتّع ، فصل : لاتمتّع ولا قران لأهل مكة ، ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد الساری : (ص: ۳۸۵ ، ۳۸۶) باب التمتّع ، فصل : فی تمتّع المكی ومن فی معناه ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

🗀 الدر مع الرد : (۵۳۹/۲) كتاب الحج ، باب التمتّع ، ط: سعيد .

☆ طواف کی نیت کر کے بیت اللہ کے چاروں طرف سات مرتبہ گھومنے کو طواف کہتے ہیں اور ایک چکر کو ''شوط'' کہتے ہیں، یعنی اردو زبان کے ایک ''چکر'' کو عربی زبان میں شوط کہتے ہیں۔(۱)

شوہر پر حج فرض ہونے سے بیوی پر حج فرض ہوتا ہے یا نہیں

اگر بیوی مالدار نہیں تو شوہر پر حج فرض ہونے سے بیوی پر حج فرض نہیں ہوگا اور اگر بیوی بھی مالدار، صاحب استطاعت ہے تو بیوی پر بھی حج فرض ہوگا۔(۲)

شوہر دوسرے کو ظاہر کر کے حج کرنا

''دوسرے کی بیوی ظاہر کر کے حج کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔(۲/۲۹۸)

---

(۱) وإذا فرغ من الاستلام أی وما يتعلق به من الأحكام أخذ عن يمين نفسه ...... مما يلی الباب وجعل البيت عن يساره ...... فيطوف سبعة أشواط أی جمعا بين الركن والواجب وراء الحطيم أی الحجر وجوبًا ، ومن الحجر الأسود أی الركن الأسعد إليه أی إلی وصوله إليه ثانيًا شوط ...... (إرشاد الساری : (ص: ۱۸۷ ، ۱۸۸) باب دخول مكّة ، فصل فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک : (ص: ۱۰۳) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل فی الأخذ فی الطواف وكيفيّة أدائه ، ط: إدارة القرآن .

☜ البحر العميق : (۱۱۰۳/۲) الباب العاشر : فی دخول مكّة و فی الطواف والسعی ، فصل : يستحب الدخول من باب بنی شيبة ، ط: مؤسّسة الريان ، المكتبة المكيّة .

(۲) قال اللّٰه تبارک وتعالیٰ : ﴿ وللّٰه على النّاس حجّ البيت من استطاع إليه سبيلاً ﴾ (الآية : رقم : ۹۷ ، سورة آل عمران ، الجزء : ۴)

☜ السادس : الاستطاعة ، وهی القدرة على زاد يليق بحاله ، ولو لمكی ملكاً ، لا بالإباحة ، وعلى راحلة مختصّة به لغير مكی ومن حولها ، بالملک أو الإجارة ، ...... (غنية الناسک : (ص: ۱۶) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط الوجوب ، ط: إدارة القرآن)

☜ وقد تجب ...... على مسلم ...... حر مكلف ...... صحيح البدن بصير ذی زاد ...... و راحلة ...... فضلًا عما لابد منه . (الدر المختار مع رد المحتار : (۴۵۵/۲ ، ۴۵۸ ، ۴۵۹ ، ۴۶۱) كتاب الحج ، مطلب : فيمن حج بمال حرام ،ط : سعيد)

شوہر کا چچا

☆ شوہر کے سگے چچا کے ساتھ اور کوئی قرابت نہیں تو اس کے ساتھ حج کے لئے جانا جائز نہیں ہے، کیونکہ شوہر کے سگے چچا محرم نہیں ہیں، اور نامحرم کے ساتھ حج کے لئے جانا جائز نہیں ہے۔

☆ اگر شوہر کے چچا کے ساتھ حرمت اور قرابت کی کوئی رشتہ داری ہے تو پھر حکم مختلف ہوگا، مثلاً چچازاد اور تایازاد میں نکاح ہوا، شوہر کا جو چچا ہے وہ بیوی کا بھی سگا چچا ہے، تو ایسے چچا کے ساتھ حج کے لئے جانا جائز ہوگا۔(۱)

شہوت کے ساتھ بیوی کو ہاتھ لگایا

احرام کی حالت میں بیوی کو شہوت سے ہاتھ لگانے سے دم واجب ہو جاتا ہے، چاہے انزال ہو یا نہ ہو۔(۲)

---

(۱) الرابع : المحرم أو الزوج لإمرأة بالغة ، ولو عجوزًا ومعها غيرها من النساء الثقات والرجال الصالحين فی مسيرة سفرٍ ...... والمحرم من لايجوز له مناكحتها على التابيد بقرابة أو رضاع أو مصاهرة ...... (غنية الناسک : (ص: ۲۶ ، ۲۷) باب شرائط الحج ، فصل : أمّا شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد الساری : (ص: ۷۶ ، ۷۷) باب شرائط الحج ، النوع الثانی : شرائط الأداء ، الشرط الرابع : المحرم الأمين (أو الزوج) للمرأة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

☐ الدر مع الرد : (۴۶۴/۲) كتاب الحج ، مطلب : فی قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع ، ط: سعيد .

(۲) ولو جامع فيما دون الفرج ، أی من الفخذ و نحوه (قبل الوقوف أو بعده أو باشر) أی مباشرة فاحشةً (أو عانق) ولو بالعری (أو قبّل أو لمس بشهوة) قيد للكل فأنزل أو لم ينزل) أی فی الجمع (فعليه دم) كما فی المبسوط الهداية والكافی والبدائع ، وشرح المجمع وغيرها . (اللباب و شرح اللباب (إرشاد الساری) : (ص: ۳۸۰) فصل فی حكم دواعی الجماع ، ط: حقانيه) ، و: (ص: ۴۸۶) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الرابع : فی حكم الجماع و دواعيه ، فصل : فی حكم دواعی الجماع ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

☐ غنية الناسک : (ص: ۲۶۸) باب الجنايات ، الفصل السادس : فی الجماع و دواعيه ، ط: إدارة القرآن .

☐ البحر الرائق : (۱۴/۳) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

شیروانی

احرام کی حالت میں شیروانی پہننا منع ہے، اور جو کپڑا بدن کی ہیئت پر سلا ہوا ہے اس کا پہننا احرام کی حالت میں منع ہے۔(۱)

اگر پورا ایک دن یا ایک رات پہنے رہا تو دم لازم ہوگا اور اگر اس سے کم پہنا تو صدقہ دینا واجب ہوگا۔(۲)

شیطان کو کنکریاں مارنے کی علت کیا ہے

حج کے موقع پر شیطان کو جو کنکریاں ماری جاتی ہیں اس کا سبب غالبا حضرت ابراہیم علیہ السلام والا واقعہ ہی ہے مگر یہ علت نہیں، ایسے امور کی علت تلاش نہیں کی جاتی، بس جو حکم ہو اس کی تعمیل کی جاتی ہے، اور حج کے اکثر افعال اور ارکان عاشقانہ

---

(۱) ولبس المخيط أى على وجه المعتاد ، والقميص خص بالذكر ؛ لأنّه لا يجوز لبسه ولو عدم الإزار إتفاقًا ؛ لأنه لايمكنه أن يأتزر به ...... والسراويل .... (إرشاد السارى : (ص: ۱۲٦) باب الإحرام ، فصل فى محرمات الإحرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

ولبس المخيط ، قال الحلبى رحمه اللّٰه تعالىٰ : أن ضابطة لبس كل شيئ معمول على قدر البدن أو بعضه بحيث يحيط به خياطة ، أو تلزيق بعضه ببعض أو غيرهما ، ويستمسك عليه بنفس لبس مثله الا المكعب بكسر الميم ، وفتح العين ...... (غنية الناسک : (ص: ۸۵) باب الإحرام ، فصل فى محرمات الإحرام ، ...... ط: إدارة القرآن)

الدر مع الرد : (۴۸۹/۲) كتاب الحج ، فصل فى الإحرام ، مطلب : فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم ، ط: سعيد .

(۲) فإذا لبس مخيطًا يوماً كاملاً أو ليلةً كاملةً فدم ، المراد مقدار أحدهما ، فلو لبس من نصف نهار إلى نصف الليل من غير انفصال ، أو بالعكس لزمه ، وفى أقلّ من يوم و ليلة صدقة ، كذا فى المتون . (غنية الناسک : (ص: ۲۵۱) باب الجنايات ، الفصل الثانى : فى لبس المخيط ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساسرى : (ص: ۴۲۴ ، ۴۲۵) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الأوّل : فى حكم اللبس ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

الدر مع الرد : (۵۴۷/۲) كتاب الحج ، باب الجنايا ت، ط: سعيد .

انداز کے ہیں کہ عقلاء ان کی علتیں تلاش کرنے سے قاصر ہیں۔(۱)

شیطان کی رمی میں تاخیر کرنا

ایک شیطان کی رمی کے بعد دوسرے شیطان کی رمی میں دعا کے علاوہ تاخیر کرنا بھی مکروہ ہے۔(۲)

شیطان کے قریب سے کنکریاں اٹھانا

شیطان کے آس پاس سے کنکریاں لے کر مارنا جائز ہے البتہ جو کنکریاں شیطان کے اردگرد بنائے گئے حوض میں ہیں ان سے رمی کرنا صحیح نہیں ہے۔(۳)

---

(۱) والسر فی رمی الجمار ما ورد فی نفس الحدیث من أنّه إنّما جعل لإقامة ذكر اللّٰه عزّ وجلّ...... وأيضًا ورد فی الأخبار ما يقتضی أنّه سنّةٌ سنّها إبراهيم عليه السلام حين طرد الشيطان ، ففی حكاية مثل هٰذا الفعل تنبيه للنفس أیّ تنبيه . (حجة اللّٰه البالغة : (۲/ ۶۰) مبحث فی أبواب الحج ، صفة المناسک ، السر فی رمی الجمار ، ط: رشيديه دهلی)

والحكمة فيه ترجع إلی الاقتداء بسيدنا إبراهيم عليه الصلوٰة والسلام ؛ لأنّ اللّٰه تعالیٰ أوحیٰ له فی هٰذه الأراضی المقدّسة بذبح ولده فامتثل ، وقام ليصدع بأمر اللّٰه ، فوسوس له الشيطان بأن لايفعل هٰذا الذبح ، فأخذ إبراهيم عليه السلام حصيات ورماه بها ، ...... ولما كان إبليس وسوس فی هٰذا المكان لسيدنا إبراهيم وسيدنا إسماعيل والسيدة هاجر ، وكل منهم رمی عليه الجمرات ، فاقتداء بهم نرجم إبليس لعنة اللّٰه ...... (حكمة التشريع و فلسفته : (۱/ ۲۷۳) حكمة رمی الجمرات ، ط: أنصاری كتب خانه ، كابل)

البحر العميق : (۴/ ۱۸۸۲ ، ۱۸۸۳ ، ۱۸۸۴) الباب الثانی عشر : فی الأعمال المشروعة يوم النحر ، فصل : فيما يفعله الحاج أيّام التشريق ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكية .

(۲) ولايشترط الموالاة بين الجمرات ، ولا بين رميات جمرة واحدة ، بل يسن فيكره تركها . (غنية الناسک : (ص: ۱۸۶) باب رمی الجمار ، فصل : فی الترتيب بين الجمار الثلاث، تتمة ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری : (ص: ۳۵۱) باب رمی الجمار وأحكامه ، فصل : فی أحكام الرمی وشرائطه ، وواجباته ، الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

شامی : (۲/ ۵۱۴) كتاب الحج ، مطلب : فی رمی جمرة العقبة ، ط: سعيد .

(۳) ويكره أخذها من عند الجمرة ؛لأنّها مردودة لحديث " من قبلت حجته رفعت جمرته " ، =

شیمپو

احرام کی حالت میں چاہے احرام کھولنے سے پہلے ہی کیوں نہ ہو، خوشبو والے صابن یا شیمپو استعمال کرنے سے احتراز کرنا ضروری ہے، تاہم ان چیزوں کے استعمال کرنے کی صورت میں تفصیل یہ ہے کہ:

ا۔ ایسا خوشبودار صابن یا شیمپو جس کی خوشبو زیادہ ہے تو اس سے سر، چہرہ اور ہاتھ وغیرہ دھونے سے دم واجب ہوگا۔

۲۔ اور اگر ان چیزوں میں خوشبو ہلکی ہے اور بار بار نہیں دھویا تو صدقہ کرنا واجب ہوگا۔

۳۔ اور اگر ان چیزوں میں خوشبو بالکل نہ ہو تو استعمال سے کچھ واجب نہ ہوگا ، لیکن احرام والوں کے لئے جسم کا میل دور کرنا مکروہ ہے، اس لئے احرام کے دوران ایسا صابن اور شیمپو استعمال کرنے سے بھی پرہیز کرنا چاہئے۔(۱)

= وفی الرد : وما هی الا كراهة تنزيهية "فتح" أشار إلی أنّه يجوز أخذ من أیّ موضع سواه . (الدر مع الرد : (۲/۵۱۵) كتاب الحج ، مطلب فی رمی جمرة العقبة ، ط: سعید)

⊏ إرشاد الساری : (ص: ۳۱۴) باب أحكام المزدلفة ، فصل : فی رفع الحصی ، قبيل : باب مناسک منٰی ، ط: الإمداديه ، مكّة المكرّمة .

⊏ غنية الناسک : (ص: ۱۶۸) باب أحكام المزدلفة ، فصل : فی إفاضة من المشعر الحرام ورفع الحصی من المزدلفة وقدر الحصی ، ط: إدارة القرآن .

(۱) قال اصحابنا رحمهم اللّٰه تعالیٰ ان مايستعمل فی البدن ثلاثة أنواع : طيب محض معد للتطييب بـه كالمسک والزعفران والغالية والعنبر والكافور ونحوها تجب به الكفارة علی أیّ وجه استعمل حتٰی لو داوٰی عينيه أو شقوق رجليه تجب به الكفارة ، ونوع ليس بطيب بنفسه ولا فيه معنی الطيب كالالية والشحم فسواء أكله أو ادّهن به أو جعله فی شقوق رجليه فلاشیئ عليه . (غنية الناسک : (ص: ۸۹) باب الإحرام ، فصل فی محرمات الإحرام و محظوراته، ط: ادارة القرآن)

⊏ وفی قاضيخان : لو غسل المحرم باشنان فيه طيب ، فإن كان من رآه سمّاه اشنانًا كان عليه صدقة ، وإن كان سمّاه طيبًا كان عليه الدم ، وهٰكذا ذكر صاحب المحيط . (البحر العميق : =

....

= (۲/۸۴۰) الباب الثامن فی الجنایات و کفاراتها ، الفصل الثانی : التطیب ، والدّهن ، ط: مؤسسة الریّان ، المکتبة المکیّة)

خامسًا : التطیّب فی الثوب والبدن وتطریة الجلد بدهنه بالمطریات فعلی المحرم أن یجتنب ذٰلک لما روینا فی الحدیث السابق (ولاتمسوه طیبا) ولما أخرج الترمذی من حدیث ابن عمر أنه ﷺ قال : (الحاج الشعث التفل) والشعث المنتشر الشعر لقلة تعهده له ، والتفل التارک للطیب ، وقد مرّ معنیٰ قوله علیه الصلاة والسلام (ولا تلبسوا من الثیاب شیئًا مسه زعفران ولا ورس) لأن فیها رائحة طیبة والمنع للطیب لا للون . (الفقه الحنفی : (ص: ۴۸۵) کتاب الحج، محظورات الإحرام ، ط: دار القلم)

ولو غسل رأسه أو یده بأشنان فیه الطیب فإن کان من رآه سمّاه اشنانًا فعلیه صدقة الآن یغسل مرارًا فدم ولو غسل رأسه بالحرض والصابون لارِوایه فیه ، و قالوا لاشیئ فیه لأنّه لیس بطیب ولایقتل الهوام کذا فی الغنیة ، واللباب ، قلت : ولینظر حکم الصابون الّذی یلین الشعر ، ویقتل الهوام و فیه الطیب والظاهر مما ذکر أنّ فیه صدقة ولم أره صریحًا . (معلم الحجاج : (ص: ۲۳۷) ...... ط: مکتبه تهانوی)

فی مکروهاته : إزالة التفث بفتحتین أی الوسخ والدرن ، وکذا الشعث وهو تفرق الشعر ...... (إرشاد الساری : (ص: ۱۶۹) باب الإحرام ، فصل : فی مکروهاته ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

صابن

☆ ......اگر صابن خوشبودار نہیں ہے، یا دوسری میل کاٹنے والی چیز سے غسل کرنا احرام والے کے لئے جائز ہے، لیکن اس سے جوئیں نہ مرنے پائیں۔(۱)

☆ بلاخوشبو خالص صابن سے دھونے میں کوئی چیز واجب نہیں، لیکن احرام والوں کے لئے جسم کا میل دور کرنا مکروہ ہے۔(۲)

☆ ......صابن کے ذریعے ہاتھوں کی صفائی مقصود ہوتی ہے، خوشبو مقصود نہیں ہوتی، نیز اس کو دیکھنے والا خوشبو نہیں سمجھتا بلکہ صفائی کا ذریعہ سمجھتا ہے، اور اس میں خوشبو کے اجزاء کم اور صفائی کے اجزاء زیادہ ہوتے ہیں، اس لئے اس میں دم واجب نہیں ہوگا، ہاں صدقہ دینا لازم ہوگا۔(۳)

مزید تفصیل کے لئے ''شیمپو'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

---

(۱) لہ الاغتسال بالماء القراح وماء الصابون ،و الحرض ، ویکرہ بالسدر ونحوہ کمامرّ ، ولہ الاغتسال بأیّ ماء کان ولکن بحیث لایزیل الوسخ ، بل یقصد الطھارۃ أو دفع الغبار ، أو الحرارۃ ...... وأمّا إزالۃ الوسخ فمکروھۃ . وغسل الثوب للطھارۃ ، أو النظافۃ لایقصد قتل القملۃ والزینۃ . (غنیۃ الناسک : (ص: ۹۱ ، ۹۲) باب الإحرام ، فصل فی مباحات الإحرام ، ط: إدارۃ القرآن)

إرشاد الساری : (ص: ۱۷۲) باب الإحرام ، فصل : فی مباحاتہ ، ط: الإمدادیۃ ، مکّۃ المکرّمۃ .

الدر مع الرد : (۲/۴۹۰) کتاب الحج ، فصل فی الإحرام ، مطلب فیما یحرم بالإحرام ومالایحرم ، ط: سعید .

(۲) انظر الحاشیۃ السابقۃ رقم: ۱ .

(۳) وغسل الرأس واللحیۃ والجسد بالسدر ونحوہ ...... بخلاف غسلہ بصابون او دلوک او اشنان فإنّہ لایکرہ الاّ أن یزیل الوسخ . (غنیۃ الناسک فی بغیۃ المناسک : (ص: ۹۰) باب الإحرام ، فصل فی مکروھات الإحرام ، ط: ادارۃ القرآن) =

صابن سے بال صاف کرنا

’’دوا سے بال صاف کرنا‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/ ۲۹۵)

صاحب نصاب پر حج فرض ہے یا نہیں؟

اگر صاحب نصاب آدمی کے پاس قرض اور غیر حاضری کے ایام کے اہل و عیال کے خرچ کو نکالنے کے بعد اتنی رقم یا اس زیادہ موجود ہے جس کا حکومت کی طرف سے حج کے لئے اعلان ہوتا ہے تو اس پر حج کرنا فرض ہوگا، اور اگر صاحب نصاب کے پاس اتنی رقم موجود نہیں ہے تو اس پر حج فرض نہیں ہوگا۔(۱)

= الغسل أی الاغتسال بالماء القراح، وماء الصابون والاشنان، ويكره بالسدر لكن يستحب أن لا يزيل الوسخ بأیّ ماء كان بل يقصد الطهارة أو دفع الغبار، والحرارة. (لباب المناسک مع شرحه (إرشاد الساری): (ص: ۱۳۵) باب الإحرام، فصل فی مباحاته، ط: بيروت، و: (ص: ۱۷۲) ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

البحر العميق: (۲/ ۸۴۰) الباب الثامن فی الجنايات وكفاراتها، الفصل الثانی: التطيب والدهن، ط: مؤسسة الريّان المكتبة المكيّة.

(۱) فرض مرة على الفور على مسلم، حر، مكلف، صحيح، بصير، ذی زاد، و راحلةٍ، فضلاً عما لابد منه (كما مرّ فی الزكوٰة أی من بيان مالابدّ منه من الحوائج الأصلية كفرسه و سلاحه، وثيابه و عبيد خدمته وآلات حرفته وأثاثه و قضاء ديونه وأصدقته ولو مؤجلة كما فی اللباب وغيره، والمراد قضاء ديون العباد، ......) وعن نفقة عياله إلى عوده. (تنوير الأبصار مع الرد: (۲/ ۴۵۵، ۴۵۶، ۴۵۸، ۴۶۱، ۴۶۲، ۴۶۳) كتاب الحج، مطلب: فيمن حج بمال حرام، ط: سعيد)

السادس: الاستطاعة، وهی ملک الزاد والتمكن من الراحلة ...... ونصاب الوجوب (أی مقدار مايتعلق به وجوب الحج من الغنى ليس له حد من نصابٍ شرعی على ما فی الزكوٰة بل هو) ملک مال يبلغه إلى مكّة (بل إلى عرفة) ذاهبًا و جائيًا راكبًا فی جميع السفر لاماشيًا، بنفقة متوسطة فاضلاً عن مسكنه ...... ونفقة من عليه نفقته وكسوته وقضاء ديونه و أصدقة نسائه ولو مؤجلة إلى حين عوده. (لباب المناسک مع شرحه و إرشاد الساری: (ص: ۵۵، ۵۷، ۵۸، ۵۹) باب شرائط الحج، النوع الأوّل: شرائط الوجوب، السادس: الاستطاعة، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک: (ص: ۱۹) باب شرائط الحج، فصل: وأمّا شرائط الوجوب، ط: إدارة القرآن.

صبح صادق تک مزدلفہ میں نہیں ٹھہرا

”مزدلفہ میں صبح صادق تک نہیں ٹھہرا“ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۷۷/٤)

صحبت

☆طواف زیارت سے پہلے صحبت کرنا جائز نہیں ہے تاہم وقوف عرفات کے بعد سر منڈوانے سے پہلے صحبت کرنے سے حج فاسد نہیں ہوگا لیکن بڑا دم یعنی ایک پورا اونٹ یا پوری سالم گائے حدود حرم میں ذبح کرنا لازم ہوگا۔(۱)

☆طواف زیارت سے پہلے صحبت کرنے سے ایک بڑا دم یعنی اونٹ یا گائے حدود حرم میں ذبح کرنا لازم ہوگا۔(۲)

---

(۳) وإن جامع بعد الوقوف بعرفة أى ولو ساعة قبل الحلق أى ولو حال الوقوف ، وقبل طواف الزيارة كله أو أكثره أى بأن طاف منه ثلاثة أشواط ، لم يفسد حجه أى لأدائه الركن الأعظم الّذى لايفوت الاّ بفوته وهو الوقوف لقوله ﷺ " الحج عرفة " وعليه بدنة أى لجماعه قبل الحلق ...... سواء جامع عامدًا أو ناسيًا . (إرشاد السارى : (ص: ۴۸۱) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الرابع : فى حكم الجماع و دواعيه ، فصل : فى الجماع قبل الحلق وبعده ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسك : (ص: ۲۶۹) باب الجنايات ، الفصل السادس : فى الجماع و دواعيه ، مطلب : وأمّا لو جامع بعد وقوفه ، ط: إدارة القرآن .

☜ البحر العميق : (۸۷۹/۲) الباب الثامن : فى الجناياة وكفاراتها ، الفصل الخامس : الجماع ودواعيه ، إن جامع بعد الوقوف بعرفة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

(۲) لو جامع أوّل مرّة بعد الحلق قبل الطواف ، فعليه شاة ، وقيل : بدنة ، (...... وأطلق فى المسعودى حيث قال : إن جامع بعد الحلق قبل الطواف ، فعليه بدنة . وهٰذا الإطلاق هو الأظهر ؛ لأنّ حلقه بالنسبة إلى الجماع كلاحلق ، ويستوى فيه القارن والمفرد ، قال ابن الهمام : وقول موجب البدنة أوجه ؛ لأنّ المذكور فى ظاهر الرواية إطلاق لزوم البدنة بعد الوقوف ، من غير تفصيل بين كونه قبل الحلق أو بعده . (لباب المناسك مع شرحهٖ و إرشاد السارى : (ص: ۴۸۲ ، ۴۸۳) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الرابع : فى حكم الجماع و دواعيه ، فصل : فى جماع القارن أوّل مرّة بعد الحلق قبل الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ فشرائط وجوب البدنة بالجماع ثلاثة : الأوّل : أن يكون الجماع بعد الوقوف ، الثانى : أن يكون=

☆ سر منڈوانے کے بعد طواف زیارت سے پہلے صحبت کرنے سے حج فاسد نہیں ہوگا لیکن اس صورت میں بھی ایک اونٹ یا گائے حدود حرم میں ذبح کرنا لازم ہوگا۔(۱)

صحبت کرنا

''عمرہ کے بعد حج سے پہلے'' کے عنوان کو دیکھیں۔(۳/ ۲۱۲)

صحرائی زمین

اگر صحرائی زمین اس قدر ہے کہ اس کی آمدنی اور پیداوار اس کے اور اس کے اہل وعیال کے سالانہ خرچ سے زیادہ نہیں ہے تو اس پر حج فرض نہیں اور زمین فروخت

= قبل الطواف و قبل الحلق عند الجمهور وأمّا على قول المحققين : فقبل الطواف قبل الحلق أو بعده ، الثالث : أن يكون الجماع أوّل مرّة ، فلو جامع مرّة ثانية ، فعلى كل واحد شاة مع البدنة . (غنية الناسک : (ص: ۲۷۱) باب الجنايات ، الفصل السادس : في الجماع و دواعيه ، تنبيه : ط: إدارة القرآن)

🗁 الدر مع الرد : (۲/ ۵۶۰) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۱) ولو جامع أوّل مرّة بعد الحلق قبل الطواف ، فعليه شاة ، وقيل : بدنة ، (...... وأطلق في المسعودي حيث قال : إن جامع بعد الحلق قبل الطواف ، فعليه بدنة . وهٰذا الإطلاق هو الأظهر ؛ لأنّ حلقه بالنسبة إلى الجماع كلاحلق ، ويستوي فيه القارن والمفرد ، قال ابن الهمام : وقول موجب البدنة أوجه ؛ لأنّ المذكور في ظاهر الرواية إطلاق لزوم البدنة بعد الوقوف ، من غير تفصيل بين كونه قبل الحلق أو بعده . (لباب المناسک مع شرحه و إرشاد الساري : (ص: ۴۸۲ ، ۴۸۳) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الرابع : في حكم الجماع و دواعيه ، فصل : في جماع القارن أوّل مرّة بعد الحلق قبل الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 فشرائط وجوب البدنة بالجماع ثلاثة : الأوّل : أن يكون الجماع بعد الوقوف ، الثاني : أن يكون قبل الطواف و قبل الحلق عند الجمهور وأمّا على قول المحققين : فقبل الطواف قبل الحلق أو بعده ، الثالث : أن يكون الجماع أوّل مرّة ، فلو جامع مرّة ثانية ، فعلى كل واحد شاة مع البدنة . (غنية الناسک : (ص: ۲۷۱) باب الجنايات ، الفصل السادس : في الجماع و دواعيه ، تنبيه : ط: إدارة القرآن)

🗁 الدر مع الرد : (۲/ ۵۶۰) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

کرنا لازم نہیں۔(۱)

صدری

احرام کی حالت میں ''صدری'' پہننا منع ہے، اور جو کپڑا بدن کی ہیئت پر سلا ہوا اس کا پہننا احرام کی حالت میں مردوں کے لئے منع ہے۔(۲)
عورتوں کے لئے منع نہیں ہے۔(۳)

---

(۱) وإن كـان لـه من الضياع مالو باع مقدار مايكفى الزاد والراحلة ، يبقى بعد رجوعه من ضيعته قـدر مـايـعيـش بـغلته الباقى ، يفترض عليه الحج ، وإلاّ فلا . (غنية الناسک : (ص: ۲۰ ، ۲۱) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط الوجوب ، تنبيه ، ط: إدارة القرآن)

☜ إرشاد السارى : (ص: ۶۰ ، ۶۱) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

☜ شـامـى : (۲/۴۶۲) كتـاب الـحـج ، قبيـل : مـطـلـب : فى قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع ، ط: سعيد .

(۲) ولبـس الـمـخيـط أى عـلـى وجه المعتاد ، والقميص ...... والسراويل ...... (إرشاد السارى : (ص: ۱۶۶) باب الإحرام ، فصل : فى محرمات الإحرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ ولبـس الـمـخيـط ، قـال الـحلبى رحمه اللّٰه تعالىٰ أن ضابطه لبس كل شيئ معمول على قدر البـدن ، أو بـعضه بحيث يحيط به بخياطته . (غنية الناسک : (ص: ۸۵) باب الإحرام ، فصل : فى محرمات الإحرام ،ط : إدارة القرآن)

☜ الدر مع الرد : (۲/۴۸۹) كتاب الحج ، فصل : فى الإحرام ، مطلب : فى ما يحرم بالإحرام ومالايحرم ، ط: سعيد .

(۳) هى فيه كالرجال غير أنّها لاتكشف رأسها وتكشف وجهها ......وتلبس من المخيط مابدا لها كـالـدرع والـقـميـص ، والسـراويـل ، والـخـفيـن ، والـقفازين ، وقوله عليه الصلوٰة والسلام : '' ولاتـلبـس الـقـفـازيـن '' هـى ندب ، (غنية الناسک : (ص: ۹۴) باب الإحرام ، فصل فى إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن)

☜ إرشـاد السـارى : (ص: ۱۶۲) بـاب الإحرام ، فصل فى إحرام المرأة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

☜ الدر مع الرد : (۲/۵۲۸) كتاب الحج ، قبيل : باب القران ،ط : سعيد .

اگر ”صدری“ ایک دن یا ایک رات پہنے رہا تو دم دینا لازم ہوگا اس سے کم میں صدقہ دینا واجب ہوگا۔(۱)

صدقہ

☆ اگر صدقہ مطلق بولا جائے تو اس سے نصف صاع گندم یا ایک صاع کھجور، کشمش یا جو مراد ہوتا ہے اور ایک صاع ساڑھے تین کلو ہے اور نصف صاع سے پونے دو کلو مراد ہے جو احتیاط کے طور پر دو کلو کہا جاتا ہے، آسان الفاظ میں صدقہ کا لفظ مطلق ہونے کی صورت میں صدقۂ فطر کی مقدار مراد ہوتی ہے۔

☆ اور جس جگہ پر صدقہ کی مقدار ذکر کی جاتی ہے وہاں پر وہی مقدار مراد ہوتی ہے۔(۲)

صدقۂ جنایت کئی فقیروں میں تقسیم کرنا

صدقۂ جنایت میں صدقۂ فطر کی بقدر جنایت ہونے کی صورت میں ایک

---

(۱) فإذا لبس مخيطًا يومًا كاملاً أو ليلةً كاملةً فعليه دم وفى أقلّ من يوم أو ليلة صدقة . (لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ۴۲۴ ، ۴۲۵) باب الجنايات وأنواعها ، البوع الأوّل : فى حكم اللبس ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک : (ص: ۲۵۱) باب الجنايات ، الفصل الثانى : فى لبس المخيط ، ط: إدارة القرآن .

▭ الدر مع الرد : (۵۴۷/۲) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۱) حيث اطلق الصدقة فالمراد نصف صاع من بر أو صاع من غيره ، كالتمر والشعير إلاَّ فى جزاء اللبس ...... والطيب والحلق ...... فالمراد فيه ...... من الصدقة ثلاثة أصوع من برٍ أو ستة أصوع من غيره ...... وإلاَّ فى قتل الجراد ...... والقمل ...... ففيها ...... يطعم شيئًا أى من الصدقة ولو يسيرًا . (إرشاد السارى : (ص: ۵۲۰) باب جزاء الجنايات وكفاراتها ، فصل : فى أحكام الصدقة وشرائط جوازها ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

▭ البحر العميق : (۸۰۷/۲) الباب الثامن ، فى الجنايات و كفاراتها ، الفصل الأوّل : حكم اللّبس ، ط: مؤسسة الريّان المكتبة المكيّة .

▭ غنية الناسک : (ص: ۲۶۳) باب الجنايات ، فصل : فى شرائط كفاراتها الثلاث ، مطلب : فى شرائط جواز الصدقة ، ط: ادارة القرآن .

صدقہ ایک مسکین ہی کو دینا ضروری ہے، اگر ایک صدقہ کی رقم دو یا زیادہ مسکینوں میں تقسیم کی جائے گی تو صدقہ ادا نہیں ہوگا۔(۱)

صفا

☆...... بیت اللہ شریف کے مشرقی جنوبی گوشہ کے قریب ایک چھوٹی سی پہاڑی ہے جس سے سعی شروع کی جاتی ہے۔(۲)

☆......صفا کی بلندی کے اول حصہ پر چڑھنا جہاں سے بیت اللہ نظر آجائے کافی ہے، بعض لوگ بالکل دیوار تک چڑھ جاتے ہیں، یہ صحیح نہیں ہے۔(۳)

☆......''صفا'' صاف پتھر کو کہتے ہیں، چونکہ صفا کا پہاڑ صاف ستھرا تھا اس

---

(۱) والا ان الزكاة والفطرة يشترط فى صرفهما التمليک ، وفى ما سواهما يكفى الإباحة أيضًا ، وأيضًا يجوز فيها التفريق لا فى صدقة الكفارة . (غنية الناسک : (ص: ۳۵۶) باب الهدايا ، فصل : فى أحكام الهدايا بعد الذبح ، ط: ادارة القرآن)

☐ إرشاد السارى : (ص: ۵۶۲) باب فى جزاء الجنايات وكفاراتها ، فصل : فى أحكام الصدقة ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

☐ البحر العميق : (۸۰۹/۲ ، ۸۱۰) الباب الثامن ، فى الجنايات وكفاراتها ، الفصل الأوّل : حكم اللّبس ، ط: مؤسسة الريّان ، المكتبة المكيّة .

(۲)

(۳) ويصعد عليه أى يطلع على الصفا حتى يرى البيت أى الكعبة من الباب أى من باب الصفا المحاذى لها ، لا من فوق الجدار أى لايلزمه أى يصعد بحيث أنّه يرى البيت من فوق جدار المسجد . إن أمكنه ...... وإلا فقدر ما يمكنه ...... وما يفعله بعض أهل البدعة والجهلة المتوسوسة من الصعود عليه حتى يلصقوا أنفسهم بالجدر . فهو خلاف طريقة أهل السنة والجماعة . (إرشاد السارى : (ص: ۲۴۲) باب السعى بين الصفا والمروة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☐ غنية الناسک : (ص: ۱۲۸) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل : فى كيفية أداء السعى ، ط: إدارة القرآن .

☐ شامى : (۵۰۰/۲) كتاب الحج ، مطلب : فى السعى بين الصفا والمروة ، ط: سعيد .

لئے اس کا نام ''صفا'' رکھا گیا یا صفا پر آدم صفی اللہ علیہ السلام بیٹھے تھے، اس لئے ''صفا
'' پہاڑ کہتے ہیں، اور مروہ پر ان کی بیوی بیٹھی تھیں۔(۱)

صفا مروہ کا حکم توسیع کے بعد

''صفا مروہ کی توسیع'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۴۵/۳)

صفا مروہ کی توسیع

صفا اور مروہ دو پہاڑوں کے نام ہیں، اور پہاڑ لمبے اور چوڑے ہوتے ہیں۔(۲)

صفا مروہ جبل ہیں، عربی زبان میں چھوٹے پہاڑ کو جبل نہیں کہتے، جب صفا اور مروہ لمبے چوڑے پہاڑ ہیں تو توسیع کے بعد مسعی (سعی کی جگہ) بھی چوڑی ہوگی، بلکہ کسی زمانے میں تو ان دونوں پہاڑوں کے درمیان مکانات تھے اور لوگ مکانات سے باہر کی طرف سعی کرتے تھے، خلیفہ مہدیؒ نے ان مکانات کو منہدم کرادیا تھا اور ان میں سے بعض حصے کو مسجد حرام میں داخل کرادیا تھا اور بعض کو چھوڑ دیا تھا، پھر ایک زمانہ تک صفا مروہ کے دونوں اطراف میں دکانیں بنی ہوئی تھیں، سعودی حکومت نے ان کو بھی منہدم کردیا، اور آج کل صفا اور مروہ میں چوڑائی کے اعتبار سے بہت توسیع

---

(۱) (والسعی) وعند الأئمة الثلاثة هو ركن (بين الصفا) سمّي به؛ لأنّه جلس عليه آدم صفوة اللّٰه، (والمروة) لأنّه جلس عليه امرأته وهي حواء ولذا أنثت. (الدر مع الرد: (۴۶۸/۲) كتاب الحج، مطلب: في فروض الحج و واجباته، ط: سعيد)

☐ ثم اعلم أنّ أصل الصفا في اللغة الحجر الأملس وهو والمروة جبلان معروفان بمكّة، وكان الصفا مذكرًا؛ لأنّ آدم عليه السلام وقف عليه فسمي به، و وقفت حواء على المروة فأنث لذلك، كذا ذكر القرطبي في تفسيره.

☐ البحر الرائق: (۳۳۳/۲) كتاب الحج، باب الإحرام، ط: سعيد.

☐ الجامع لأحكام القرآن للقرطبي: (ص: ۱۷۹/۲) تفسير سورة البقرة، رقم الآيه: ۱۵۸، ط: دار عالم الكتب رياض.

(۲) الصفا: العريض من الحجارة الأملس، جمع صفاة، يكتب بالألف...... ومنه الصفا والمروة، =

کردی گئی ہے، اور ۱۴۳۰ھ تک جتنا چوڑا تھا اس کا ڈبل کر دیا ہے، تو یہ توسیع صحیح ہے اور اس میں سعی کرنا درست ہے۔

صفا، مروہ مسجد حرام میں داخل ہیں یا نہیں؟

صفا مروہ مسجد حرام کا حصہ نہیں ہیں، اور یہ مسجد حرام میں داخل نہیں ہیں۔(۱)
اور یہ دونوں مستقل طور پر شعائر اسلام میں داخل ہیں اس لئے وہاں آنے کیلئے پاکی شرط نہیں ہے، باقی پاکی کی حالت میں آنا بہتر اور ادب کے مطابق ہے۔(۲)

= وهما جبلان بين بطحاء مكة والمسجد ...... الصفا : اسم أحد جبلى المسعى ، والصفا موضع بمكة .(لسان العرب : (۴۶۲/۱۴) مادة : صفا ، ط: دار صادر بيروت)
الجبل : اسلم لكل وتد من اوتاد الأرض إذا عظم و طال . (لسان العرب : (۹۶/۱۱) تحت مادة الجبل ، ط: بيروت)
المرو ...... واحدتها " مروةً " ومروة المسعى الّتى تذكر مع الصفا وهى أحد راسيه الّذين ينتهى السعى إليها سميت بذٰلك ...... والمروة جبل مكّة شرّفها اللّٰه تعالىٰ فى التنزيل العزيز : ﴿إنّ الصفا والمروة من شعائر اللّٰه﴾ . (لسان العرب : (۲۷۵/۱۵) مادة : مرا ، ط: دار صادر، بيروت)
المعجم الوسيط : (۸۶۵/۲) باب الميم ، ط: دار الدعوة .
المنجد فى الأعلام : (ص: ۳۴۵)
معجم البلدان : (۴۱۱/۳)
الجامع لأحكام القرآن : (۱۷۹/۲) البقرة ، رقم الآية : ۱۵۸ ، ط: دار عالم الكتب ، رياض .
(۱) وأمّا أنّه عليه السلام خرج من باب بنى مخزوم ، فاسنده الطبرانى عن ابن عمر أنّ رسول اللّٰه ﷺ خرج من المسجد إلى الصفا من باب بنى مخزوم ، واسند أيضًا عن جابر رضى اللّٰه عنه أنّ النّبىّ ﷺ ...... ثم خرج من باب الصفا ...... الخ . (فتح القدير : (۳۶۱/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: رشيديه)
وفى أيضًا : (قوله : ثمّ يخرج إلى الصفا) مقدما رجله اليسرىٰ حال الخروج من المسجد قائلاً باسم اللّٰه ، والسلام على رسول اللّٰه ﷺ اللهم اغفرلى ذنوبى وافتح لى أبواب رحمتك وادخلنى فيها . (فتح القدير : (۳۶۱/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: رشيديه)
(۲) ﴿إنّ الصّفا والمروة من شعائر اللّٰه فمن حجّ البيت أو اعتمر فلا جناح عليه أن يطّوّف بهما﴾ (سورة البقرة : ۱۵۸) =

صفا مسجد حرام میں داخل نہیں

"صفا مروہ مسجد حرام میں داخل ہیں یا نہیں" عنوان کے تحت دیکھیں۔ (٣/٤٦)

صفوں کا حکم

☆ اگر حرم شریف میں جماعت کی نماز کے دوران صفوں کے درمیان فاصلہ رہے گا تو نماز ہوجائے گی، اقتدا بھی صحیح ہوجائے گی، البتہ جان بوجھ کر صفوں کو متصل نہ کرنا اور درمیان میں فاصلہ رکھنا مکروہ ہے۔

☆ حرم شریف سے باہر اگر صفیں متصل ہیں، درمیان میں فاصلہ نہیں تو نماز صحیح ہوجائے گی، اور اگر صفوں کے درمیان میں سڑک یا زیادہ فاصلہ ہے تو اقتدا صحیح نہیں ہوگی اور نماز بھی صحیح نہیں ہوگی ایسی نماز کو دوبارہ پڑھنا لازم ہوگا۔(۱)

صلوۃ وسلام پڑھنا

"درود وسلام پڑھنا" عنوان کو دیکھیں۔ (٢/ ٢٧١)

= ☜ فی مستحبّاته : ...... والطهارة ، أی مطلقا فی الثوب والبدن عن النجاسة الحقيقية والحكمية كبرٰی وصغرٰی . (إرشاد الساری : (ص : ۲۵۵) باب السعی بين الصفا والمروة ، فصل : فی مستحباته ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک : (ص: ۱۳۵) باب السعی بين الصفا والمروة ، فصل : فی سنن السعی ، ط: إدارة القرآن .

(۱) ☜ (ويمنع من الاقتداء) ...... (طريق تجری فيه عجلة) آلة يجرها الثور (أو نهر تجری فيه السفن) ...... (أو خلاء) أی فضاء (فی الصحراء) أو فی مسجد كبير جدا كمسجد القُدس (يسع صفين) ......(الدر مع الرد : (۱/ ۵۸۴ ، ۵۸۵) كتاب الصلاة ، باب الإمامة ، ط: سعيد)

☜ الهندية : (۱/ ۸۷) كتاب الصلاة ، الباب الخامس : فی الإمامة ، الفصل الرابع : فی بيان ما يمنع الصحة الاقتداء ومالايمنع ، ط: رشيديه .

☜ بدائع الصنائع : (۱/ ۱۴۵) كتاب الصلاة ، فصل : وأمّا شرائط الأركان ، قبيل : فصل : وأمّا واجباتها بصفحة ، ط: سعيد .

طائف سے آنے والا

☆ ''طائف'' میقات سے باہر ہے وہاں سے احرام کے بغیر آنا صحیح نہیں ہے، لہذا طائف سے مکہ مکرمہ آنے والے کا مقصد کچھ بھی ہو (جمعہ کی نماز پڑھنے کا ارادہ ہو، یا دوست احباب سے ملنا مقصد ہو یا حج یا عمرہ کی نیت ہو، یا کوئی کاروباری تجارتی غرض ہو ان تمام صورتوں میں) میقات سے حج یا عمرہ کا احرام باندھ کر آنا لازم ہوگا، اگر ایسے لوگ میقات سے احرام باندھے بغیر مکہ مکرمہ آگئے اور واپس میقات آکر احرام نہیں باندھا تو وہ گنہگار رہوں گے اور ان کے ذمہ حج یا عمرہ بھی واجب ہوگا۔(۱)

حنفی مذہب کے مطابق ایسے لوگ جتنی مرتبہ طائف سے احرام کے بغیر مکہ مکرمہ آئیں گے ان کے ذمہ اتنے ہی عمرے لازم ہوں گے، اور میقات سے احرام باندھ کر نہ آنے کی وجہ سے جو کوتاہی ہوئی ہے اس پر استغفار کرنا بھی لازم ہے۔(۲)

☆ اگر طائف سے آنے والا آدمی میقات سے احرام باندھے بغیر مکہ مکرمہ آگیا اور میقات کے اندر آکر احرام باندھ کر حج یا عمرہ کیا تو دم دینا لازم ہوگا۔(۳)

☆ اور اگر واپس میقات جاکر احرام باندھ لیا، یا میقات کے اندر آکر احرام باندھنے کے بعد طواف شروع کرنے سے پہلے واپس میقات جاکر تلبیہ پڑھ لیا تو دم ساقط ہو جائیگا۔(۴)

☆ طائف کی میقات طائف کے راستہ میں ''السیل الکبیر'' یا

---

(۱) انظر الحاشية الآتية، رقم: ۲، على الصفحة الآتية، رقم: ۴۹.

(۲) انظر الحاشية الآتية، رقم: ۱، على الصفحة الآتية، رقم: ۵۰.

(۳) انظر الحاشية الآتية، رقم: ۲، على الصفحة الآتية، رقم: ۵۰.

(۴) انظر الحاشية الآتية، رقم: ۲، على الصفحة الآتية، رقم: ۵۰.

"السیل الصغیر" ہے۔(۱)

طائف سے احرام کے بغیر آنا

☆......طائف میقات سے باہر ہے، لہذا وہاں سے احرام کے بغیر مکہ مکرمہ آنا صحیح نہیں۔

☆......طائف سے مکہ مکرمہ آنے والے لوگ حج یا عمرہ کی نیت سے آئیں یا محض کسی ضروری کام سے مکہ مکرمہ آئیں یا صرف حرم شریف میں جمعہ کی نماز پڑھنے یا طواف کرنے کے لئے آئیں ہرصورت میں طائف سے آتے ہوئے میقات سے احرام باندھنا ضروری ہے ورنہ دم بھی لازم ہوگا اور ایک حج یا ایک عمرہ کی قضاء بھی لازم ہوگی۔(۲)

---

(۱) عن جابر و عن عمرو بن شعیب عن أبیه عن جدّه قال وقت رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم لأهل المدینة من ذی الحلیفة ...... ولأهل الطائف قرن . (مسند أحمد : (۲/۱۸۱) مسند عبد اللّٰه بن عمرو رضی اللّٰه عنهما ، رقم الحدیث : (۶۶۹۷) ط: مؤسّسة قرطبة ، القاهرة .

▭ مجمع الزوائد للهیثمی : (۳/۲۷۵) أبواب المیقات ، وقال رواه أحمد وفیه الحجاج بن ارطاة ، وفیه کلام وقد وثق .

" السیل الکبیر " الموضع المعروف قدیما باسم قرن المنازل . المفصل فی تاریخ العرب قبل الإسلام ، (۱۵/۱۱ ۲) الفصل الثانی و العشرون بعد المائة ، المسند . ومشتقاتها ، مدخل ، ط: دار الساقی ، الطبعة الرابعة ۱۴۲۲ھـ ۲۰۱۱م .

▭ " قرن " قرن المنازل ، وهو مایعرف الیوم باسم " السیل الکبیر " وما زال الوادی یسمی قرنا ، والبلدة تسمی " السیل " ، وهو علی طریق الطائف من مکّة المار بنخلة الیمانیة یبعد عن مکّة ۸۰ کیلا وعن الطائف ۵۳ کیلا . (المعالم الجغرافیة الواردة فی السیرة البنویة)، (۱/۳۸۱) قرن ، مصدر الکتاب موقع الإسلام) www.al.islam.com

(۲) وحکمها وجوب الإحرام منها لأحد النسکین أی بالإجماع مع جواز تقدیمه علیها أیضًا بلا خلاف وتحریم تأخیره عنها ...... لمن أراد دخول مکّة أو الحرم وإن کان لقصد التجارة أو غیرها أی من إرادة النزهة أو دخول بیته ولم یرد نسکًا ...... ولزوم الدم بالتأخیر ...... و وجوب أحد النسکین أی إن لم یحرم عند دخولها أو بعده إلی أن دخل مکّة ، فیلزم التلبّس بعمرة أو حجة لیقوم بحق =

اگر احرام کے بغیر متعدد دفعہ آنا ہوا تو جتنی بار احرام کے بغیر آیا اتنے ہی دم اور اتنے ہی عمرے اس پر واجب ہوں گے۔(۱)

اگر کوئی شخص میقات سے احرام کے بغیر گزر گیا تو اس پر لازم ہے کہ مکہ مکرمہ میں داخل ہونے سے پہلے پہلے میقات پر واپس لوٹے اور وہاں سے احرام باندھ کر جائے، اگر وہ میقات پر واپس نہیں لوٹا تو اس کے ذمہ ''دم'' واجب ہوگا۔(۲)

طواف

''بیت اللہ'' کے چاروں طرف مخصوص طریقے سے سات چکر لگانے کو

= حرمة البقعة . (إرشاد الساری : (ص: ١١٣) باب المواقيت ، النوع الثانی : الميقات المكانی ، فصل : فی مواقيت أهل الآفاقی ، أحكام مواقيت أهل الآفاقی ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک : (ص: ٥٣) باب المواقيت ، فصل : أمّا مواقيت أهل الافاق ، ط: إدارة القرآن.

▭ البحر العميق : (١/٢٠٨) الباب السادس : فی المواقيت ، الميقات المكانی ، الإحرام من هٰذه المواقيت ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

(١) ولو دخلها مرارًا بغير إحرام فعليه لكل دخول نسکٌ ، حج أو عمرة ، بيان لنسک ، وكذا لكل دخول دم مجاوزة ...... (إرشاد الساری : (ص : ١٢٤) باب المواقيت ، فصل : فی مجاوزة الميقات بغير إحرام ،ط : الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ البحر العميق : (١/٦٢٣) الباب السادس : فی المواقيت ، فصل : فی مجاوزة الميقات بغير إحرام ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

▭ غنية الناسک : (ص: ٦٢) باب مجاوزة الميقات بغير إحرام ، فصل : فی مجاوزة الآفاقی وقته ، مطلب : فی دخول مكّة بغير إحرام ،ط : إدارة القرآن .

(٢) من جاوز وقته أی ميقاته الّذی وصل إليه ...... غير محرم بالنصب على الحال ثم أحرم أی بعد المجاوزة أولا أی لم يحرم بعدها فعليه العود أی فيجب عليه الرجوع إلى وقت أی إلى ميقات من المواقيت ...... وإن لم يعد أی مطلقًا فعليه دم أی لمجاوزة الوقت . (إرشاد الساری : (ص: ١١٨ ، ١١٩) باب المواقيت ، فصل : فی مجاوزة الميقات بغير إحرام ،ط : الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک : (٦٠ ، ٦٢) باب مجاوزة الميقات بغير إحرام ، ط:فصل : فی مجاوزة الآفاقی وقته ،ط: إدارة القرآن .

▭ البحر العميق : (١/٦١٨ ، ٦٢٠) الباب السادس : فی المواقيت ، فصل : فی مجاوزة الميقات بغير إحرام ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

''طواف'' کہتے ہیں۔(۱)

طواف آدم علیہ السلام

''آدم علیہ السلام کا طواف''عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۷۶)

طواف اجرت پر کرانا

''اجرت پر طواف کرانا''عنوان کو دیکھیں۔(۱/۸۶)

طواف افاضہ

طواف افاضہ،طواف وداع کو کہتے ہیں۔(۲)

طواف افضل ہے یا عمرہ؟

☆......عمرہ سے طواف زیادہ افضل ہے مگر شرط یہ ہے کہ عمرہ کرنے پر جتنا وقت لگتا ہے اتنا وقت یا اس سے زیادہ وقت طواف پر خرچ کرے، ورنہ عمرہ کی جگہ

---

(۱) الطواف هو الدوران حول الكعبة أربعة أشواط أو أكثر إلى تمام السبعة كيف ماحصل . (غنية الناسک : (ص: ۱۰۹) باب هية الطواف وأنواعه ، ط: إدارة القرآن)

🗀 القاموس الوحيد : (ص: ۱۰۲۱) باب الطاء ، ط: إدارهٔ اسلاميات .

🗀 المعجم الوسيط : (۲/ ۵۷۱) باب الطاء ، ط: دار الدعوة .

(۲) الثالث : طواف الصدر ، بفتحتين ، بمعنى الرجوع ...... ولذا يسمّى طواف الرجوع ، ويسمّى طواف الوداع ، بفتح الواؤ ، و بكسرها لموادعته البيت أو الحج ، لعدم صحته بدونه...... ويسمّٰى طواف الإفاضة لكونه لايصحّ الاّ بعد المراجعة من الوقوف وأداء طواف ركنه، وطواف آخر عهد بالبيت ؛ لأنّه يسنّ وقوعه حينئذٍ عندنا . (إرشاد السارى : (ص: ۲۰۱) باب أنواع الأطوفة أو أحكامها ، الثالث : طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗀 شامى : (۲/ ۵۲۳) كتاب الحج ، مطلب : فى طواف الصدر ، ط: سعيد .

🗀 البحر العميق : (۴/ ۱۹۰۶) الباب الثانى عشر : فى الأعمال المشروعة يوم النحر ، فصل: النفر م منىٰ إلى مكّة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

ایک دوطواف کر لینے کو افضل نہیں کہا جائے گا۔(۱)

☆ میقات سے باہر رہنے والوں کے لئے نفلی نماز سے نفلی طواف کرنا افضل ہے۔(۲)

☆......زیادہ سے زیادہ طواف کرنا، زیادہ سے زیادہ عمرہ کرنے سے بہتر ہے، کیونکہ طواف ایک مستقل عبادت ہے اور ہر حالت میں جائز ہے، جب کہ ایک سال میں کثرت سے عمرے کرنا بعض فقہاء کے نزدیک مکروہ ہے۔

اور کثرت طواف عمرہ سے اس وقت افضل ہوتا ہے جب کہ طواف کرنے میں اتنا وقت مشغول رہے جتنا وقت عمرہ ادا کرنے میں لگتا ہے، ورنہ طواف عمرہ سے افضل نہیں۔(۳)

---

(۱) والطواف أفضل من العمرة إذا شغل به مقدار زمن العمرة . (غنية الناسک : (ص: ۱۳۸) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل : فیما ینبغی له الاعتناء به بعد الفراغ من السعی ، أیّام مقامه بمكّة ، ط: إدارة القرآن)

▭ البحر العمیق : (۱۳۱۸/۳ ، ۱۳۱۹) الباب العاشر ، فصل : مایستحب للحاج فی مدّة مقامه بمكّة ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة .

▭ شامی : (۵۰۲/۲) کتاب الحج ، مطلب : الصلاة أفضل من الطواف وهو أفضل من العمرة، ط: سعید .

(۲) وطواف التطوع أفضل من صلاة التطوّع للغرباء وعکسه لأهل مكّة أی ومن فی معناهم من المتوطنین بها ، وذٰلک لأنّ الصلاة وإن کانت أم العبادات ، وأفضل موضوع فی الطاعات ، إلاّ أنّها تتصور کثرتها فی جمیع الجهات ، والطواف یختصّ وجوده بالکعبة ذات البرکات . (إرشاد الساری : (ص: ۲۳۸ ، ۲۳۹) باب أنواع الأطوفة وأحکامها ، فصل : فی مسائل شتی ، ط: الإمدادیة ، مكّة المکرّمة)

▭ غنیة الناسک : (ص: ۱۳۷) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل : فیما ینبغی له الاعتناء به بعد الفراغ من السعی أیّام مقامه بمكّة ، ط: إدارة القرآن .

▭ البحر العمیق : (۱۳۰۵/۳) الباب العاشر ، فصل : مایستحب للحاج فی مدّة مقامه بمكّة ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة .

(۳) بقی الکلام فی أنّ إکثار الطواف أفضل أم إکثار الاعتمار ؟ والأظهر تفضیل الطواف لکونه =

طواف اول میں طواف قدوم کی نیت کی

اگر قارن نے مکہ مکرمہ جانے کے بعد پہلے طواف میں عمرہ کے طواف کے بجائے طواف قدوم کی نیت کی، تو بھی یہ طواف عمرہ ہی کا طواف ہوگا۔(۱)

طواف بائیں طرف سے شروع کیا

’’بائیں طرف سے طواف کیا‘‘ عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۱۸۸)

مقصودًا بالذات ولمشروعيته في جميع الحالات ولكراهة بعض العلماء إكثارها في سنة . (شرح لباب المناسک : (ص: ۲۰۱) باب السعي بين الصفا والمروة ، فصل : فإذا فرغ من السعي ، ط: بيروت)

🗀 والطواف أفضل من العمرة إذا شغل به مقدار زمن العمرة وتمامه في المنحة و رد المحتار ، وقد قيل سبع اسابيع من الاطوفة كعمرة . (غنية الناسک في بغية المناسک : (ص: ۷۴) فصل فيما ينبغي له الاعتناء بعد الفراغ من السعي أيّام مقامه مكّة .

🗀 شامي : (۲/۵۰۲) مطلب : الصلاة أفضل من الطواف وهو أفضل من العمرة ، ط: سعيد .

(۱) ولو طاف طوافًا في وقته أي في زمانه الّذي عيّن الشارع وقوعه فيه ، وقع عنه ، أي بعد أن ينوي أصل الطواف ، لكونه معيارًا له ...... وهٰذا كله مبني على أن التعيين ليس بشرط في نية الطواف ...... والحاصل أنّه إذا نوىٰ طوافًا آخر يكون للأوّل ، وإن نوى الثاني فلاتعمل النيّة في تقديم ذٰلک عليه ولاتأخيره ، ومثاله مابينه بقوله : ...... أو قارنًا أي قدم قارنًا و طاف طوافين من غير تعيين فيهما ، وقع الأوّل للعمرة ، والثاني للقدوم ، ...... فالحاصل : أنّ كل من عليه طواف فرض أو واجب أو سنة إذا طاف أي مطلقا أو مقيّدًا وقع عما يستحقه الوقت أي من الترتيب المعتبر الشرعي دون غيره .... (إرشاد الساري : (ص: ۲۰۵ ، ۲۰۶) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : في تحقيق نية الطواف ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗀 غنية الناسک : (ص: ۱۱۰) باب في ماهية الطواف ، مطلب : في نية الطواف و فروعها ، ط: إدارة القرآن .

🗀 الدر مع الرد : (۲/۵۲۳) كتاب الحج ، مطلب : في طواف الصدر ، ط: سعيد .

طواف بے وضو کیا

☆اگر عام طواف بے وضو کیا ہے تو اس کا اعادہ مستحب ہے۔(۱)

☆اگر عمرہ کا طواف بے وضو کیا تو دم دینا واجب ہے، اور اگر وضو کے ساتھ دوبارہ کرلیا تو دم ساقط ہو جائے گا۔(۲)

☆اگر طواف زیارت بے وضو کیا تو دم دینا لازم ہوگا اور اگر وضو کے ساتھ دوبارہ کرلیا تو دم ساقط ہو جائے گا۔(۳)

☆اگر طواف قدوم بے وضو کیا ہے تو صدقہ دینا لازم ہوگا اور اگر وضو کے ساتھ دوبارہ کرلیا تو صدقہ دینا لازم نہیں ہوگا۔(۴)

مزید ''وضو کے بغیر طواف کرلیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

(۱، ۲، ۳، ۴) ولو طاف للزيارة كله أوأكثره محدثًا ، فعليه شأة ، وعليه الإعادة استحبابًا ...... فإن أعاده سقط عنه الدم سواء أعاده فى أيّام النحر أو بعدها ولا شيئ عليه للتأخير . (إرشاد السارى : (ص: ۴۹۰) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فى أفعال الحج ، فصل : فى حكم الجنايات فى طواف الزيارة ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

☞ وأيضًا فيه : وإن طافه (أى طواف الصدر : من الناقل) محدثًا ، فعليه صدقةٌ لكل شوط ...... ثم إذا أعاد سقط عنه الجزاء . (ص: ۴۹۷) فصل : فى الجناية فى طواف الصدر ، ط: أيضًا)

☞ وأيضًا فيه : ولو طافه (أى طواف القدوم : من الناقل) محدثًا ، فعليه صدقةٌ ...... ولو أعاده أى طواف القدوم طاهرًا من الحدثين فى الجانبة أو الحدث ...... سقط عنه الجزاء ...... وحكم كل طواف تطوع كحكم طواف القدوم . (ص: ۴۹۸) فصل : فى الجناية فى طواف القدوم ، ط: أيضًا)

☞ وأيضًا فيه : ولو طاف للعمرة كله أوأكثره أو أقلّه ولو شوطًا جنبًا أ وحائضًا أو نفساء أو محدثًا فعليه شأة ، ...... ولا فرق فيه أى فى طواف العمرة بين الكثير والقليل والجنب ، والمحدث ؛ لأنّه لامدخل فى طواف العمرة للبدنة ...... لا للصدقة ...... وإن أعاده أى الأقل منه سقط عنه الدم ، ولو ترك كله أوأكثره فعليه أن يطوفه حتمًا أو وجوبًا ، أو فرضًا ، ولا يجزى عنه البدل أصلاً ؛ لأنّه ركن العمرة . (ص: ۴۹۹ ، ۵۰۰) فصل : فى الجناية فى طواف العمرة ، ط: أيضًا)

☞ الدر مع الرد : (۲/ ۵۵۰، ۵۵۱) كتاب الحج ، باب الجنايات ،ط :سعيد .

☞ غنية الناسک : (ص: ۲۷۲) باب الجنايات ، الفصل السابع فى ترک الواجب فى أفعال =

طواف تحیہ ناپاکی کی حالت میں کیا

''طواف تحیہ'' جنابت، حیض اور نفاس کی حالت میں کرنے سے جرمانہ میں ایک دم حدود حرم میں دینا لازم ہوگا، اور پاک ہونے کے بعد طواف دوبارہ کرنے سے دم ساقط ہوجائے گا۔(۱)

طواف، جنابت کی حالت میں کیا

اگر جنابت یا حیض یا نفاس کی حالت میں طواف کیا ہے تو اس کو دوبارہ کرنا واجب ہے، اگر دوبارہ کرلیا تو دم ساقط ہوجائے گا ورنہ دم دینا لازم ہوگا۔(۲)

= الحج ...... المطلب الأوّل فی ترک الواجب فی طواف الصدر ، المطلب الثانی : فی ترک الواجب فی طواف الصدر ، المطلب الثالث : فی ترک الواجب فی طواف القدوم ، و : (ص: ۲۷۶) المطلب الرابع : فی ترک الواجب فی طواف العمرة ، ط: إدارة القرآن والعلوم الإسلامية) .

(۱) فلو طاف للقدوم کله أوأکثره جنبًا ، فعلیه دم ، ولو محدثًا فصدقة لکل شوط نصف صاع من برّ إلاّ أن یبلغ ذٰلک دمًا ، فینقص ماشاء ، ویعیده طاهرًا وجوبًا فی الجنایة ، وندبًا فی باقی الحدث ، فإن أعاده سقط عنه الجزاء . (غنیة الناسک : (ص: ۲۷۵ ، ۲۷۶) باب الجنایات ، الفصل السابع : فی ترک الواجب فی أفعال الحج ، المطلب الثانی : فی ترک الواجب فی طواف القدوم ، ط: إدارة القرآن)

⟸ أو طاف للقدوم لوجوبه بالشروع أو للصدر جنبًا أو حائضًا ...... إن لم یعده ...... (وفی الشامیّة : تحت قوله : إن لم یعده) ...... فإن أعاده فلاشیئ علیه ، فإنّه متی طاف أی طواف مع أی حدث ثم أعاده سقط موجبه . (الدر مع الرد : (۲/۵۵۰، ۵۵۱) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید)

⟸ إرشاد الساری : (ص: ۴۹۷ ، ۴۹۸) باب الجنایات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنایات فی أفعال الحج ، فصل : فی الجنایة فی طواف القدوم ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

(۲) أو طاف القدوم ، لوجوبه بالشروع أو للصدر جنبًا أو حائضًا أو للفرض محدثًا ، ولو جنبًا فبدنة إن لم یعده ، والأصح وجوبها فی الجنابة وندبها فی الحدث...... (قوله : إن لم یعده) أی الطواف الشامل للقدوم والصدر والفرض ، فإن أعاده فلا شیئ علیه ، فإنه متیٰ طاف أی طواف مع أی حدث ثم أعاده سقط موجبه . (الدر مع الرد : (۲/۵۵۰ ، ۵۵۱) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید)

⟸ غنیة الناسک : (ص: ۲۷۲ ، ۲۷۵) باب الجنایات ، الفصل السابع فی ترک الواجب فی أفعال الحج ، ط: إدارة القرآن . =

طواف رخصت

طواف رخصت، طواف وداع کو کہتے ہیں۔(۱)

طواف زیادہ سے زیادہ کرو

حدیث میں ہے کہ:

''اس بیت اللہ کا طواف زیادہ سے زیادہ کرو، اس سے پہلے کہ اس کو اٹھالیا جائے، دومرتبہ یہ منہدم ہوا یعنی گرا ہے اور تیسری مرتبہ اس کو اٹھالیا جائے گا۔(۲)

طواف زیارت

☆ طواف زیارت فرض اور حج کا رکن ہے۔(۳)

= ☜ إرشاد الساری : (ص: ۴۹۰ إلی ۴۹۸) باب الجنایات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنایات فی أفعال الحج ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة .

(۱) الثالث : طواف الصدر ، بفتحتین ، بمعنی الرجوع ...... ولذا یسمّی طواف الرجوع ، ویسمّی طواف الوداع ، بفتح الواؤ ، و بکسرها لموادعته البیت أو الحج ، لعدم صحته بدونه ...... ویسمّٰی طواف الإفاضة لکونه لایصحّ الاّ بعد المراجعة من الوقوف وأداء طواف رکنه ، وطواف آخر عهد بالبیت ؛ لأنّه یسنّ وقوعه حینئذٍ عندنا . (إرشاد الساری : (ص: ۲۰۱) باب أنواع الأطوفة أو أحکامها ، الثالث : طواف الصدر ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

☜ شامی : (۵۲۳/۲) کتاب الحج ، مطلب : فی طواف الصدر ، ط: سعید .

☜ البحر العمیق : (۱۹۰۶/۴) الباب الثانی عشر : فی الأعمال المشروعة یوم النحر ، فصل : النفر م منیٰ إلی مکّة ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة .

(۲) وجاء " استکثروا من الطواف بهٰذا البیت قبل أن یرفع " وقد هدم مرتین و یرفع فی الثالثة ، واللّٰه أعلم . (السیرة الحلبیة : (۲۱۹/۱) باب بنیان قریش الکعبة شرفها اللّٰه تعالیٰ ، ط: دار الکتب العلمیة بیروت)

(۲) وهٰذا الطواف هو المفروض فی الحج ولایتم الحجّ إلاّ به أی لکونه رکنًا بالإجماع والفرض منه أربعة أشواط وما زاد فواجب . (إرشاد الساری : (ص: ۳۲۸) باب طواف الزیارة ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة) =

اس طواف کے بغیر مکمل طور پر محرم احرام سے نہیں نکلتا، اور بیوی سے صحبت حلال نہیں ہوتی، یہ طواف کرنا ہر حال میں ضروری ہے۔(۱)

اور بارہ ذی الحجہ سے تاخیر کرنے کی صورت میں طواف کرنے کے بعد حدود حرم میں ایک دم دینا بھی لازم ہوگا۔(۲)

☆ رمی، قربانی اور حلق کے بعد جو طواف کیا جاتا ہے اس کو طواف زیارت کہتے ہیں۔(۳)

☆ رمی، قربانی اور حلق کے بعد طواف زیارت کے لئے مکہ معظّمہ جائے، یہ طواف فرض ہے اور دس سے بارہ ذی الحجہ کا آفتاب غروب ہونے سے پہلے پہلے کیا جا سکتا ہے، اور اگر بارہ ذی الحجہ کا سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے طواف زیارت

= غنية الناسک : (ص: ۱۷۸) باب طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن .

شامی : (۵۱۸/۲) كتاب الحج ، مطلب : فی طواف الزيارة ، ط: سعيد .

(۱) ولو لم يطف أصلاً لايحل له النساء وإن طال ، ومضت سنون بالإجماع . (غنية الناسک : (ص: ۱۷۷) باب طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن .

إرشاد السارى : (ص: ۳۲۷ ، ۳۲۸) باب طواف الزيارة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

شامی : (۵۱۸/۲) كتاب الحج ، مطلب : فی طواف الزيارة ، ط: سعيد .

🗁 إرشاد الساری: (ص: ۲۳۵) باب أنواع الأطوفة وأحكامها، فصل: فی مسائل شتی عن الطواف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

(۲) فلو طاف ثامنًا مع علمه به (أی بأنّه ثامن لكن فعله بناءً ا على الوهم أو الوسوسة لا على قصد دخول طواف آخر، فإنّه حينئذٍ يلزم اتفاقًا، شرح اللباب) فالصحيح أنّه يلزمه إتمام الأسبوع للشروع، أی لأنّه شرع فيه ملتزمًا بخلاف ما لو ظنّ أنّة سابع بشروعه مسقطًا لامستلزمًا ...... ثم صلیٰ شفعًا فی وقت مباحٍ يجب بعد كل أسبوع عند المقام ...... أو غيره من المسجد، وهل يتعين المسجد ؟ قولان. =

طواف کااعادہ کرے

''بائیں طرف سے طواف کیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۱۸۸)

طواف کا طریقہ

☆ طواف کی ابتداء اور انتہاء، حجراسود کے استلام (بوسہ لینے) سے ہوتی ہے۔(۱)

☆ طواف شروع کرنے سے پہلے اضطباع کرلے۔(۲)

= (لم أر من حكى القولين سوى ما توهمه عبارة النهر وفيها نظر، والمشهور فى عامة الكتب أن صلاتها فى المسجد أفضل من غيره، وفى اللباب: ولا تختصّ بزمان ولامكان ولاتفوت فلو تركها لم يجبر بدم، ولو صلاها خارج الحرم ولو بعد الرجوع إلى وطنه جاز ويكره، ويستحب مؤكّدًا أدائها خلف المقام، ثم فى الكعبة، ثم فى الحجر تحت الميزاب، ثم كل ما قرب من الحجر، ثم باقى الحجر، ثم ما قرب من البيت، ثم المسجد، ثم الحرم، ثم لافضيلة بعد الحرم، بل الإساء ة. (الدر مع الرد: (۲/۴۹۶، ۴۹۸، ۴۹۹) كتاب الحج، مطلب: فى طواف القدوم، ط: سعيد)

▭ غنية الناسك: (ص: ۱۱۷، ۱۱۸) باب فى ماهية الطواف وأنواعه وأركانه وشرائطه وأحكامه، فصل: ومن الواجبات ركعتا الطواف، ط: إدارة القرآن.

▭ إرشاد السارى: (ص: ۲۳۵) باب أنواع الأطوفة وأحكامها، فصل: فى مسائل شتى عن الطواف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

(۱) استلام الحجر فى أوّله و آخره، وأمّا فى ما بينهما، فسنة مستحبة، قال فى شرح الطحاوى: وإن افتتح الطواف باستلام الحجر، وختم به، وترک الاستلام فيما بين ذٰلک أجزأه، وإذا تركه رأسًا فقد أساء. (غنية الناسک: (ص: ۱۱۹) باب فى ماهية الطواف، ...... فصل: وأمّا سنن الطواف، ط: إدارة القرآن)

▭ شامى: (۲/۴۹۸) كتاب الحج، مطلب فى طواف القدوم، ط: سعيد.

▭ الهندية: (۱/۲۲۵) كتاب المناسک، الباب الخامس: فى كيفية أداء الحج، ط: رشيديه.

(۲) وإذا أراد أن يبتدأ به ينبغى أن يضطجع قبله بقليل بأن يجعل وسط ردائه تحت إبطه الأيمن، ويلقى طرفيه على كتفه الأيسر، ويكون منكبه الأيمن مكشوفًا وهو سنة فى كل طواف بعده سعى. (غنية الناسک: (ص: ۹۹) باب دخول مكّة وحرمها، فصل: فى صفة الابتداء من الحجر الأسود، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد السارى: (ص: ۱۸۲) باب دخول مكّة، فصل: فى صفة الشروع فى الطواف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

▭ البحر الرائق: (۲/۳۲۷) كتاب الحج، فصل فى الإحرام، ط: سعيد.

☆ طواف کا مستحب طریقہ یہ ہے کہ حجر اسود کے سامنے اس طرح کھڑا ہو کہ حجر اسود اس کی دائیں جانب ہو، اور اس کا اندازہ حجر اسود کو دیکھ کر یا سائڈ کی سبز بتی کو دیکھ کر کیا جا سکتا ہے، پھر طواف کی نیت اس طرح کرے۔(۱)

”اللھم انی ارید طواف بیتک الحرام سبعۃ اشواط للّٰہ تعالی فیسرہ لی و تقبلہ منی“

اے اللہ میں تیرے مقدس گھر کے سات چکروں کے طواف کی نیت کرتا ہوں خالص تیری رضا اور خوشنودی کے لئے، لہذا اسے میرے لئے آسان کر کے قبول فرما۔

☆ نیت کرنے کے بعد ذرا دائیں طرف چلے اور سینہ اور چہرہ حجر اسود کی طرف بالکل مقابل کر کے کھڑا ہو جائے، پھر نماز کے شروع میں تکبیر تحریمہ کے لئے جس طرح دونوں ہاتھ اٹھائے جاتے ہیں اسی طرح دونوں ہاتھوں کو اٹھاتے ہوئے” بسم اللہ اللہ اکبر وللہ الحمد“ پڑھے اور ہاتھ گرا دے۔(۲)

---

(۱) ویقف علی جانب الحجر الأسود ممایلی الرکن الیمانی بحیث یصیر جمیع الحجر عن یمینہ ، ویکون منکبہ الأیمن عند الحجر ، فینوی الطواف ، ثم یمشی مارًا إلی یمینہ حتی یحاذی الحجر فیقف بحیالہ ، ویستقبلہ ، ثم یستلمہ .... (غنیۃ الناسک : (ص: ۱۰۰) باب دخول مکّۃ و حرمھا ، فصل : فی صفۃ الابتداء بالحجر الأسود ، ط: إدارۃ القرآن)

🗀 إرشاد الساری : (ص: ۱۸۳ ، ۱۸۴) باب دخول مکّۃ ، فصل : فی صفۃ الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادیۃ ، مکّۃ المکرّمۃ .

🗀 شامی : (۴۹۳/۲) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فی دخول مکّۃ ، ط: سعید .

(۲) ثم یمشی مارًا إلی یمینہ ...... حتی یحاذی الحجر أی یقابلہ ، فیقف بحیالہ ...... ویستقبلہ أی بوجھہ ...... ویبسمل ویکبر ویحمد ویصلی ویدعو أی یقول : بسم اللّٰہ واللّٰہ أکبر وللّٰہ الحمد ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللّٰہ ﷺ ، اللّٰم إیمانًا بک ، وتصدیقًا بکتابک ، و وفاء بعھدک ، واتّباعًا لسنۃ نبیک ، محمد ﷺ ، ویرفع یدیہ عند التکبیر أی مقابل للحجر حذاء منکبیہ أو أذنیہ کما فی الصلاۃ وھو الأصح ، مستقبلاً بباطن کفیہ الحجر ...... (إرشاد الساری : (ص: ۱۸۴) باب دخول مکّۃ ، فصل : فی صفۃ الشروع فی الطواف ، ط الإمدادیۃ ، مکّۃ المکرّمۃ)

🗀 شامی : (۴۹۳/۲) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فی دخول مکّۃ ، ط: سعید .

🗀 غنیۃ الناسک : (ص: ۱۰۲) باب دخول مکّۃ وحرمھا ، فصل : فی صفۃ الاستلام ، ط: إدارۃ القرآن .

☆اس کے بعد حجر اسود کا استلام کرے یعنی حجر اسود کو بوسہ دے، اس کی صورت یہ ہے کہ اگر حجر اسود تک پہنچنے کا موقع مل جائے تو اپنا منہ دونوں ہاتھوں کے بیچ میں اس طرح رکھے جیسے نماز میں سجدے میں رکھا جاتا ہے، اور آواز کے بغیر نرمی کے ساتھ بوسہ دے یعنی حجر اسود پر صرف ہونٹ رکھ دے۔(۱)

اور اگر ہجوم کی وجہ سے حجر اسود تک پہنچنا ممکن نہ ہو تو پھر حجر اسود کے برابر میں اس طرح کھڑا ہو جائے کہ سینہ اور چہرہ دونوں حجر اسود کی طرف ہوں، اور دونوں ہاتھوں کو حجر اسود کے سامنے اس طرح پھیلا دے کہ دونوں ہتھیلیوں کا رخ بالکل حجر اسود کی طرف ہو، اور یہ خیال کرے کہ دونوں ہتھیلیاں حجر اسود پر رکھی ہوئی ہیں، اور حجر اسود کی طرف ہاتھ بڑھاتے ہوئے یہ دعا پڑھے۔

اللّٰہ اکبر لاالہ الااللّٰہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللّٰہ اور اپنے ہاتھوں کو چوم لے۔(۲)

---

(۱) (قوله : واستلمه) أی بعد أن یرسل یدیه کما فی النهر عن التحفة قال فی اللباب : وصفة الاستلام : أن یضع کفیه علی الحجر ویضع فمه بین کفیه ویقبله) بکفیه وقبّله بلاصوت وهل یسجد علیه ؟ قیل : نعم ، جزم به فی اللباب و قال : إنّه مستحب ، ویکرره مع التقبیل ثلاثًا ......
(شامی : (۲/۴۹۳) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فی دخول مکّة ، ط: سعید)
☜ غنیة الناسک : (ص: ۱۰۲) باب دخول مکّة و حرمها ، فصل فی صفة الاستلام ، ط: إدارة القرآن .
☜ إرشاد الساری : (ص: ۱۸۴ ، ۱۸۵) باب دخول مکّة و حرمها ، فصل : فی صفة الشروع فی الطواف ،ط : الإمدایة مکّة المکرّمة .

(۲) و ترک الإیذاء واجب فإن لم یقدر یضعهما ثم یقبلهما أو إحداهما ، وإلاّ یمکنه ذلک یمس بالحجر شیئًا فی یده ولو عصًا ثم قبله أی الشیئ وإن عجز عنهما أی الاستلام والإمساس استقبله مشیرًا إلیه بباطن کفیه کأنّه واضعهما علیه ، و کبّر وهلّل وحمد اللّٰه تعالیٰ وصلی علی النّبیّ ﷺ ، ثم یقبل کفیه ، (الدر المختار : (۲/۴۹۴) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب فی دخول مکّة ، ط: سعید)
☜ إرشاد الساری : (ص: ۱۸۵) باب دخول مکّة ، فصل فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .
☜ غنیة الناسک : (ص: ۱۰۲) باب دخول مکّة وحرمها ، فصل : فی صفة الاستلام ،ط : إدارة القرآن .

☆ دور سے استلام میں بھی اتنا ہی ثواب ملتا ہے جتنا قریب سے بوسہ لینے میں، اس لئے ہجوم میں حجر اسود کو بوسہ دینے کے لئے جانے کی کوشش نہ کرے، خاص کر خواتین جہاں تک ممکن ہو غیر مردوں سے اختلاط سے بچنے کا اہتمام کریں۔(۱)

یاد رکھیں کہ حجر اسود کو بوسہ دینا سنت ہے اور مسلمانوں کو تکلیف دینا حرام ہے اس لئے دوسروں کو دیکھ کر خود زور آزمائی نہ کریں۔(۲)

اور اگر استلام کرتے وقت ہجوم کے دھکوں کی وجہ سے اپنی جگہ سے آگے پیچھے ہو گئے اور چہرے اور سینے کو بیت اللہ شریف کی طرف کرتے ہوئے دائیں جانب بیت اللہ کے دروازے کی طرف بڑھ گئے تو طواف کا اتنا حصہ صحیح نہیں ہوگا، ایسی حالت میں الٹے پاؤں لوٹے اور بایاں کندھا بیت اللہ شریف ہی کی طرف رہے اور اتنے حصہ کا اعادہ کرے، اور اگر ہجوم کی وجہ سے پیچھے آکر اعادہ کرنا مشکل ہے تو اس خاص چکر کو دوبارہ کرے یعنی سات چکر کی جگہ پر آٹھ چکر کرے ورنہ جزا لازم ہوگی۔(۳)

---

(۱) ولاتقرب الحجر في الزحام لمنعها من مماسة الرجال . (الدر المختار : (۵۲۸/۲) كتاب الحج ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد)

البحر الرائق : (۳۵۵/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد .

غنية الناسک : (ص: ۹۴) باب الإحرام ، فصل : في إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن .

(۲) لما روى عن رسول الله ﷺ أنه قال لعمر : ياأباحفص : إنّک رجل قوى وإنّک تأذى الضعيف فإذا وجدت مسلكا فاستلم وإلا فدع وكبّر وهلّل ولأنّ الاستلام سنة وإيذاء المسلم حرام وترک الحرام أولىٰ من الإتيان بالسنة ...... (بدائع الصنائع : (۱۴۶/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا بيان الترتيب في أفعاله ، ط: سعيد)

شامي : (۴۹۴/۲) كتاب الحج ، فصل في الإحرام ، مطلب في دخول مكّة ، ط: سعيد .

البحر الرائق : (۳۲۶/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط:سعيد .

(۳) الخامس أي من الواجبات التيامن وهو أخذ الطواف أي شروعه عن يمين نفسه وجعل البيت عن يساره...... وضده أخذه عن يساره وجعل البيت عن يمينه ، وهو الطواف المنكوس الظاهر ، أنّه الطواف المقلوب والمعكوس...... والحاصل: أنّ وجوب التيامن يفيد أن من أتىٰ بخلافه من الصور المذكورة المخالفة للتيامن في الهيئة والكيفيّة، يحرم عليه فعله، ويجب عليه الإعادة أو لزوم الجزاء. (إرشاد الساري: =

☆استلام کے بعد اپنی جگہ پر کھڑے کھڑے، اور پاؤں اپنی جگہ پر جمائے ہوئے چہرہ، سینہ اور قدم حجر اسود کے دائیں طرف موڑ کر طواف شروع کردے اور چکر کے دوران چہرہ اور سینہ بیت اللہ شریف کی طرف نہ کرے، بایاں شانہ بیت اللہ کی طرف رہے، اور نظر نیچے کئے ہوئے گولائی میں چلتا رہے۔(۱)

☆ اگر اس طواف کے بعد صفا و مروہ کی سعی ہے تو طواف کے پہلے تین چکروں میں مرد حضرات رمل بھی کریں، اور اگر سعی نہیں تو رمل نہ کریں۔(۲)

☆ دعا کے بارے میں بات آگے آرہی ہے۔

☆ جب ایک چکر پورا ہو جائے اور دوبارہ حجر اسود کے برابر میں پہنچے تو پھر چہرہ اور سینہ حجر اسود کی طرف کر کے استلام کرے اور فوراً اپنی ہیئت پر آجائے، اسی

= (ص: ۲۱۶) باب أنواع الأطوفة وأحكامها، فصل: في واجبات الطواف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

▭ الدر المختار مع الرد: (۲/۴۹۴) كتاب الحج، فصل في الإحرام، مطلب: في دخول مكّة، ط: سعيد.

▭ البحر الرائق: (۲/۳۲۸) كتاب الحج، باب الإحرام، ط: سعيد.

(۱) وإذا فرغ من الاستلام أي و مايتعلق به من الأحكام، أخذ عن يمين نفسه أي أو عن يمين الحجر باعتبار حذائه، ومآلهما واحد إذ المقصود التيامن الواجب وهو مما يلي الباب وجعل البيت عن يساره كما يستلزمه قبله. (إرشاد الساري: (ص: ۱۸۷، ۱۸۸) باب دخول مكّة، فصل: في صفة الشروع في الطواف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک: (ص: ۱۰۳) باب دخول مكّة وحرمها، فصل: في الأخذ في الطواف، ط: إدارة القرآن.

▭ الدر مع الرد: (۲/۴۹۴) كتاب الحج، فصل في الإحرام، مطلب: في دخول مكة، ط: سعيد.

(۲) والرمل سنة في كل طواف بعده سعي حتى في طواف الصدر ...... والأصل أن كل طواف بعده سعي، فمن سنته الاضطباع والرمل، وإلاّ فلا. (غنية الناسک: (ص: ۱۱۹) باب في ماهية الطواف وأركانه ...... فصل: وأمّا سنن الطواف، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساري: (ص: ۲۲۵) باب أنواع الأطوفة وأحكامها، فصل: في سنن الطواف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

▭ البحر الرائق (۲/۳۳۰) كتاب الحج، باب الإحرام، ط: سعيد.

طرح ساتوں چکر پورے کرے۔(۱)

☆ حجر اسود کے سامنے استلام کے وقت تکبیر کہنا مطلقا سنت ہے یعنی شروع میں بھی اور چکروں میں بھی، اور استلام کے وقت ہر بار یہ کہے۔

الله اکبر لااله الاالله والصلوة والسلام علی رسول الله. (۲)

☆ طواف کے دوران ذکر واذکار، تسبیحات، استغفار، درود شریف اور آیت کریمہ اور تیسرا اور چوتھا کلمہ پڑھ سکتے ہیں، خاص دعا پڑھنا ضروری نہیں ہے اور جو دعا بھی پڑھے اتنی آہستہ پڑھے کہ دوسروں کی عبادت میں خلل نہ پڑے آج کل جو طواف میں گروپ بنا کر اور چیخ چیخ کر دعائیں پڑھی جاتی ہیں یہ طریقہ غلط ہے۔(۳)

---

(۱) وكلما مرّ على الحجر الأسود استلمه بآدابه ، كما فى الابتداء الاّ أنّه لايرفع يديه مع التكبير الاّ فى الابتداء . (غنية الناسک : (ص: ۱۰۴) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل فى الأخذ فى الطواف وكيفية أدائه ، ط: إدارة القرآن)

البحر الرائق : (۲/۳۳۰) كتاب الحج ، باب الإحرام، ط: سعيد .

إرشاد السارى : (ص: ۱۸۷) باب دخول مكّة ، فصل : فى صفة الشروع فى الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۲) فإذا وقف بحذاء الحجر الأسود مستقبلا له ونوى الطواف كما ذكرنا ، كبّر وهلّل استنانًا ، ويضيف إليهما الحمد والصلاة استحبابًا ، فيقول : اللّٰه أكبر لاإلٰه الا اللّٰه ، وللّٰه الحمد والصلاة والسلام على رسول اللّٰه . (غنية الناسک : (ص: ۱۰۲) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل فى صفة الاستلام ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۱۸۴) باب دخول مكّة ، فصل : فى صفة الشروع فى الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

شامى : (۲/۴۹۳) كتاب الحج ، فصل فى الإحرام، مطلب فى دخول مكّة ، ط: سعيد .

(۳) ويكون فى طوافه أى فى جميع أشواطه أو أنواعه ذاكرًا ، داعيًا أى بالدعوات المأثورة وغيرها ، المتعارفة المشهورة فى محالها المسطورة ...... مُصليًا على النّبىّ ﷺ ...... هٰذا ولم يعين الإمام محمد من ائمتنا لمشاهد الحج شيئًا من الدعوات ، فإن توقيتها يذهب بالرقة ؛ لأنّه يصير كمن يكرّر محفوظه ، بل يدعو بما بداله ...... (إرشاد السارى : (ص: ۱۲۰ ، ۱۹۲ ، ۱۹۳) باب دخول مكّة ، فصل فى صفة الشروع فى الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)=

☆طواف کے ہر چکر میں جب بھی رکن یمانی پر پہنچے تو اگر قریب ہو تو سینہ اور قدم بیت اللہ شریف کی طرف کئے بغیر دونوں ہاتھوں یا صرف دائیں ہاتھ سے رکن یمانی کو چھونا سنت ہے لیکن اس وقت ہاتھ اٹھا کر اشارہ وغیرہ نہ کیا جائے بلکہ وہاں سے ویسے ہی گزر جائے۔

آج کل بہت سے لوگ دوسروں کی دیکھا دیکھی رکن یمانی سے گزرتے ہوئے بلند آواز سے تکبیر پڑھتے ہیں اور ہاتھوں کو بوسہ دیتے ہیں، یہ سب سنت کے خلاف ہے، اس سے احتراز کرنا لازم ہے۔(۱)

☆طواف کے ساتوں چکروں میں باوضو رہنا ضروری ہے، اگر پہلے چار چکروں کے بعد وضو ٹوٹ جائے تو وضو کر کے بقیہ چکروں کو پورا کرلے یا از سرنو

= ▭ وأيضًا فيه : والإسرار بالذكر والأدعية وفيه بحث ؛ لأنّه يجب الإخفاء إذا كان الجهر مشوشًا للطائفين والمصلين ، فقد صرّح ابن الضياء أن رفع الصوت في المسجد حرام ولو بالذكر ...... (إرشاد الساري : (ص: ۲۳۰) باب أنواع الأطوفة وأنواعها ، فصل : في مستحباته، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسك : (ص: ۱۰۵) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : في الأخذ في الطواف و كيفية أدئه ، ط: إدارة القرآن .

▭ شامي : (۲/۴۹۷) كتاب الحج ، فصل : في الإحرام ، مطلب : في طواف القدوم ، ط: سعيد .

(۱) ويستحب استلام الركن اليماني ...... في كل شوط أى حين وصوله ، والمراد بالاستلام هنا لمسه بكفيه أو بيمينه دون يساره كما يفعله بعض الجهلة والمتكبّرة من دون تقبيله والسجود عليه ، ثم عند العجز عن اللمس للزحمة ليس فيه النيابة عنه بالإشارة ، وهذا الّذى ذكرناه حسن في ظاهر الرواية . (إرشاد الساري : (ص: ۱۹۳) باب دخول مكّة ، فصل : في صفة الشروع في الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسك : (ص: ۱۰۴ ، ۱۰۵) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : في الأخذ في الطواف وكيفية أدائه ،ط : إدارة القرآن .

▭ بدائع الصنائع : (۲/۱۴۷ ، ۱۴۸) كتاب الحج ، فصل : أمّا بيان سنن الحج وبيان الترتيب في أفعاله ،ط : سعيد .

طواف کرے دونوں کا اختیار ہے، اور از سرِنو طواف کرنا زیادہ بہتر ہے۔(۱)

☆ طواف کے دوران جب رکن یمانی سے گزرے تو حجر اسود تک پہنچتے پہنچتے یہ دعا پڑھے:

اللھم انی اسئلک العفو و العافیة فی الدنیا والآخرة ربنا اتنا فی الدنیا حسنة و فی الآخرة حسنة وقنا عذاب النار و ادخلنا الجنة مع الابرار یاعزیز یاغفار یارب العالمین.

ترجمہ: ''اے اللہ! میں تجھ سے دنیا وآخرت میں عافیت اور معافی کا خواستگار ہوں اے ہمارے رب ہم کو دنیا اور آخرت میں بھلائی سے سرفراز فرمائیے، اور ہم کو جنت میں نیک لوگوں کے ساتھ داخل فرمائیے''

اور ساتھ ساتھ درود شریف بھی پڑھتے جائیں، اس لئے کہ درود شریف پڑھنا اس وقت کے اہم اذکار میں سے ہے۔(۲)

---

(۱) الأوّل : الطھارة عن الحدث الأكبر والأصغر ...... (إرشاد الساری : (ص: ۲۱۳) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فی واجبات الطواف ،ط : الإمدادیة ، مكّة المكرّمة)

▭ غنیة الناسک : (ص: ۱۱۲) باب فی ماھیة الطواف وأنواعه ...... فصل : فی واجبات الطواف ،ط : إدارة القرآن .

▭ بدائع الصنائع : (۱۲۹/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا شرطه و واجباته ، ط: سعید .

▭ ولو خرج من الطواف أو من السعی إلی جنازة ، أو مكتوبة أو تجدید وضوء ثم عاد بنی لو كان ذٰلک بعد إتیان أكثره ...... ویستحب الاستئناف فی الطواف إذا كان قبل إتیان أكثره . (غنیة الناسک : (ص: ۱۲۷) باب فی ماھیة الطواف ، فصل : وأمّا مكروھاته ، ط: إدارة القرآن)

▭ شامی : (۴۹۷/۲) كتاب الحج ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعید .

▭ فتح القدیر : (۳۸۹/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، وھٰذہ فروع تتعلق بالطواف ، ط: رشیدیه.

(۲) وعند الركن الیمانی : اللّٰھم إنّی أسألک العفو والعافیة فی الدین والدنیا والآخرة ، وفیما بین الركنین : " ربّنا آتنا فی الدنیا حسنة وفی الآخرة حسنةً " الآیة ...... (إرشاد الساری : (ص: ۱۹۱) باب دخول مكّة ، فصل فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادیة ، مكّة المكرّمة)

▭ غنیة الناسک : (ص: ۱۲۴) باب فی ماھیة الطواف ...... فصل : وأمّا مستحبات الطواف ، =

☆ اگر طواف کے بعد صفا مروہ کی سعی ہونے کی وجہ سے طواف کے ساتوں چکروں میں اضطباع کیا گیا ہے تو طواف کے سات چکروں سے فارغ ہونے کے بعد سب سے پہلے اضطباع کی کیفیت ختم کرے، اور اپنے دونوں مونڈھے احرام کی چادر سے ڈھک لے، کیوں کہ اضطباع صرف طواف کے ساتوں چکروں میں ہی مسنون ہے اس سے پہلے یا بعد میں کسی بھی جگہ مسنون نہیں۔(۱)

☆ طواف کے بعد ملتزم (جو حجر اسود اور بیت اللہ شریف کے دروازے کے درمیان تقریباً ڈھائی گز کا کعبہ کی دیوار کا حصہ ہے) سے لپٹ کر دعا مانگنا مستحب ہے، یہ دعا کی قبولیت کا مقام ہے، اس سے رسول اللہ ﷺ اس طرح لپٹ لپٹ جاتے تھے جس طرح بچہ ماں کے سینہ سے لپٹ جاتا ہے، اگر موقع ملے اس جگہ سے لپٹ کر اپنا چہرہ، سینہ اور پیٹ لگا دے، دونوں ہاتھوں کو سیدھا کر کے سر کے اوپر لمبا کر دے، کبھی داہنا اور کبھی بایاں رخسار اس پر رکھے اور خوب رو رو کر دعا مانگے۔(۲)

= تنبيه : في أماكن الإجابة، ط: إدارة القرآن .

▭ مجموعة رسائل ابن عابدين ؛ (۳۴۹/۲) بغية الناسك في أدعية المناسك ، ط: عالم الكتب ، بيروت .

(۱) واعلم أنّ الاضطباع سنة في جميع أشواط الطواف ، كما صرّح به ابن الضياء ، فإذا فرغ من الطواف فيترك الاضطباع ، حتى إذا صلّى ركعتي الطواف مضطبعًا يكره ، للكشف منكبه ، ويأتي الكلام على أنّه لا اضطباع في السعي . (إرشاد الساري : (ص: ۱۸۳) باب دخول مكّة ، فصل في صفة الشروع في الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسك : (ص: ۱۰۶) باب دخول مكّة ، فصل في الأخذ في الطواف ، وكيفية أدائه ، ط: إدارة القرآن .

▭ شامي : (۴۹۵/۲) كتاب الحج ، فصل : في الإحرام، مطلب في دخول مكّة ،ط : سعيد .

(۲) ثم يأتي الملتزم ويتشبث بالأستار ساعة بقرب الحجر وصفة التزامه أن يضع صدره وبطنه وخده الأيمن أو جبهته عليه ، ويتشبث بأستار الكعبة إن كانت قريبة بحيث ينالها ، وإلاّ وضع يديه فوق رأسه مبسوطتين على الجدار قائمتين ، وقيل : يبسط يده اليمنىٰ مما يلي الباب واليسرىٰ ممّا يلي الحجر داعيًا بما أحبّ بالتضرع والابتهال مع الخضوع والإنكسار مجتهدًا =

البتہ اگر احرام کی حالت میں ہے تو اس سے نہ لپٹے کیوں کہ اس جگہ پر خوشبو لگائی جاتی ہے، جس کا احرام کی حالت میں بدن سے لگانا منع ہے۔(۱)

☆ طواف کے سات چکر پورے ہونے کے بعد دو رکعت نماز ''واجب الطّواف'' پڑھنا ضروری ہے یہ نماز مقام ابراہیم اور بیت اللہ کو سامنے لے کر پڑھے اور اگر مقام ابراہیم کے پاس ہجوم کی وجہ سے جگہ نہیں ہے تو مسجد حرام کے اندر جہاں بھی جگہ مل جائے پڑھے۔(۲)

اور اگر مکروہ وقت ہے تو واجب الطّواف کی نماز مکروہ وقت میں نہ پڑھے بلکہ مزید طواف کرتا رہے یا انتظار کرے، مکروہ وقت گزرنے کے بعد واجب الطّواف کی

= باكيًا أو متباكيًا ، مكبّرا مهللاً مصليا على النّبيّ المختار . (غنية الناسك : (ص: ١٠٧) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : في الأخذ في الطواف ، ط: إدارة القرآن)

☐ الدر المختار : (٢/٤٩٩) كتاب الحج ، فصل :في الإحرام ، مطلب : في طواف القدوم ، ط: سعيد .

☐ إرشاد الساري : (ص: ١٩٥ ، ١٩٦) باب دخول مكّة ، فصل في صفة الشروع ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(١) والتطيّب وإن لم يقصده . (الدر المختار مع الرد : (٢/٤٨٧) كتاب الحج ، فصل في الإحرام ، مطلب في ما يحرم بالإحرام ومالايحرم ، ط: سعيد)

☐ غنية الناسك : (ص: ٨٩) باب الإحرام ، فصل :في محرمات الإحرام ، ومحظوراته ، ط: إدارة القرآن .

☐ إرشاد الساري : (ص: ١٦٧) باب الإحرام ، فصل : في محرمات الإحرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرمة .

(٢) فإذا ختم الطواف بالاستلام ترك الاضطباع ، ويأتي المقام فيصلي خلفه ركعتي الطواف ، أو حيث تيسّر من المسجد ...... وهي واجبة عندنا على الصحيح بعد كل طواف معتد به فرضًا كان أو واجبًا أو سنّةً أو نفلاً ...... (غنية الناسك : (ص: ١٠٦) باب دخول مكّة و حرمها ، فصل : في الأخذ في الطواف و كيفية أدائه ، ط : إدارة القرآن)

☐ إرشاد الساري : (ص: ١٩٤) باب دخول مكّة ، فصل في صفة الشروع في الطواف ، ط : الإمدادية مكة المكرّمة .

☐ البحر الرائق : (٢/٣٣١) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد .

نماز پڑھ لے، اور اگر ایک سے زائد طواف کیا ہے تو تمام طوافوں کی الگ الگ نمازیں ترتیب وار پڑھ لے۔(۱)

☆ طواف کے دوران نمازیوں کے آگے سے گزرنا منع نہیں ہے، اور طواف کے علاوہ حالت میں نمازی کے عین سامنے نہ گزرے بلکہ ضرورت ہو تو کم از کم سجدے کے مقام کے آگے سے گزرے۔(۲)

☆ واجب الطّواف کی دو رکعت نماز ادا کرنے کے بعد زم زم پینا مستحب ہے، اور زم زم پیتے وقت جو دعا مانگی جائے وہ قبول ہوتی ہے۔(۳)

---

(۱) والسنة الموالاة بينهما وبين الطواف، فيكره تأخيرها عنه إلاّ في وقت مكروه، فيجب تأخيرها إلى وقت مباحٍ ...... ويكره الجمع بين أسبوعين أو أكثره بلاصلاة بينهما عندهما ...... والخلاف في غير وقت الكراهة، أمّا فيه فلايكره إجماعًا، وإذا زال وقت الكراهة ينبغي أن يكره الطواف قبل الصلاة لكل أسبوع ركعتين .... (غنية الناسک: (ص: ۱۱۷) باب في ماهية الطواف وأنواعه وأركانه، فصل: ومن الواجبات الطواف، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساري: (ص: ۲۱۹) باب أنواع الأطوفة وأحكامها، فصل: في ركعتي الطواف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

▭ الدر مع الرد: (۲/۴۹۸، ۴۹۹) كتاب الحج، فصل: في الإحرام، مطلب في طواف القدوم، ط: سعيد.

(۲) إذا صلّى في المسجد الحرام ينبغي أن لايمنع المار لهذا الحديث، وهو محمول على الطائفين؛ لأنّ الطواف صلاة، فصار كمن بين يديه صفوف من المصلين، اهـ، وقال ثم رأيت في البحر العميق حكى عز الدين بن جماعة عن مشكلات الآثار للطحاوي: أن المرور بين يدي المصلي بحضوة الكعبة يجوز. (شامي: (۲/۵۰۱، ۵۰۲) كتاب الحج، فصل: في الإحرام، مطلب في عدم المار بين المصلي عند الكعبة، ط: سعيد)

▭ وفي مشكل الآثار يجوز للطائف المرور بين يدي المصلي؛ لأنّ الطائف في حكم المصلي، واحتج بحديث. (العرف الشذي للكشميريؒ: (۱/۸۲) أبواب الصلاة، باب ماجاء في سترة المصلي، ط: قديمي)

▭ فتح الباري لابن حجر: (۱/۵۷۶) كتاب الصلاة، باب الصلاة إلى العنزة، تحت رقم الحديث: ۴۷۹، ط: دار المعرفة، بيروت.

(۳) ثم يأتي زمزم، أي بئرها، فيشرب من مائها أي قائما أو قاعدًا وراء ها مستقبلا، مبتدءًا بقوله: =

(نوٹ) اسکے بعد ''سعی کا طریقہ'' کے عنوان کو پڑھیں۔ (۲/ ٤٤١)

طواف کا کوئی وقت مقرر نہیں

''طواف ہر وقت جائز ہے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳/ ۱۵۱)

طواف کا معنی

☆ طواف کا معنی ہے کسی چیز کے چاروں طرف گھومنا، طواف کی نیت کر کے بیت اللہ کے چاروں طرف سات مرتبہ گھومنے کو طواف کہتے ہیں۔ (۱)

☆ بیت اللہ شریف کے علاوہ کسی چیز یا کسی مقام کا طواف کرنا جائز نہیں ہے۔ (۲)

= اللّٰهم إنّى أسألک علمًا نافعًا و رزقًا واسعًا و شفاءً من كل داءٍ ، ويسمّى و يتنفس ثلاثًا ويحمد ويتضلع أى يبالغ فى شربه فإنّه ورد...... (إرشاد السارى : (ص: ۱۹۶) باب دخول مكّة، فصل: فى صفة الشروع فى الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک : (ص: ۱۰۷) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : فى صفة الشروع فى الطواف ، ط: إدارة القرآن .

▭ الدر المختار مع رد المحتار : (۲/ ۴۹۹) كتاب الحج ، فصل : فى الإحرام ، مطلب : فى طواف القدوم ، ط: سعيد .

▭ أنّ الدعاء هناک يستجاب فى خمسة عشر موضعًا ، فى الطواف ...... وعدن زمزم ...... (غنية الناسک : (ص: ۱۲۳) باب فى ماهية الطواف ، ...... فصل فى الأخذ فى الطواف ، تنبيه : فى أماكن الإجابة ، ط: إدارة القرآن)

▭ شامى : (۲/ ۵۰۷) كتاب الحج ، مطلب : فى إجابة الدعاء ، ط: سعيد .

▭ إرشاد السارى: (ص: ۴۰۳) باب المتفرّقات، فصل: فى أماكن الإجابة، ط : الإمدادية، مكّة المكرّمة.

(۱) الطواف هو الدوران حول الكعبة أربعة أشواط أو أكثر إلى تمام السبعة كيف ما حصل . (غنية الناسک : (ص: ۱۰۹) باب فى ماهية الطواف ، ...... ط: إدارة القرآن)

▭ المعجم الوسيط : (۲/ ۵۷۱) باب الطاء ، ط: دار الدعوة .

▭ القاموس الوحيد : (ص: ۱۰۲۱) باب الطاء ، ط: إدارة إسلاميات .

(۲) ولايطوف أى لايدور حول البقعة ؛ لأنّ الطواف من مختصات الكعبة المنيفة ، فيحرم حول قبور الأنبياء والأولياء ، ولاعبرة بما يفعله العامة الجهلة ولوكانوا فى صورة المشائخ والعلماء . (إرشاد السارى : (ص: ۷۲۵) باب زيارة سيد المرسلين ﷺ ، فصل : فى آداب المجاورة فى =

طواف کب مکروہ ہے

جب جماعت کی نماز کے لئے اقامت ہوتی ہے، یا امام خطبہ کے لئے کھڑا ہوتا ہے اس وقت طواف کرنا مکروہ ہے، اس کے علاوہ کسی اور وقت بلکہ مکروہ اوقات میں بھی طواف کرنا مکروہ نہیں، (مکروہ اوقات میں نماز پڑھنا مکروہ ہے، طواف کرنا مکروہ نہیں ہے)(۱)

طواف کثرت سے کرنا

زیادہ عمرہ کرنے کے مقابلہ میں زیادہ طواف کرنا افضل ہے۔(۲)

= المدينة المنوّرة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۳۸۲) خاتمة فی زيارة قبر الرّسول ﷺ ، قبيل : فصل فی زيارة أهل البقيع ، ط: إدارة القرآن .

(۱) والطواف عند الخطبة ، أی مطلقًا لإشعاره بالإعراض ولو كان ساكتًا ، وإقامة المكتوبة ، فإن ابتداء الطواف حينئذٍ مكروه بلاشبهة ...... (إرشاد الساری : (ص: ۳۳۴)باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فی مكروهاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

والطواف عند الخطبة مطلقًا ولو ساكتًا ، وإقامة المكتوبة ، فإن ابتداء الطواف حينئذٍ مكروه بلاشبهة ...... ولايكره فی الأوقات الّتی يكره فيها الصلاة . (غنية الناسک : (ص: ۱۲۷) باب فی ماهية الطواف وأنواعه ...... فصل : وأمّا مكروهاته ، ط: إدارة القرآن)

البحر العميق : (۱۲۳۵/۲) الباب العاشر : فی دخول مكّة ...... فصل :فی إباحة الطواف فی النعلين وفی الشرب بالطواف ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

(۲) والطواف أفضل من العمرة إذا شغل به مقدار زمن العمرة . (غنية الناسک : (ص: ۱۳۸) باب السعی بين الصفا والمروة ، فصل : فی ما ينبغی له الاعتناء به بعد الفراغ من السعی أيّام مقامه بمكّة ، ط: إدارة القرآن)

البحر العميق : (۱۳۱۸/۳ ، ۱۳۱۹) الباب العاشر : فصل : مايستحب للحاج فی مدّة مقامه بمكة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

شامی : (۵۰۲/۲) كتاب الحج ، مطلب : السلاة أفضل من الطواف وهو أفضل من العمرة ، ط: سعيد .

طواف کرانے والا اپنے طواف کی نیت کرسکتا ہے

اگر کوئی شخص کسی معذور یا بیمار آدمی کو طواف کرائے اور ساتھ ساتھ اپنے طواف کی بھی نیت کرے تو اس کا طواف بھی ادا ہو جائے گا۔(۱)

طواف کرنے کا طریقہ

☆واضح رہے کہ بیت اللہ شریف کے چار کونے ہیں اور کونے کو عربی زبان میں ''رکن'' کہتے ہیں، مشرقی شمالی کونے کو ''رکن عراقی'' کہتے ہیں کیونکہ اس سمت میں ''عراق'' ہے اور مشرقی جنوبی کونے میں حجر اسود نصب ہے، اور مغربی شمالی کونے کو ''رکن شامی'' کہتے ہیں، کیونکہ اس سمت پر ملک شام ہے، اور مغربی جنوبی کونے کو ''رکن یمانی'' کہتے ہیں کیونکہ اس سمت میں ملک یمن ہے۔(۲)

☆طواف کے دوران باوضو ہونا ضروری ہے، لہذا طواف شروع کرتے

---

(۱) ولو طافوا بالمغمی علیه محمولاً أجزأ ذٰلک عن الحامل والمحمول، إن نوی أی الحامل عن نفسهٖ وعن المحمول وإن کان بغیر أمر المغمی علیه ...... (لباب المناسک مع إرشاد الساری: (ص: ۲۰۸) باب أنواع الأطوفة وأحکامها، فصل: فی طواف المغمی علیه والنائم، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة)

🗀 غنیة الناسک: (ص: ۱۱۱) باب فی ماهیة الطواف، فصل: فی أرکان الطواف و شرائطه، فروع فی طواف المغمٰی علیه والنائم والمریض، ط: إدارة القرآن.

🗀 بدائع الصنائع: (۱۲۸/۲) کتاب الحج، فصل: وأمّا رکنه، ط: سعید.

(۲) وللبیت أربعة أرکان: الرکن الأسود، والرکن الیمانی، ویقال لهما: الیمانیان، وأما الرکنان الآخران: فیقال لهما الشامیان. (البحر العمیق: (۱۱۹۷/۲) الباب العاشر: فصل: فی بیان أنواع الأطوفة، ط: مؤسّسة الریّان، المکتبة المکیّة)

🗀 والمراد بالرکنین الیمانین: الرکن الیمانی والرکن الّذی فیه الحجر الأسود، ویقال له العراقی لکونه إلی جهة العراق، قیل للّذی قبله الیمانی؛ لأنّه إلی جهة الیمین، ویقال لهما الیمانیان تغلیبًا لأحد الإسمین ...... ویقال للرکنین الآخرین الّذین یلیان الحجر ـ بکسر الحاء ـ الشامیان لکونهما بجهة الشام ...... (شرح صحیح مسلم للنووی ؒ: (۳۷۷/۱) کتاب الحج، باب بیان الأفضل أن یحرم حین تنبعث به راحلته متوجّهًا إلی مکة، ط: قدیمی)

وقت اگر وضو ہے تو بہتر ورنہ وضو کرلے۔(۱)

☆عمرہ کے پورے طواف میں اضطباع سنت ہے، یعنی مرد حضرات احرام کی چادر کے داہنے پلے کو اپنی داہنی بغل کے نیچے سے نکال کر بائیں کندھے کے اوپر ڈال لیں، اس کو"اضطباع" کہتے ہیں۔(۲)

☆طواف شروع کرنے سے پہلے حجر اسود کے سامنے اس طرح کھڑا ہو جائے کہ پورا حجر اسود دائیں جانب ہوجائے یعنی داہنا مونڈھا حجر اسود کے کنارے کے سامنے پڑتا ہو اور بدن حجر اسود کے بغل میں بائیں جانب ہو، اور تلبیہ پڑھنا بند کردے، اور طواف کی نیت کرے۔(۳)

---

(۱) الأوّل الطهارة عن الحدث الأكبر والأصغر ...... (إرشاد السارى : (ص: ۳۱۳) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فى واجبات الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک : (ص: ۱۱۲) باب فى ماهية الطواف ...... فصل : فى واجبات الطواف ، ط: إدارة القرآن .

☜ بدائع الصنائع : (۱۲۹/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا شرطه و واجباته ، ط: سعيد .

(۲) والاضطباع أى فى جميع أشواط الطواف الّذى سن فيه ...... فى طواف الحج و العمرة ...... (إرشاد السارى : (ص: ۲۲۵) باب أنواع الأطوفة وأحكامها، فصل : فى سنن الطواف ،ط : الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ وهو أى الاضطباع المسنون أى يجعل وسط ردائه تحت إبطه الأيمن ويلقى طرفيه أو طرفه على كتفه الأيسر ويكون المنكب الأيمن مكشوفًا ...... وهو الاضطباع سنة فى كل طواف بعده سعى كطواف القدوم والعمرة وطواف الزيارة على تقدير تأخير السعى ...... (إرشاد السارى : (ص: ۱۸۳) باب دخول مكّة ، فصل : فى صفة الشروع فى الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک : (ص: ۹۹) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل فى صفة الابتداء بالحجر الأسود ، ط: إدارة القرآن .

☜ شامى : (۴۹۵/۲) كتاب الحج ، فصل : فى الإحرام ، مطلب :فى دخول مكّة ، ط: سعيد .

(۳) ويقف على جانب الحجر الأسود مما يلى الركن اليمانى بحيث يصير جميع الحجر عن يمينه ، ويكون منكبه الأيمن عند الحجر ، فينوى الطواف ...... (غنية الناسک : (ص: ۱۰۰) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : فى صفة الابتداء بالحجر الأسود ، ط: إدارة القرآن) =

اور نیت اس طرح ہے:

اللھم انی ارید طواف بیتک الحرام سبعة اشواط

للہ تعالی فیسرہ لی و تقبلہ منی.

اے اللہ! میں تیرے گھر بیت اللہ الحرام کے سات چکروں کے طواف کی نیت کرتا ہوں، خالص تیری خوشنودی اور رضا کے لئے، پس اس کو میرے لئے آسان کردے اور قبول فرمالے۔

☆ اگر نیت سے پہلے اضطباع نہیں کیا تھا تو نیت کے بعد اضطباع کرے۔(۱)

☆ نیت کے بعد ذرا دائیں چل کر اس طرح کھڑا ہو جائے کہ سینہ اور چہرہ حجر اسود کی طرف ہو، یعنی حجر اسود بالکل چہرے کے سامنے ہو، پھر ''بسم اللہ اللہ اکبر و للہ الحمد'' پڑھتے ہوئے اس طرح دونوں ہاتھوں کو کانوں تک اٹھائے جیسے نماز کی تکبیر

= ▭ إرشاد الساری : (ص: ۱۸۳ . ۱۸۴) باب دخول مكّة ، فصل فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

▭ شامی : (۴۹۳/۲) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب فی دخول مكّة ، ط: سعيد .

▭ ويلبی فی مسجد مكّة ...... ومنی ...... وعرفات ...... لا فی الطواف أی لايلبی حال طوافه مطلقًا ؛ لأنّ اشتغاله حينئذٍ بالأدعية المأثورة أفضل ، وهٰذا إذا أريد به طواف القدوم أو طواف الفرض علی فرض تقديمه علی الرمی ، وإلاّ فلاتلبية فی طواف العمرة ولا فی طواف الفرض بعد الرمی . (إرشاد الساری : (ص: ۱۴۷) باب الإحرام ، فصل : و شرط التلبية أن تكون باللسان ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

(۲) فالاضطباع فی جميع أشواطه وينبغی أن يفعله قبل الشروع فی الطواف بقليل ...... و قال الطرابلسی : مضطبع مع شروعه فی الطواف ، فإن اضطبع قبله بقليل ، فلا بأس به . (غنية الناسک : (ص: ۱۱۸) باب فی ماهية الطواف وأنواعه ...... فصل : وأمّا سنن الطواف ، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساری : (ص: ۱۸۲ ، ۱۸۳) باب دخول مكّة ، فصل فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

▭ شامی : (۴۹۵/۲) كتاب الحج ، فصل فی الإحرام ، مطلب : فی دخول مكّة وحرمها ، ط: سعيد .

تحریمہ کے وقت اٹھاتے ہیں، ہاتھ اٹھاتے وقت دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں حجر اسود اور خانہ کعبہ کی طرف رہیں، پھر دونوں ہاتھوں کو گرا دے، اس عمل کو حجر اسود کا استقبال کہتے ہیں، اور یہ صرف طواف کے شروع میں ایک دفعہ کرنا ہوتا ہے باقی چھ چکروں میں استقبال نہیں کیا جائے گا۔(۱)

☆ اس کے بعد حجر اسود کا استلام کرے یعنی حجر اسود کو بوسہ دے، اس کی کیفیت یہ ہے کہ اپنی دونوں ہتھیلیاں حجر اسود پر رکھے اور اپنا منہ دونوں ہاتھوں کے درمیان حجر اسود پر اس طرح رکھے جیسے کہ نماز میں سجدہ کرتے وقت رکھتا ہے، اور آواز کے بغیر نرمی سے بوسہ دے یعنی حجر اسود پر صرف ہونٹ رکھ دے۔(۲)

اگر ہجوم کی وجہ سے یہ ممکن نہ ہو تو ایسی حالت میں صرف اشارہ کرے، اور اشارے کی کیفیت یہ ہے کہ حجر اسود کی طرف سینہ اور چہرہ کر کے کھڑے ہو کر دونوں

---

(۱) ثم يمشي مارا إلى يمينه ......حتى يحاذي الحجر أي يقابله ، فيقف بحياله ...... ويستقبله أي بوجهه ويبسمل ويكبّر ويحمد ويصلي ويدعو أي يقول : بسم الله والله أكبر ، ولله الحمد ، والصلاة والسلام على رسول الله ﷺ...... ويرفع يديه عند التكبير أي مقابل للحجر حذاء منكبيه أو أذنيه كما في الصلاة وهو الأصح ، مستقبلاً بباطن كفيه الحجر ...... ثم هل يرفع اليدين في كل تكبير يستقبل به في مبدأ كل شوط أو مختصّ بالأوّل ؟ فمال ابن الهمام إلى أنّ الثاني هو المعوّل ، وظاهر كلام الكرماني والطحاوي و بعض الأحاديث يؤيّد الأوّل ...... (إرشاد الساري : (ص: ۱۸۴ ، ۱۸۷) باب دخول مكّة ، فصل : في صفة الشروع في الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗀 شامي : (۴۹۳/۲) كتاب الحج ، فصل في الإحرام ، مطلب في دخول مكّة ، ط: سعيد .

🗀 غنية الناسك : (ص: ۱۰۲) باب دخول مكّة و حرمها ، فصل في صفة الاستلام ، ط: إدارة القرآن .

(۲) ثم يرسلهما ثم استلمه إن استطاع من غير أن يؤذي نفسه أو غيره بأن يضع كفيه على الحجر ويضع فمه بين كفيه ويقبله من غير صوت يظهر في القبلة ، وهو للطواف بمنزلة التكبير للصلاة ، ثم يسجد عليه استحبابًا ويستحب أن يكرر التقبيل والسجود عليه ثلاثًا . (غنية الناسك : (ص: ۱۰۲) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : في صفة الاستلام ، ط: إدارة القرآن)

🗀 شامي : (۴۹۳/۲) كتاب الحج ، فصل : في الإحرام ، مطلب في دخول مكّة ، ط: سعيد .

🗀 إرشاد الساري : (ص: ۱۸۴ ، ۱۸۵) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : في صفة الشروع في الطواف ،ط : الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

ہاتھ حجرِ اسود کے سامنے اس طرح پھیلائے کہ دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں کا رخ حجرِ اسود کی طرف رہے اور ہاتھوں کی پشت اپنے چہرے کی طرف رکھے اور یہ خیال کرے گویا دونوں ہاتھ حجرِ اسود پر رکھے ہیں، ہاتھ اٹھاتے ہوئے یہ پڑھے: "**اللہ اکبر لاالہ الااللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ**" یہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں کو بوسہ دے، اور چومتے وقت چٹخارے کی آواز پیدا نہ ہو، اس عمل کو "استلام" کہتے ہیں۔(۱)

☆استلام سے فارغ ہوکر اپنی جگہ پر کھڑے کھڑے اور پاؤں اپنی جگہ جمائے ہوئے طواف کی حالت میں آجائے، یعنی فوجی طریقہ سے دائیں طرف مڑ جائے اور بایاں کندھا بیت اللہ شریف کی طرف رہے، اور طواف شروع کردے۔(۲)

☆اگر یہ طواف عمرہ کا طواف ہے یا ایسا طواف ہے کہ اس کے بعد سعی بھی کرنی ہے (جیسا کہ طواف زیارت میں ہوتا ہے) تو شروع کے تین چکروں میں رمل بھی کرے اور "رمل" کا مطلب یہ ہے کہ دونوں شانے ہلاتے ہوئے پہلوانوں کی

---

(۱) وترک الإیذاء واجب فإن لم یقدر یضعهما ثم یقبلهما أو إحداهما وإلاّ یمکنه ذٰلک یمس بالحجر شیئًا فی یده ولو عصًا ثم قبله أی الشیئ، وإن عجز عنهما أی الاستلام والإمساس استقبله مشیرًا إلیه بباطن کفیه کأنّه واضعهما علیه، وکبّر وهلّل وحمد اللّٰه تعالیٰ وصلی علی النّبیّ ﷺ ثم یقبل کفیه. (الدر المختار مع رد المحتار: (۴۹۴/۲) کتاب الحج، فصل فی الإحرام، مطلب فی دخول مکّة، ط: سعید)

☐ غنیة الناسک: (ص: ۱۰۲) باب دخول مکّة وحرمها، فصل فی صفة الاستلام، ط: إدارة القرآن.

☐ إرشاد الساری: (ص: ۱۸۵) باب دخول مکّة، فصل: فی صفة الشروع فی الطواف، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة.

(۲) فإذا فرغ من الاستلام أو نحوه انفتل إلی یمینه، وجعل البیت عن یساره، فأخذ فی الطواف. (غنیة الناسک: (ص: ۱۰۳) باب دخول مکّة وحرمها، فصل: فی الأخذ فی الطواف و کیفیة أدائه، ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد الساری: (ص: ۱۸۷، ۱۸۸) باب دخول مکّة، فصل: فی صفة الشروع فی الطواف، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة.

☐ الدر مع الرد: (۴۹۴/۲) کتاب الحج، فصل فی الإحرام، مطلب: فی دخول مکّة، ط: سعید.

طرح سینہ تان کر قریب قریب قدم رکھتے ہوئے قدرے تیز چلے، پہلے تین چکروں میں رمل کے بعد آخر کے چار چکروں میں رمل نہ کرے بلکہ اعتدال سے چلے، اور عورتیں کسی بھی چکر میں رمل نہ کریں بلکہ طواف کے شروع سے آخر تک رمل کے بغیر اعتدال سے چلیں۔

اور اگر یہ طواف عمرہ کا طواف نہیں، یا اس طواف کے بعد سعی نہیں کرنی صرف طواف کرنا ہے تو اس صورت میں شروع کے تین چکروں میں رمل نہ کرے بلکہ ساتوں چکروں میں اعتدال کے ساتھ چلے۔(۱)

☆ طواف کرتے وقت خوب دھیان رہے کہ بیت اللہ شریف پر اللہ تعالیٰ کی رحمت کی تجلی کا نزول ہو رہا ہے، اور اس سے وہ تجلی میری طرف آرہی ہے جتنا زیادہ توجہ سے طواف کرے گا اتنا ہی زیادہ تجلیات سے حصہ ملے گا۔(۲)

☆ حطیم کو شامل کر کے طواف کرے، حطیم کے درمیان سے گزرنے سے وہ چکر پورا نہیں ہوگا اس چکر کو دوبارہ کرنا لازم ہوگا۔(۳)

---

(۱) والرمل سنة فی کل طواف بعده سعی حتی فی طواف الصدر لو لم یسع إلاّ بعده ...... والأصل أن کل طواف بعده سعی فمن سنته الاضطباع والرمل وإلاّ فلا . (غنیة الناسک : (ص: ۱۱۹) باب فی ماهیة الطواف ...... فصل : وأمّا سنن الطواف ، ط: إدارة القرآن)

🗀 البحر الرائق : (۲/۳۳۰) کتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعید .

🗀 الدر مع الرد : (۲/۴۹۸) کتاب الحج ، فصل: فی الإحرام ، مطلب فی طواف القدوم ،ط : سعید .

(۲) وإذا دخل مکّة بدأ بالمسجد الحرام ،...... داخلاً من باب السلام نهارًا ندبًا ملبیًا متواضعًا خاشعًا ملاحظاً جلالة البقعة . (الدر المختار مع الرد : (۲/۴۹۲) کتاب الحج ، مطلب : فی دخول مکّة ، ط: سعید)

🗀 غنیة الناسک : (ص: ۹۷) باب دخو؛ل مکّة ، فصل : و یستحب عند الأربعة ، ...... ط: إدارة القرآن.

🗀 البحر الرائق : (۲/۳۲۶) کتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعید .

(۳) السابع : الطواف وراء الحطیم أی جدار الحجر ، فلو لم یطف وراءه بل دخل الفرجة الّتی بینه و بین البیت أی وخرج من الفرجة الأخریٰ ، فطاف ، فعلیه الإعادة أو الجزاء . (إرشاد الساری : (ص: ۲۱۷) باب أنواع الأطوفة وأحکامها ، فصل : فی واجبات الطواف ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)=

☆طواف کے دوران نزدیک نزدیک قدم رکھ کر چلے، اور چکروں کے درمیان زیادہ فاصلہ یاوقفہ نہ کرے۔(۱)

☆طواف کے دوران اپنی نگاہ کو چلنے کی جگہ کے علاوہ اِدھراُدھر نہ گزارے بلا ضرورت ادھر ادھر لوگوں کو نہ دیکھے، کولہے، گدی یا منہ پر ہاتھ نہ رکھے ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں داخل نہ کرے خشوع خضوع اور عاجزی کے ساتھ طواف کرے۔(۲)

☆طواف کے دوران ایک دوسرے کے پیچھے نہ بھاگے۔(۳)

☆طواف کی دعاؤں کے ساتھ ساتھ درود شریف بھی پڑھتا رہے کیونکہ درود شریف افضل عبادت ہے بیت اللہ شریف کے ارکان (گوشے/کونے) کے نزدیک

= غنية الناسک : (ص: ۱۱۴) باب فی ماهية وأنواعه ، فصل : فی واجبات الطواف ، ط: إدارة القرآن .

البحر الرائق : (۲/۳۲۷) كتاب الحج ، باب الإحرام ،ط : سعيد .

(۱) المشی علی هيئته ، أی السكينة والوقار فی جميع أشواطه أن لاسعی بعده بأن لايسرع إسراعًا لما يتفرع عليه من تشويش الخاطر ، وأذية التدافع ...... والموالاة بين أشواطه وأجزاء الأشواط ، لكن المراد بها الموالاة العرفية ، لا أنّه لايقع فيها مطلق الفاصلة لتجويزهم الشرب ونحوه فی الطواف . (غنية الناسک : (ص: ۱۱۹ ، ۱۲۰) باب فی ماهية الطواف ، ...... فصل : وأمّا سنن الطواف ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری : (ص: ۲۲۵ ، ۲۲۶) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فی سنن الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

شامی : (۲/۴۹۸) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعيد .

(۲) فكل عمل ينافی الخشوع أی التذلل له سبحانه كالتلثم علی ما صرّح به فی " الكبير " وكذا الالتفات بوجهه إلی النّاس لغير ضرورة ، ووضع اليد علی الخاصرة أو علی القفا ونحوها . (إرشاد الساری : (ص: ۲۲۷) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فی مستحباته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۲۲) باب فی ماهية الطواف ، ...... فصل : وأمّا مستحبات الطواف ، ط: إدارة القرآن .

شامی : (۲/۴۹۲) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب فی دخول مكة ، ط: سعيد .

(۳) انظر الحاشية السابقة رقم : ۳ ، علی نفس الصفحة .

درود شریف پڑھنا اور بھی افضل ہے۔(۱)

☆ طواف کے دوران دعا کی طرح ہاتھ نہ اٹھائے اور نہ نماز کی طرح ہاتھ باندھے۔(۲)

☆ طواف میں ذکر واذکار اور دعا آہستہ کرے۔(۳)

☆ طواف کے دوران قرآن مجید کی تلاوت کرنے سے دعا پڑھنا افضل ہے۔(۴)

---

(۱) ویکون فی طوافہ أی فی جمیع أشواطه وأنواعه ذاکرًا ...... داعیًا أی بالدعوات المأثورة وغیرها ، المتعارفة المشهورة فی محلها المسطورة ، ...... مصلیا علی النّبیّ ﷺ أی فی أثناء ادعوات الطواف أو بدل الدعوات ، فإنّها من أفضل القربات ، وبالخصوص عند الأرکان لاسیما عند الرکن الأعظم ...... (إرشاد الساری : (ص: ۱۹۰ ، ۱۹۲ ، ۱۹۳) باب دخول مکّة وحرمها ، فصل فی صفة الشروع فی الطواف ،ط : الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

☜ غنیة الناسک : (ص: ۱۰۵ ، ۱۰۷) باب دخول مکّة و حرمها ، فصل : فی الأخذ فی الطواف وکیفیة أدائه ، ط: إدارة القرآن .

☜ شامی : (۴۹۷/۲) کتاب الحج ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعید .

(۲) ورفع الیدین للدعاء ووضعهما کالصلاة ، ومایفعله بعض العوام من رفع الیدین فی الطواف عند دعاء جماعة من الأئمة الشافعیة أو الحنفیة بعد الصلاة ، فلا وجه له . (غنیة الناسک : (ص: ۱۲۶) باب فی ماهیة الطواف ...... فصل : وأمّا مکروهاته ، ط: إدارة القرآن)

☜ إرشاد الساری : (ص: ۲۳۹) باب أنواع الأطوفة وأحکامها ، فصل : فی مسائل شتیٰ ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

☜ شامی : (۴۹۳/۲) کتاب الحج ، مطلب فی دخول مکّة ،ط : سعید .

(۳) والاسرار بالذکر والأدعیة ، إلاّ إذا کان الجهر مشوشًا للطائفین والمصلین فالإسرار واجب حینئذٍ . (غنیة الناسک : (ص: ۱۲۲) باب فی ماهیة الطواف ، فصل : وأمّا مستحبات الطواف ، ط: إدارة القرآن)

☜ إرشاد الساری : (ص: ۲۳۰) باب أنواع الأطوفة وأحکامها ، فصل : فی مستحباته ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

☜ شامی : (۵۰۷/۲) کتاب الحج ، قبیل : مطلب : الثناء علی الکریم دعاء ، ط: سعید .

(۴) وجاز فیهما أکل و بیع و افتاء و قراءة لکن الذکر أفضل منها ، أی من القراءة فی الطواف ...... والحاصل أن هدی النّبیّ ﷺ هو الأفضل ، ولم یثبت عنه فی الطواف قراءة بل الذکر وهو=

☆طواف میں چلنے کی حالت میں بیت اللہ شریف کی طرف منہ کرنا منع ہے۔(۱)

☆اور طواف کے دوران چلتے ہوئے بیت اللہ شریف کو نہ دیکھے اور ہاتھ سے اشارہ بھی نہ کرے البتہ ''رکن یمانی'' پر پہنچے تو اس کو دونوں ہاتھوں سے یا صرف دائیں ہاتھ سے چھونا ممکن ہو تو چھولے، بشرطیکہ پاؤں اپنی جگہ پر رہیں، سینہ اور قدم بیت اللہ کی طرف نہ ہو۔(۲)

اور بایاں کندھا رکن یمانی کی طرف ہو اگر اس طرح ہاتھ لگانے کا موقع نہ ملے تو اس کی طرف اشارہ نہ کرے بلکہ ایسے ہی گزر جائے۔(۳)

= المتوارث من السلف والجمع عليه فكان أولىٰ . (الدر مع الرد :(۲/۴۹۷) كتاب الهج ، فصل : في الإحرام ، مطلب طواف القدوم ، ط: سعيد)

☐ غنية الناسک: (ص: ۱۲۱، ۱۲۲) باب في ماهية الطوا ف...... ط: فصل وأمّا مستحباته، ط: إدارة القرآن.

☐ إرشاد السارى : (ص: ۲۳۲) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : في مباحاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۱) وليس شيئ من الطواف يجوز عندنا مع استقبال البيت ، فإذا استقبله عند استلام أحد الركنين ، ينبغي أن يقرّ قدميه في موضعهما حالة الاستقبال ، فإذا فرغ من الاستلام اعتدل قائمًا على حاله قبل الاستلام وجعل يساره إلى البيت كما كان ، فيطوف . (غنية الناسک : (ص: ۱۱۳) باب في ماهية الطواف ...... فصل : في واجبات الطواف ، تنبيه : إدارة القرآن)

☐ إرشاد السارى : (ص: ۲۱۶) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : في واجبات الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

☐ شامی: (۲/۴۹۴) كتاب الحج ، فصل : في الإحرام ، مطلب : في دخول مكّة ، ط: سعيد .

(۲) وليس شيئ من الطواف يجوز عندنا مع استقبال البيت ، فإذا استقبله عند استلام أحد الركنين ، ينبغي أن يقرّ قدميه في موضعهما حالة الاستقبال ، فإذا فرغ من الاستلام اعتدل قائمًا على حاله قبل الاستلام وجعل يساره إلى البيت كما كان ، فيطوف . (غنية الناسک : (ص: ۱۱۳) باب في ماهية الطواف ...... فصل : في واجبات الطواف ، تنبيه : إدارة القرآن)

☐ إرشاد السارى : (ص: ۲۱۶) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : في واجبات الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

☐ شامی : (۲/۴۹۴) كتاب الحج ، فصل : في الإحرام ، مطلب : في دخول مكّة ، ط: سعيد .

(۱) ويستحب استلام الركن اليماني في كل شوط ...... ثم عند العجز عن اللّمس للزحمة ليس=

☆حجر اسود اور رکن یمانی کے درمیان یہ دعائیں یا ان میں سے کوئی ایک دعا پڑھے:

۱. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.

۲. لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظلمین.

۳. اللھم انک عفو تحب العفو فاعف عنی.

۴. یاحی یاقیوم برحمتک استغیث.

۵. رب اغفر وارحم وانت خیر الرحمین.

۶. اللھم انی اسئلک الھدی والتقی والعفاف والغنی.

۷. ربنا اغفر لی ولوالدی وللمومنین یوم یقوم الحساب.

۸. رب اغفرلی وتب علی انک انت التواب الرحیم.

۹. استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ.

۱۰. اللھم انی اسئلک رضاک والجنة واعوذبک من غضبک والنار.

ان کے علاوہ بھی دوسری دعائیں بھی پڑھ سکتے ہیں۔(۲)

☆رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان یہ پڑھے:

ربنا اتنا فی الدنیا حسنة وفی الآخرة حسنة و قنا عذاب النار وأدخلنا الجنة مع الأبرار یاعزیز یاغفار یارب العلمین. (۲)

= فیہ النیابة عنه بالإشارة ، وهٰذا الّذی ذکرناه حسنٌ فی ظاهر الروایة . (إرشاد الساری : (ص: ۱۹۳) باب دخول مکة ، فصل فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۱۰۵) باب دخول مکّة وحرمها ، فصل : فی الأخذ فی الطواف وکیفیة أدائه ، ط: إدارة القرآن .

شامی : (۲/۴۹۸) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب فی طواف القدوم ،ط : سعید.

(۲) ویقول بین الرکن الیمانی والحجر : " ربّنا آتنا فی الدنیا هسنة وفی الآخرة حسنة و قنا =

ساتھ ساتھ درود شریف بھی پڑھے۔(۱)

☆ ہر چکر پورا ہونے پر حجر اسود کا ''استلام'' کرے، یعنی جب چکر لگا کر واپس حجر اسود یا اسکے برابر سامنے کی سمت پر پہنچے تو سینہ اور منہ حجر اسود کی طرف کر کے:

الله اکبر لاالٰہ الاالله والصلوۃ والسلام علی رسول الله

کہہ کر حجر اسود یا ہاتھ کو اس طرح بوسہ دے جس طرح پہلے چکر کے شروع میں کیا تھا اس طرح ایک چکر پورا ہو جائے گا۔

یاد رہے کہ استلام کے وقت ہاتھوں کو کانوں تک نہ اٹھائے، کانوں تک ہاتھ اٹھانا صرف طواف کے شروع میں ایک مرتبہ ہے۔(۲)

☆ اب اسی طرح سات چکر حجر اسود سے شروع کر کے حجر اسود تک پورے

= عذاب النّار '' ...... (مجموعة رسائل ابن عابدين : (۳۴۹/۲) بغية الناسک فی أدعية المناسک ، ط: عالم الکتب)

▭ إرشاد الساری : (ص: ۱۹۱) باب دخول مکّة ، فصل فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادية ، مکّة المکرّمة .

▭ غنية الناسک : (ص: ۱۲۴) باب فی ماهية الطواف وأنواعه ، ...... فصل : وأمّا مستحبات الطواف ، تنبيه : فی أماکن الإجابة ، ط : إدارة القرآن .

(۱) انظر الحاشية رقم : ۱ ، علی الصفحة السابقة ، رقم : ۱۰۶ .

(۲) ثم يمشی مارا إلی يمينه ......حتی يحاذی الحجر أی يقابله ، فيقف بحياله ...... ويستقبله أی بوجهه ويبسمل ويکبّر ويحمد ويصلی ويدعو أی يقول : بسم الله والله أکبر ، ولله الحمد ، والصلاة والسلام علی رسول الله ﷺ...... ويرفع يديه عند التکبير أی مقابل للحجر حذاء منکبيه أو أذنيه کما فی الصلاة وهو الأصح ، مستقبلاً بباطن کفيه الحجر ...... ثم هل يرفع اليدين فی کل تکبير يستقبل به فی مبدأ کل شوط أو مختصّ بالأوّل ؟ فمال ابن الهمام إلی أنّ الثانی هو المعوّل ، وظاهر کلام الکرمانی والطحاوی و بعض الأحاديث يؤيّد الأوّل ...... (إرشاد الساری: (ص: ۱۸۴ ، ۱۸۷) باب دخول مکّة، فصل: فی صفة الشروع فی الطواف، ط: الإمدادية ، مکّة المکرّمة)

▭ شامی : (۴۹۳/۲) کتاب الحج ، فصل فی الإحرام ، مطلب فی دخول مکّة ، ط: سعيد .

▭ غنية الناسک : (ص: ۱۰۲) باب دخول مکّة و حرمها ، فصل فی صفة الاستلام ، ط: إدارة القرآن .

کریں گے تو ایک طواف مکمل ہوگا۔(۱)

☆ سات چکر پورے ہونے کے بعد آٹھویں مرتبہ حجراسود کا ''استلام'' کرے، یعنی دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیاں حجراسود کی طرف کر کے ہاتھ چوم لے، اور یہ ''استلام'' ہر چکر کے شروع میں ہوگا، اور آخری چکر پورا کر کے حجراسود کا استلام کر کے واپس جانا ہے گویا ایک طواف میں آٹھ ''استلام'' ہوں گے۔(۲)

طواف کرنا منی روانہ ہونے سے پہلے

''حج کا احرام باندھنے کے بعد طواف کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔(۲/۱۵۷)

طواف کعبہ کے قریب سے کرے

طواف کے واجبات میں سے یہ ہے کہ کعبۃ اللہ کے دروازہ کے قریب دائیں جانب سے طواف شروع کرے، اور کعبہ کو اپنی بائیں جانب رکھے، کیونکہ کعبہ امام کے مانند ہے، اگر مقتدی اکیلا ہو تو امام کے دائیں جانب کھڑا ہوتا ہے اگر طواف

---

(۱) فیطوف سبعة أشواط وراء الحطیم ، ومن الحجر الأسود إلیه شوط . (لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ۱۸۸) باب دخول مکّة ، فصل : فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

☐ غنیة الناسک : (ص: ۱۰۳) باب دخول مکّة و حرمها ، فصل : فی الأخذ فی الطواف وکیفیة أدائه ، ط: إدارة القرآن .

☐ شامی : (۲/۴۹۶) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب فی دخول مکّة ،ط : سعید .

(۲) وکلما مرّ علی الحجر الأسود استلمه بآدابه ، کما فی الابتداء الاّ أنّه لایرفع یدیه مع التکبیر إلاّ فی الابتداء ...... واستلامه فی أوّل الطواف وآخره سنة ، فقیل : أدب ، وقیل : سنة ، ومشی فی " اللباب " علی الثانی ...... وإذا طاف سبعة أشواط استلم الحجر الأسود فختم الطواف به . (غنیة الناسک : (ص: ۱۰۴ ، ۱۰۵) باب دخول مکّة وحرمها ، فصل : فی الأخذ فی الطواف...... ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد الساری : (ص: ۱۸۷ ، ۱۹۴) باب دخول مکّة ، فصل : فی الشروع فی الطواف ،ط : الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

☐ البحر الرائق : (۲/۳۳۰ ، ۳۳۱) کتاب الحج ، باب الإحرام ، ط : سعید .

اس کے الٹ کیا یعنی بائیں طرف سے شروع کیا اور کعبہ کو دائیں جانب رکھا تو دوبارہ طواف کرنا یا دم دینا واجب ہے۔(۱)

طواف کی ابتداء

طواف کی ابتداء حجراسود سے کرنا ضروری ہے، اگر کسی نے طواف کی ابتداء حجراسود سے نہیں کی تو مکہ مکرمہ کے قیام کے دوران دوبارہ طواف کرنا واجب ہے۔(۲)

طواف کی ابتداء اور انتہا

طواف کی ابتداء اور انتہا حجراسود کے استلام (بوسہ لینے) سے ہوتی ہے۔(۳)

---

(۱) من الواجبات التيامن ...... وهو أخذ الطواف أی شروعه عن يمين نفسه وجعل البيت عن يساره ...... وضده أخذه عن يساره وجعل البيت عن يمينه وهو الطواف المنكوس ، الظاهر أنّه الطواف المقلوب والمعكوس...... والحاصل أن وجوب التيامن يفيد أنّ من أتٰی بخلافه من الصور المذكورة المخالفة للتيامن فی الهيئة والكيفية يحرم عليه فعله ، ويجب عليه الإعادة أو لزوم الجزاء . (إرشاد الساری : (ص: ۲۱۶) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل فی واجبات الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۱۳) باب فی ماهية الطواف ، ...... فصل : فی واجبات الطواف ، ط: إدارة القرآن .

الدر المختار مع الرد : (۲/۴۹۴) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب فی دخول مكّة ، ط: سعيد .

(۲) الابتداء من الحجر الأسود ...... ولو ابتدأ من غير الحجر أعاده مادام بمكّة فلو رجع فعليه دم . (غنية الناسک : (ص: ۱۱۲) باب فی ماهية الطواف ، ...... فصل : فی واجبات الطواف ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری : (ص: ۲۱۷) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل فی واجبات الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

شامی : (۲/۴۹۴) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فی دخول مكّة ، ط: سعيد .

(۳) واستلام الحجر فی أوّله وآخره ، وأمّا فيما بينهما فسنة مستحبة ، قال فی شرح الطحاوی : وإن افتتح الطواف باستلام الحجر ، وختم به ، وترک الاستلام فيما بين ذٰلک أجزأه . (غنية الناسک : (ص: ۱۱۹) باب فی ماهية الطواف وأنواعه ...... فصل : وأمّا سنن الطواف ، ط: إدارة القرآن)=

طواف کیا وہیل چیئر پر بیٹھ کر

''وہیل چیئر پر طواف کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (۳۱۵/٤)

طواف کی جگہ

☆طواف کی جگہ ''بیت اللہ شریف'' کے چاروں طرف مسجد کے اندر اندر ہے چاہے بیت اللہ سے قریب ہو یا دور اور چاہے ستون وغیرہ کو درمیان میں لے کر طواف کرے، طواف ہو جائے گا۔

☆اگر کوئی شخص مسجد حرام کی چھت پر چڑھ کر طواف کرے گا تو طواف ہو جائے گا اگر چہ چھت بیت اللہ شریف سے اونچی ہو ہے اس سے کوئی فرق نہیں آئے گا، البتہ اگر مسجد حرام سے باہر نکل کر طواف کرے گا تو طواف صحیح نہیں ہوگا۔(۱)

طواف کی دعا

جب آدم علیہ السلام اپنے پہلے حج میں عرفات کے میدان میں ٹھہرے ہوئے تھے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام ان کے پاس آئے اور انہوں نے کہا کہ ہم پچاس

= 🗀 إرشـاد السـاری : (ص: ۱۸۷) باب دخول مكّة ، فصل : فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗀 شامی : (۴۹۸/۲) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعيد .

(۱) واعـلـم أنّ مـكـان الـطـواف داخل المسجد ولو وراء زمزم (أی أو المقام أو السواری أو علی سطحه ولو مرتفعًا علی البيت لباب) لاخارجه لصيرورته طائفًا بالمسجد لا بالبيت . (الدر المختار : (۴۹۷/۲) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فی طواف القدوم ، ط: سعيد)

🗀 البحر الرائق : (۳۲۹/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط:سعيد .

🗀 غـنـية الـنـاسـک : (ص: ۱۰۹) بـاب فـی مـاهـية الطواف ...... فصل : فی أركان الطواف و شرائطه، ط: إدارة القرآن .

ہزار سال سے اس بیت اللہ کا طواف کررہے ہیں، تو آدم علیہ السلام نے ان سے پوچھا: طواف کے دوران آپ کیا پڑھتے تھے؟ انہوں نے کہا: ہم یہ پڑھتے تھے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ

ترجمہ: پاک ہے اللہ تعالیٰ کی ذات، اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

اس پر آدم علیہ السلام نے کہا: اس میں یہ جز اور بڑھا دو:

وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

ترجمہ: اور اللہ تعالیٰ کے سوا کسی میں طاقت وقوت نہیں۔

چنانچہ اس کے بعد آدم علیہ السلام جب طواف کرتے تھے تو یہی دعا پڑھا کرتے تھے۔(۱)

طواف کی مروجہ دعائیں

☆ طواف کی مروجہ دعائیں صحیح حدیث سے ثابت نہیں ہیں اس لئے ان دعاؤں کو سنت سمجھ کر پڑھنا درست نہیں، البتہ سنت سمجھے بغیر پڑھے تو درست ہے۔

☆ اکثر لوگوں کو یہ دعائیں یاد نہیں ہوتیں، طواف کے دوران کتاب دیکھ کر پڑھتے ہیں، اور ازدحام میں کتاب پڑھتے ہوئے چلنے سے خشوع خضوع اور اللہ کی طرف توجہ باقی نہیں رہتی۔(۲)

---

(۱) وعند ذٰلک قال آدم للملائکة : فمن کنتم تقولون حوله ؟ قالوا : کنا نقول : " سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلاَ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ " قال آدم : زیدوا فیها : وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ ، فکان آدم إذا طافها یقولها . (السیرة الحلبیة : (۱/ ۲۲۰) باب بنیان قریش الکعبة شرفها اللّٰه تعالیٰ ، ط: دار الکتب العلمیة بیروت)

(۲) وترک کل عمل ینافی الخشوع والتذلل کالتلثم والالتفات بغیر ضرورة ...... (غنیة الناسک : (ص: ۱۲۲) باب فی ماهیة الطواف ، فصل : وأمّا مستحبات الطواف ، ط: إدارة القرآن) =

☆طواف کرنے والوں کے ہجوم میں کتاب پر نظر رکھنا اپنے لئے اور دوسروں کے لئے بھی تکلیف کا باعث ہے، خاص طور پر دعاؤں کی خاطر جماعت اور گروہوں کی صورت میں چلنا سخت تکلیف پہنچانے والی بات ہے، اور کسی کو تکلیف پہنچانا حرام ہے۔(۱)

☆گروہوں کی شکل میں چلا چلا کر دعائیں پڑھنے سے دوسرے طواف کرنے والوں کے خشوع میں خلل پڑتا ہے۔(۲)

☆عام لوگ ان دعاؤں کے الفاظ کو صحیح طور پر ادا نہیں کر پاتے تو قافلہ کا بڑا

= ▭ إرشاد الساری : (ص: ۲۲۷) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فی مستحباته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

▭ واعلم أنّه غلب على عوام النّاس فی زماننا الإعراض فی الطواف عن قراءة القرآن وعن مهمات الأدعية ، وعن ذكر والدعا المرويين عن النّبیّ ﷺ وعن الصحابة رضی اللّٰه عنهم أجمعين ، وعن الأقدمين من السلف بسبب اشتغالهم بأدعية متكلفة غير مأثورة عن المتقدمين من السلف ، وإنّما ذكرها بعض المتأخرين من الفقهاء وليتهم لم يذكروها يحفظونها محرّفة ، ويدعون بها حول البيت ، ويخصّون كل ناحية من البيت بدعاء منها ، ويصيرون بمنزلة من يكرر على محفوظه ومن لم يحفظه تلقنه ممن يحفظه ويزول عنهم الخشوع بسبب اشتغالهم بتحفظه ، ويجتمع لذٰلک جماعة كثيرون من الرّجال والنساء حِلَقًا حِلَقًا حول من يتلقونه منه مستقبلی الكعبة و مستدبريها ...... (البحر العميق : (۱۲۱۷/۲) الباب العاشر : فی دخول مكّة وفی الطواف والسعی ، فصل : فی بيان أنواع الأطوفة ، ط: مؤّسة الريّان ، المكتبة المكيّة)

(۱) وإيذاء المسلم حرام و ترک الحرام أولىٰ من الإتيان بالسنة ...... (بدائع الصنائع : (۱۴۶/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا بيان سنن الحج و بيان الترتيب فی أفعاله ، ط: سعيد)

▭ البحر الرائق : (۳۲۶/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد .

▭ شامی : (۴۹۴/۲) كتاب الحج ، مطلب : فی دخول مكّة ، ط: سعيد .

(۲) وإيذاء المسلم حرام و ترک الحرام أولىٰ من الإتيان بالسنة ...... (بدائع الصنائع : (۱۴۶/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا بيان سنن الحج و بيان الترتيب فی أفعاله ، ط: سعيد)

▭ البحر الرائق : (۳۲۶/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد .

▭ شامی : (۴۹۴/۲) كتاب الحج ، مطلب : فی دخول مكّة ، ط: سعيد .

آدمی جماعت اور گروہ کو روک کر ان دعاؤں کے الفاظ کو کہلوانے کی کوشش کرتے ہیں، جب کہ طواف کے دوران بلاضرورت ٹھہرنا مکروہ تحریمی ہے۔(۱)

مزید یہ کہ اس حالت میں بعض لوگوں کی پیٹھ یا سینہ بیت اللہ کی طرف ہو جاتا ہے یہ بھی مکروہ تحریمی ہے اور اسی حالت میں اگر کچھ لوگ آگے کو سرک گئے تو ان پر اتنے حصہ کے طواف کا اعادہ کرنا واجب ہوگا۔(۲)

طواف کی نیت

☆''طواف'' صحیح ہونے کے لئے طواف کی نیت کرنا فرض ہے، طواف کی نیت کے بغیر بیت اللہ شریف کا کتنا ہی ''چکر'' لگایا جائے ''طواف'' نہیں ہوگا۔(۳)

---

(۱) وتفريق الطواف أى الفصل بين أشواطه تفريقًا كثيرًا ، فاحشًا سواء مرّة أو مرات لترك الموالاة . (إرشاد السارى : (ص: ۲۳۴) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فى مكروهاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ والوقوف للدعاء فى أثناء الطواف فى الأركان أو فى غيره ؛ لأنّ الموالاة بين الأشواط وأجزاء الأشواط سنة مؤكّدة ...... (غنية الناسک : (ص: ۱۲۶) باب فى ماهية الطواف ، ...... فصل : وأمّا مكروهاته ، ط: إداره القرآن)

▭ شامى : (۴۹۷/۲) كتاب الحج ، فصل : فى الإحرام ،مطلب : فى طواف القدوم ، ط: سعيد .

(۲) ولو عكس بأن أخذ عن يساره وجعل البيت عن يمينه ، وكذا لو استقبل البيت بوجهه أو استدبره وطاف معترضًا ...... أعاد مادام بمكّة ، ولو رجع فعليه دم . (الدر مع الرد : (۴۹۴/۲) كتاب الحج ، فصل : فى الإحرام ، مطلب : فى دخول مكّة ، ط: سعيد)

▭ غنية الناسک : (ص: ۱۱۳) باب فى ماهية الطواف ...... فصل : فى واجبات الطواف ، ط: إدارة القرآن.

▭ إرشاد السارى : (ص: ۲۱۶) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فى واجبات الطواف، ط : الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۳) والشرط أصل النية دون التعيين فإنّه مستحب أو سنة ، ولو لم ينو الطواف أصلاً بأن طاف طالبًا لغريم أو هاربًا من عدو أو لايعلم أنّه البيت لم يعتد به ...... (غنية الناسک : (ص: ۱۱۰) با فى ماهية الطواف ، فصل : فى أركان الطواف وشرائطه ، ط: إدارة القرآن .

▭ إرشاد السارى : (ص: ۲۰۵) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل فى تحقيق النية ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة . =

☆ طواف کی نیت عربی زبان میں کرنا زیادہ بہتر ہے، باقی عربی زبان کے علاوہ کسی بھی زبان میں کرے نیت صحیح ہو جائے گی، عربی زبان کے علاوہ کسی اور زبان میں مثلاً اردو زبان میں اس طرح کرے ''یا اللہ! میں تیری رضا کے لئے بیت اللہ شریف کے طواف کا ارادہ کرتا ہوں، اس کو میرے لئے آسان کر دے اور قبول فرما۔''

دل سے یہ نیت کرنا فرض ہے اور زبان سے بھی کہہ لینا افضل ہے۔(۱)

طواف کی نیت نہیں کی

اگر طواف کرنے والے نے طواف کی نیت نہیں کی اور طواف کرنے والا معذور و بیہوش بھی نہیں تھا، اس نے خود طواف کی نیت کر لی تھی تو طواف ہو گیا، اور اگر بیہوش تھا تو طواف نہیں ہوا، طواف کرانے والا نیت کر لیتا تو طواف ہو جاتا۔(۲)

= بدائع الصنائع : (۱۲۸/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا شرطه (أى الطواف) و واجباته ، ط: سعيد.

(۱) والنية بالإجماع وهى الإرادة ...... والمعتبر فيها عمل القلب اللازم للإرادة فلاعبرة للذكر باللسان إن خالف القلب ؛ لأنّه كلام لانية ...... والتلفظ عند الإرادة بها مستحب هو المختار وتكون بلفظ الماضى ولو فارسيًا ؛ لأنّه الأغلب فى الانشاء ات ، وتصحّ بالحال قهستانى . (الدر المختار : (۴۱۵/۱ ، ۴۱۶) كتاب الصلاة ، باب شروط الصلاة ، ط: سعيد)

غنية الناسك : (ص: ۷۸) باب الإحرام ، فصل : فى نية الإحرام ، ط: إدارة القرآن .

إرشاد السارى : (ص: ۱۴۳) باب الإحرام ، فصل : شرط النية أن تكون بالقلب ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة

(۲) ولو طافوا بالمغمى عليه محمولا أجزأه ذلك عن الحامل والمحمول إن نوى عن نفسه و عن المحمول ، وإن كان بغير أمر المغمى عليه ...... ولو طافوا بمريض وهو نائم من غير إغماء إن كان بأمره وحملوه على فوره يجوز وإلاّ فلا ...... وإن لم ينو الحامل الطواف بل نوى طلب غريم ، فإن كان المحمول عاقلاً ونوى الطواف أجزأه دون الحامل ، وإن كان المحمول مغمى عليه لم يجزه (أى الطواف لهما) لانتفاء النية منه ومنهم أى الحاملين ...... وعلم منه أنّه لو نوى الحامل عن نفسه ولم ينو المحمول جاز للحامل دون غيره سواء كان مفيقًا أو لا . (لباب المناسك مع إرشاد السارى : (ص: ۲۰۸) ۲۰۹ ، ۲۱۰) باب : فى أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فى طواف المغمى عليه والنائم ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة) =

طواف کے بعد دو رکعت

☆ ہر طواف کے سات چکروں کے بعد دو رکعت نماز پڑھنا واجب ہے، اور حرم شریف میں پڑھنا سنت ہے، اور مقام ابراہیم اور بیت اللہ کو سامنے لے کر پڑھنا افضل ہے۔(۱)

☆ اگر مکروہ وقت نہیں تو طواف سے فارغ ہوتے ہی بلا تاخیر دو رکعت نماز پڑھنا بہتر ہے اور اگر مکروہ وقت ہے تو بعد میں کسی وقت بھی دو رکعت نماز پڑھنا لازم ہے لیکن بلا عذر تاخیر کرنا مکروہ ہے۔(۲)

= ▭ غنية الناسک : (ص: ۱۱۱) باب فی ماهية الطواف ...... فصل : فی أركان الطواف وشرائطه ، فروع فی طواف المغمی عليه والنائم والمريض ، ط: إدارة القرآن .

▭ بدائع الصنائع : (۱۲۸/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا ركنه (الطواف) ط: سعيد .

(۱) وهی " أی صلاة الطواف " واجبة بعد كل طواف فرضًا كان أو واجبًا ، أو سنةً أو نفلاً ولاتختصّ بزمان ولامكانٍ ، أی باعتبار الجواز والصحة ، ولاتفوت فلو تركها لم تجبر بدم ولو صلّاها خارج الحرم ولو بعد الرجوع إلی وطنهٖ جاز ويكره ، والسنة الموالاة بينهما وبين الطواف ، وتستحب مؤكدًا أدائها خلف المقام ...... ثم فی الكعبة ثم فی الحجر تحت الميزاب ثم كل ما قرب من الحجر إلی البيت ثم باقی الحجر ثم ماقرب من البيت ثم المسجد ثم الحرم ، ثم لا فضيلة بعد الحرم ، بل الإساءة ...... (لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ۲۱۸ ، ۲۱۹ ، ۲۲۰) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک : (ص: ۱۱۶) باب فی ماهية الطواف ...... فصل : ومن الواجبات ركعتا الطواف ، ط: إدارة القرآن)

▭ الدر مع الرد : (۴۹۸/۲ ، ۴۹۹) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فی طواف القدوم ، ط: سعيد .

(۲) ويكره تأخيرها عن الطواف إلاّ فی وقت مكروه ، ولو طاف بعد العصر يصلی المغرب ثم ركعتی الطواف ثم سنة المغرب ، ولا تصلی إلاّ فی وقت مباح ......(لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ۲۲۳) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل فی ركعتی الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک : (ص: ۱۱۶ ، ۱۱۷) باب فی ماهية الطواف ...... فصل : ومن الواجبات : ركعتا الطواف ، ط: إدارة القرآن .

▭ شامی : (۴۹۸/۲ ، ۴۹۹) كتاب الحج ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعيد .

☆ اگر طواف کے بعد دو رکعت نماز پڑھنا یاد نہیں رہا، بھول گئے اور اپنے وطن پہنچ گئے تو اپنے وطن میں ہی پڑھ لے اس پر تاخیر کی وجہ سے دم وغیرہ واجب نہیں ہوگا اور نماز پڑھنے کا واجب ادا ہو جائے گا۔(۱)

☆ اگر کسی نے مکہ مکرمہ میں طواف کے بعد دو رکعت نماز نہیں پڑھی تو اس کو جہاں کہیں بھی ہو ادا کرنا واجب ہے، جب تک ادا نہیں کرے گا ذمہ سے ساقط نہیں ہوگی۔(۲)

☆ اگر یاد ہے تو پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃ الکافرون اور دوسری رکعت میں سورۃ الاخلاص پڑھے اور اگر ان کے علاوہ کوئی اور سورتیں پڑھے تب بھی جائز ہے۔(۳)

ا۔خواہ طواف فرض ہو یا واجب یا سنت یا نفل ہر قسم کے طواف کے بعد

(۱، ۲) وهی " أی صلاة الطواف " واجبة بعد كل طواف فرضًا كان أو واجبًا ، أو سنةً أو نفلاً ولاتختصّ بزمان ولامكانٍ ، أی باعتبار الجواز والصحة ، ولاتفوت فلو تركها لم تجبر بدم ولو صلّاها خارج الحرم ولو بعد الرجوع إلى وطنهٖ جاز ويكره ، والسنة الموالاة بينهما وبين الطواف ، وتستحب مؤكدًا أدائها خلف المقام ...... ثم فی الكعبة ثم فی الحجر تحت الميزاب ثم كل ما قرب من الحجر إلى البيت ثم باقی الحجر ثم ماقرب من البيت ثم المسجد ثم الحرم ، ثم لا فضيلة بعد الحرم ، بل الإساءة ...... (لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ۲۱۸ ، ۲۱۹، ۲۲۰) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۱۶) باب فی ماهية الطواف ...... فصل : ومن الواجبات ركعتا الطواف ، ط: إدارة القرآن)

🗁 الدر مع الرد : (۴۹۸/۲ ، ۴۹۹) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فی طواف القدوم ، ط: سعيد .

(۳) ويستحب أن يقرأ فی الأولىٰ بسورة الكافرون وفی الثانية الإخلاص ...... (لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ۲۲۲) باب أنواع الأطوفة ، فصل فی ركعتی الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۰۶) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : فی الأخذ فی الطواف و كيفية أدائه ، ط: إدارة القرآن .

1 شامی : (۴۹۸/۲ ، ۴۹۹) كتاب الحج ، مطلب : فی طواف القدوم ، ط: سعيد .

دو رکعت پڑھنا واجب ہے۔(۱)

۲۔حرم شریف سے مراد حدود حرم ہے اس لئے مسجد حرام کے علاوہ اپنے ہوٹل اور قیام گاہ میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔(۲)

طواف کے بعد دو رکعت اور بچہ

اگر باپ نے اپنے چھوٹے بچے کو اپنے ساتھ اٹھاتے ہوئے طواف کیا اور اس بچے کی طرف سے بھی اس نے طواف کی نیت کر لی تو باپ کے طواف کے ساتھ ساتھ بچے کا طواف بھی ہو جائے گا، البتہ باپ پر اپنے چھوٹے بچے کی جانب سے طواف کی دو رکعت لازم نہیں ہوں گی اور چھوٹے بچے پر بھی پڑھنا لازم نہیں ہوگا۔(۳)

(۱،۲) وهى "أى صلاة الطواف" واجبة بعد كل طواف فرضًا كان أو واجبًا، أو سنةً أو نفلاً ولاتختصّ بزمان ولامكانٍ، أى باعتبار الجواز والصحة، ولاتفوت فلو تركها لم تجبر بدم ولو صلّاها خارج الحرم ولو بعد الرجوع إلى وطنهٖ جاز ويكره، والسنة الموالاة بينهما وبين الطواف، وتستحب مؤكدًا أدائها خلف المقام ...... ثم فى الكعبة ثم فى الحجر تحت الميزاب ثم كل ما قرب من الحجر إلى البيت ثم باقى الحجر ثم ماقرب من البيت ثم المسجد ثم الحرم، ثم لا فضيلة بعد الحرم، بل الإساءة ...... (لباب المناسك مع إرشاد السارى : (ص: ۲۱۸، ۲۱۹، ۲۲۰) باب أنواع الأطوفة وأحكامها، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسك : (ص: ۱۱۲) باب فى ماهية الطواف ...... فصل : ومن الواجبات ركعتا الطواف، ط: إدارة القرآن)

▭ الدر مع الرد : (۴۹۸/۲، ۴۹۹) كتاب الحج، فصل : فى الإحرام، مطلب : فى طواف القدوم، ط: سعيد.

(۳) ويقضى به المناسك كلها، وينوى عنه حين يحمله فى الطواف، وجاز النيابة عنه فى كل شئ إلاَّ فى ركعتى الطواف فتسقطا. (غنية الماسنك : (ص: ۸۴) باب الإحرام، فصل فى إحرام الصبى ......، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد السارى : (ص: ۱۵۹) باب الإحرام، فصل فى إحرام الصبى، ط: الامدادية مكّة المكرّمة.

▭ شامى : (۴۶۶/۲) كتاب الحج، قبيل : مطلب : فى فروض الحج و واجباته، ط: سعيد.

طواف کے چکروں کی گنتی میں شبہ ہو

☆ اگر طواف فرض اور طواف واجب کے دوران چکروں کی گنتی میں شک و شبہ ہو جائے تو طواف دوبارہ شروع سے کرنا چاہئے۔

☆ اگر طواف سنت اور طواف نفل کے چکروں کی گنتی میں شک وشبہ ہو جائے تو غالب گمان پر بنا کرنا درست ہے۔(۱)

طواف کے چودہ چکر لگانے کا حکم

☆ ہر طواف کے سات ہی چکر ہوتے ہیں لیکن اگر کسی نے کسی بھی وجہ سے سات کے بجائے چودہ چکر لگا دیئے تو اس پر کوئی کفارہ یا جرمانہ نہیں آئے گا، لیکن دو طواف ہونے کی وجہ سے دو دو رکعت کر کے چار رکعات (واجب الطّواف) پڑھنا لازم ہوگا، اگر ایسے آدمی نے ابھی تک دو دو رکعت کر کے چار رکعات نہیں پڑھی تو فی الحال جہاں کہیں بھی چاہے پڑھ لے۔

واضح رہے کہ ایک طواف میں سات چکر سے زیادہ لگانا مناسب نہیں ہے؛ اس لئے جان بوجھ کر ایسا ہرگز نہ کرے۔(۲)

---

(۱) ولو شکّ فی عدد الأشواط فی طواف الرکن أعاده ولایبنی علی غالب ظنه بخلاف الصلاة، ...... أنّه لو شکّ فی أشواط غیر الرکن لایعیده بل یبنی علی غلبة ظنّه؛ لأنّ غیر الفرض علی التوسعة. (شامی: ۲/۴۹۶، ۴۹۷) کتاب الحج، مطلب: فی طواف القدوم، ط: سعید)

🗀 إرشاد الساری: (ص: ۲۳۶) باب أنواع الأطوفة، فصل: فی مسائل شتّٰی، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة.

(۲) والجمع بین أسبوعین فأکثر من غیر صلاة بینهما لما یترتب علیه من ترک السنة وهو الموالاة بین الطواف وصلاته لکل أسبوع عند أبی حنیفة و محمد ...... إلّا فی وقت کراهة الصلاة؛ لأنّه لاکراهة حینئذٍ بالجمع شفعاً و وتراً اتفاقًا، لکن یؤخر رکعتی الطواف إلی وقت مباح. (إرشاد الساری: (ص: ۲۳۴) باب أنواع الأطوفة و أحکامها، فصل فی مکروهاته، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة)

🗀 البحر الرائق: (۲/۳۳۱) کتاب الحج، باب الإحرام، ط: سعید. =

طواف کے دوران ایذاء رسانی

طواف کے دوران تیز دوڑنے کے لئے سامنے آنے والوں کو دھکا دے کر آگے نکلنے کی کوشش کرنا اور دوسروں کو تکلیف پہنچانا ناجائز اور حرام ہے، اس سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔(۱)

طواف کے دوران بدن یا کپڑے پر نجاست لگی ہو

اگر طواف کے دوران بدن پر نجاست لگی ہو، یا کپڑا نجس ہو تو دم یا صدقہ لازم نہیں ہوگا، مگر اس حالت میں طواف کرنا مکروہ ہوگا۔(۲)

= غنية الناسک : (ص: ۱۱۷) باب فی ماهية الطواف وأركانه ...... ، فصل : ومن الواجبات ركعتا الطواف ، ط: إدارة القرآن .

(۱) وإيذاء المسلم حرام وترک الحرام أولىٰ من الاتيان بالسنة .... (بدائع الصنائع : (۱۴۶/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا بيان سنن الحج و بيان الترتيب فی أفعاله ، ط: سعيد)

شامی : (۴۹۴/۲) كتاب الحج ، فصل : الإحرام ، مطلب فی دخول مكّة ، ط: سعيد .

البحر الرائق : (۳۲۶/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد .

(۲) (والطهارة فيه) من النجاسة الحكمية على المذهب قيل والحقيقة من ثوب و بدن ومكان الطواف ، والأكثر على أنّه سنة مؤكّدة ، وقال المحقق تحت (قوله : والأكثر على أنّه) أی هٰذا النوع من الطهارة فی الثوب والبدن سنة مؤكّدة ...... وفی البدائع إنّه سنة فلو طاف وعلى ثوبهٖ نجاسة أكثر من الدرهم لايلزمه شيئ بل يكره لإدخال النجاسة المسجد . (الدر مع الرد : (۴۶۹/۲) كتاب الطهارة ، مطلب : فی فروض الحج و واجباته ، ط: سعيد)

فأمّا الطهارة عن النّجس فليست من شرائط الجواز بالإجماع فلايفترض تحصيلها ولاتجب أيضًا لكنّه سنة حتىٰ لو طاف وعلى ثوبهٖ نجاسة أكثر من قدر الدرهم جاز ولايلزمه شيئ إلاّ أنّه يكره .

(بدائع الصنائع : (۱۲۹/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا شرائطه ، و واجباته ، ط: سعيد)

غنية الناسک : (ص: ۱۱۲) باب فی ماهية الطواف ...... ، فصل : فی واجبات الطواف ،ط: إدارة القرآن .

طواف کے دوران پینا

طواف کے دوران پانی پینا مباح ہے۔(۱)

طواف کے دوران حیض آجائے

اگر طواف کے دوران عورت کو حیض آجائے تو طواف کو وہیں روک دے اور جب خون بند ہو جائے تو غسل کرکے پاک ہو کر طواف کو شروع سے دوبارہ کرے، اور اس وقت تک احرام میں رہے۔(۲)

طواف کے دوران دھکا دینا

''طواف کے دوران ایذاء رسانی'' عنوان کو دیکھیں۔(۳/ ۱۶۱)

طواف کے دوران کھانا

طواف کی حالت میں کھانا اور خرید و فرخت کرنا مکروہ ہے، البتہ پانی پینا مباح ہے اس لئے طواف کے دوران کھانے اور خرید و فروخت کرنے سے بچنا چاہئے۔(۳)

---

(۱) وأمّا مباحات الطواف فالسلام ...... ويشرب و يفعل كل مايحتاج إليه . (غنية الناسک : (ص: ۱۲۵) باب فی ماهية الطواف ...... فصل : وأمّا مباحات الطواف ، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد السارى : (ص: ۲۳۲) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فی مباحاته ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

▭ الدر مع الرد : (۲/ ۴۹۷) كتاب الحج ، مطلب : فی طواف القدوم ، ط: سعيد .

(۳) ويمنع حل دخول المسجد ، وحل الطواف ولو بعد دخولها المسجد و شروعها فيه ؛ لأنّ الطهارة له واجبة فيكره تحريمًا . (الدر المختار مع رد المحتار : (۱/ ۲۹۲) كتاب الطهارة ، باب الحيض ، ط: سعيد)

▭ البحر الرائق : (۱/ ۱۹۶ ، ۱۹۷) كتاب الطهارة ، باب الحيض ، ط: سعيد .

▭ حاشية الطحطاوى على الدر : (۱/ ۱۴۹) كتاب الطهارة ، باب الحيض ، ط: سعيد .

▭ وانظر أيضًا: الحاشية رقم: ۱، على الصفحة الآتية رقم: ۱۲۳ .

(۱) وجاز فيهما أكل و بيع وافتاء و قراءة ...... (قوله : و جاز فيهما أكل و بيع) المصرّح فی =

طواف کے دوران لڑکی بالغ ہوگئی

اگر کسی نابالغ لڑکی نے عمرہ کا احرام باندھ کر والدین وغیرہ کے ساتھ طواف اور صفا مروہ کی سعی کی، اور طواف کے دوران حیض شروع ہونے کی وجہ سے بالغ ہوگئی ،تو ایسی لڑکی احرام نہ کھولے بلکہ پاک ہونے تک اسی احرام میں رہے خون بند ہونے کے بعد غسل کر کے دوبارہ بیت اللہ کا طواف اور صفا مروہ کی سعی کرے اور سر کے بال ایک پور تک کاٹ کر احرام سے نکل جائے۔(۱)

اور اگر اس لڑکی نے بالغ ہونے کے بعد پاک ہونے کے بعد دوبارہ طواف اور سعی نہیں کی اور احرام کھول دیا تو اس پر دم واجب نہیں ہوگا، کیونکہ اس نے نابالغی کی حالت میں احرام باندھا تھا، ملا علی قاریؒ نے لکھا ہے کہ ''اگر بچے نے ممنوعات احرام میں سے کسی چیز کا ارتکاب کیا تو اس کے ذمے کچھ نہیں'' خواہ یہ ارتکاب بلوغ کے بعد ہو، کیوں کہ وہ اس سے پہلے مکلّف نہیں تھا۔(۲)

= اللباب كراهة البيع وكراهة الأكل فى الطواف لا السعى ، ومثل البيع الشراء ، وعدّ الشرب فيهما من المباحات . (الدر مع الرد : (۴۹۷/۲) كتاب الحج ، مطلب : فى طواف القدوم ، ط: سعيد)

▭ إرشاد السارى : (ص: ۲۳۲) باب أنواع الأطوفة ، فصل : فى مباحاته ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة.

▭ غنية الناسک : (ص: ۱۲۵ ، ۱۲۶) باب فى ماهية الطواف وأنواعه ، فصل : وأمّا مباحات الطواف ، و فصل : وأمّا مكروهاته ، ط: إدارة القرآن .

(۱) وحيضها لايمنع نسكاً إلّا الطواف فهو حرام من وجهين دخولها المسجد وترک واجب الطهارة ...... (غنية الناسک : (ص: ۹۴) باب الإحرام ، فصل فى احرام المرأة ، ط: إدارة القرآن)

▭ الدر مع الرد : (۵۲۸/۲) كتاب الحج ، قبيل : باب القران ، ط: سعيد .

▭ إرشاد السارى : (ص: ۱۶۲) باب الإحرام ، فصل : فى إحرام المرأة ،ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

(۲) وينبغى لوليّه أن يجنبه ...... من محظورات الإحرام ...... وإن ارتكبها أى الصبى شيئًا من المحظورات لا شيئ عليه أى ولو بعد بلوغه لعدم تكليفه قبله .... (إرشاد السارى : (ص: ۱۵۹) باب الإحرام ، فصل : فى إحرام الصبى ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک : (ص: ۸۴) باب الإحرام ، فصل : فى إحرام الصبى ، ط: إدارة القرآن .

1 شامى : (۴۶۶/۲) كتاب الحج ، قبيل : مطلب فى فروض الحج و واجباته ، ط: سعيد .

طواف کے دوران مواد نکلے

اگر جسم کے کسی بھی حصے سے مواد نکلے تو طواف زیارت کے لئے ایام نحر کے اندر مواد بند ہونے کا انتظار کرنا واجب ہے۔(۱)

لیکن اگر مواد بند ہونے کا انتظار نہیں کیا اور طواف کرلیا تو طواف ہو جائے گا، لیکن ناپاکی کی حالت میں طواف کرنے کی وجہ سے دم دینا لازم ہوگا، البتہ بعد میں کسی بھی وقت اس طواف کا اعادہ کر لینے کی صورت میں دم ساقط ہو جائے گا۔(۲)

طواف کے دوران وضو ٹوٹ جائے

طواف کرنے کے لئے وضو شرط ہے، اگر طواف کے دوران وضو ٹوٹ جائے تو وضو کر کے دوبارہ طواف کیا جائے، اور اگر وضو کے ساتھ چار پانچ چکر پورے کر چکا ہے اس کے بعد وضو ٹوٹ گیا، تو وضو کر کے باقی چکر پورے کر لے، اور اگر چار پانچ چکر پورے ہونے سے پہلے وضو ٹوٹ گیا ہے تو اس صورت میں وضو کر کے نئے سرے سے طواف شروع کرے۔(۳)

---

(۱) الأوّل : الطهارة عن الحدث الأكبر والأصغر .... (إرشاد السارى : (ص: ۲۱۳) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فى واجبات الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۱۲) باب فى ماهية الطواف ، فصل : فى واجبات الطواف ، ط: إدارة القرآن.

شامى : (۴۶۹/۲) كتاب الحج ، مطلب : فى فروض الحج و واجباته ، ط: سعيد .

(۲) ولو طاف للزيارة كله أو أكثره محدثًا فعليه شاة ويعيده طاهرًا استحبابًا قيل : حتمًا ، فإن أعاده سقط عنه الدم . (غنية الناسک : (ص: ۲۷۲) باب الجنايات ، الفصل السابع فى ترک الواجب فى افعال الحج ، المطلب الأوّل : فى ترک الواجب فى طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۴۹۰) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : فى الجنايات فى أفعال الحج ، فصل فى حكم الجنايات فى طواف الزيارة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

شامى : (۵۵۰/۲ ، ۵۵۱) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۳) ولو خرج من الطواف أو من السعى إلى جنازة أو مكتوبة أو تجديد وضوء ، ثم عاد ، بنى =

البتہ سعی کے دوران وضو شرط نہیں ہے، اگر کسی نے وضو کے بغیر سعی کر لی تو ادا ہو جائے گی، دم بھی لازم نہیں ہوگا البتہ وضو کے ساتھ کرنا بہتر ہے۔(۱)

طواف کے دوران وضو ٹوٹ گیا

اگر طواف کے دوران وضو ٹوٹ جائے تو اسی جگہ طواف کا سلسلہ روک دینا لازم ہے، اور وضو کر کے وہاں سے طواف کی تکمیل کی جاسکتی ہے، لیکن بہتر یہ ہے کہ شروع سے طواف دوبارہ کرے۔(۲)

= لو كان ذلك بعد إتيان أكثره ولو استأنف لا شيئ عليه ، ويستحب الاستئناف في الطواف إذا كان قبل إتيان أكثره . (غنية الناسك : (ص: ١٢٧) باب في ماهية الطواف ، فصل : وأمّا مكروهاته ، ط: إدارة القرآن)

شامي : (٢/٤٩٧) كتاب الحج ، فصل في الإحرام ، مطلب في طواف القدوم ، ط: سعيد .

فتح القدير : (٢/٣٨٩) كتاب الحج ، باب الإحرام ، وهٰذه فروع تتعلق بالطواف ، ط: رشيديه.

أنظر أيضًا الحاشية السابقة ، رقم : ٤ ، على الصفحة السابقة ، رقم : ٣٠٢ .

(١) ولايجب فيه الطهارة عن الجنابة والحيض ، سواء كان سعى عمرة أو حج ؛ لأنّه عبادة تؤدى لا في المسجد والأصل أن كل عبادة تؤدى لا في المسجد الحرام في أحكام المناسك ، فالطهارة ليست بواجبة لها كالسعي ...... وأمّا عن الحدث الأصغر وعن النجاسة في الثوب والبدن فمستحب . (غنية الناسك : (ص: ١٣٤ ، ١٣٥) باب السعي بين الصفا والمروة ، فصل في واجبات السعي ، و فصل : في سنن السعي . ط: إدارة القرآن)

البحر العميق : (٣/١٢٩٥) الباب العاشر : فصل : الكلام في السعي ، ومن مستحباته ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكية .

إرشاد الساري : (ص: ٢٥٥) باب السعي بين الصفا والمروة ، فصل : في مستحباته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(٢) ولو خرج من الطواف أو من السعي إلى جنازة أو مكتوبة أو تجديد وضوء ، ثم عاد ، بنى لو كان ذلك بعد إتيان أكثره ولو استأنف لا شيئ عليه ، ويستحب الاستئناف في الطواف إذا كان قبل إتيان أكثره . (غنية الناسك : (ص: ١٢٧) باب في ماهية الطواف ، فصل : وأمّا مكروهاته ، ط: إدارة القرآن)

شامي : (٢/٤٩٧) كتاب الحج ، فصل في الإحرام ، مطلب في طواف القدوم ، ط: سعيد .

فتح القدير : (٢/٣٨٩) كتاب الحج ، باب الإحرام ، وهٰذه فروع تتعلق بالطواف ، ط: رشيديه .

أنظر أيضًا الحاشية السابقة ، رقم : ٤ ، على الصفحة السابقة ، رقم : ٣٠٢ .

طواف کے لئے پاک ہونا

''پاک ہونا'' عنوان کو دیکھیں۔ (۱/ ۲۳۷)

طواف کے نفل ممنوع اوقات میں پڑھنا

☆ امام اعظم ابوحنیفہؒ کے نزدیک ممنوع اوقات یعنی عصر کے بعد سے مغرب تک، فجر کے بعد سے اشراق تک، اور زوال کے وقت واجب الطّواف کی دو رکعت نماز ادا کرنا جائز نہیں ہے، اس دوران جتنے طواف کئے ہوں، مکروہ وقت ختم ہونے کے بعد ہر طواف کے لئے الگ الگ دو رکعت پڑھے۔ (۱)

☆ اگر کسی نے واجب الطّواف کی دو رکعت نماز مکروہ وقت میں ادا کی تو یہ ادا نہیں ہوگی، اگر نماز کے دوران مکروہ وقت کا خیال آجائے تو نماز اسی وقت توڑ دے، اور اگر نماز پوری پڑھ لی ہے تو مکروہ وقت گزرنے کے بعد دوبارہ پڑھے۔ (۲)

---

(۱) والسنة الموالاة بينها وبين الطواف ، فيكره تأخيرها عنه إلاّ فی وقت مکروه ، فيجب تأخيرها إلی وقت مباح ...... ولو صلاها فی وقت مكروه لايجوز ، فلاتنعقد عند طلوع الشمس مالم ترتفع قدر رمح ، وعند استواء ها إلی أن تزول ، وعند تغيّرها إلی أن تغيب ...... ويكره الجمع بين أسبوعين أو أكثر بلا صلاة بينهما عندهما ...... والخلاف فی غير وقت الكراهة ، أمّا فيه فلايكره إجماعًا ، وإذا زال وقت الكراهة ينبغی أن يكره الطواف قبل الصلاة لكل أسبوع ركعتين . (غنية الناسک : (ص: ۱۱۷) باب فی ماهية الطواف ، فصل : ومن الواجبات ركعتا الطواف ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۲۲۲، ۲۲۳) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فی ركعتی الطواف ، ط: الإمداية مكّة المكرّمة .

🗁 الدر مع الرد : (۲/ ۴۹۸، ۴۹۹) كتاب الحج ، فصل فی الإحرام ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعيد .

(۲) ولا تصلی ...... إلاّ فی وقت مباح أی لسعة زمانه فإن صلاها فی وقت مکروه كما سيأتی بيانه ، قيل : صحت مع الكراهة أی إن أداها ويجب عليه قطعها أی فی أثنائها ، فإن مضى فيها أی بأن كمّلها ، فالأحب أن يعيدها . (إرشاد الساری : (ص: ۲۲۳) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل فی ركعتی الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة) =

طواف کے ہر چکر میں نئی دعا پڑھنا

☆ عام کتابوں میں طواف کے ہر چکر کے لئے الگ الگ جو دعائیں لکھی گئی ہیں، یہ نبی کریم ﷺ سے منقول نہیں ہیں، بلکہ بعض بزرگوں سے منقول ہیں، اس لئے اگر یہ دعائیں یاد ہیں تو آہستہ آہستہ خشوع خضوع کے ساتھ پڑھیں ورنہ خشوع خضوع کے ساتھ جو بھی دعا اور ذکر آہستہ آہستہ کر سکتے ہیں کریں، اور بلند آواز سے قرآن مجید کی تلاوت بھی نہ کریں، اس سے دوسرے طواف کرنے والوں کو تکلیف ہوتی ہے، اور دوسروں کو تکلیف پہنچانا حرام ہے۔(۱)

☆ نبی کریم ﷺ سے طواف کے دوران رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان ''ربنا اتنا فی الدنیا حسنة و فی الآخرة و قنا عذاب النار'' پڑھنا منقول ہے۔(۲)

= غنیة الناسک : (ص: ۱۱۷) باب فی ماهیة الطواف ، فصل : ومن الواجبات رکعتا الطواف ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۲/۴۹۸، ۴۹۹) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعید .

(۱) وإتیان الأذکار والأدعیة فیه ...... ویکره أن یرفع صوته بالقراء ة فیه ، ولا بأس بقراء ته فی نفسه ...... والاسرار بالذکر والأدعیة إلّا إذا کان الجهر مشوشا للطائفین والمصلین ، فالإسرار واجب حینئذٍ . (غنیة الناسک : (ص: ۱۲۱ ، ۱۲۲) باب فی ماهیة الطواف ، فصل : وأمّا مستحبات الطواف ،ط : إدارة القرآن)

إرشاد الساری : (ص: ۲۳۰) باب أنواع الأطوفة وأحکامها ، فصل فی مستحباته ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

شامی : (۲/۵۰۷) کتاب الحج ، قبیل : مطلب : الثناء علی الکریم دعاء ، ط: سعید .

وإیذاء المسلم حرام .... (بدائع الصنائع : (۲/۱۴۶) کتاب الحج ، فصل : وأمّا بیان سنن الحج و بیان الترتیب فی أفعاله ، ط: سعید)

شامی : (۲/۴۹۴) کتاب الحج ، فصل فی الإحرام ، مطلب فی دخول مکّة ، ط: سعید .

البحر الرائق : (۲/۳۲۶) کتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعید .

(۲) ویقول بین الرکن الیمانی والحجر : " ربّنا آتنا فی الدنیا حسنة وفی الآخرة حسنة وقنا عذاب النّار " =

☆ جو بھی دعا یاد ہے پڑھنا درست ہے، تیسرا کلمہ، درود شریف، آیت کریمہ اور استغفار وغیرہ پڑھ سکتے ہیں البتہ آہستہ پڑھنا ضروری ہے، تاکہ دوسرے لوگوں کو تکلیف اور تشویش نہ ہو۔(۱)

☆ حج کے مقامات میں کسی دعا کو خاص طور پر معین کرنا اچھا نہیں ہے، جس دعا میں دل لگے اور جس کی ضرورت سمجھے وہ دعا کرے کیونکہ معین اور مخصوص الفاظ کی پابندی کی صورت میں قلب کی رقت اور خشوع خضوع باقی نہیں رہے گا اور اللہ سے توجہ ہٹ جائے گی۔(۲)

= .... (مجموعة رسائل ابن عابدين : (۳۴۹/۲) بغية الناسک فی أدعية المناسک ، ط: عالم الكتب)

▭ إرشاد الساری : (ص: ۱۹۱) باب دخول مكّة ، فصل : فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

▭ غنية الناسک : (ص: ۱۲۴) باب فی ماهيه الطواف ...... ، فصل : وأمّا مستحبات الطواف، ط: إدارة القرآن.

(۱) وإتيان الأذكار والأدعية فيه ...... ويكره أن يرفع صوته بالقراء ة فيه ، ولا بأس بقراء ته فی نفسه ...... والاسرار بالذكر والأدعية إلّا إذا كان الجهر مشوشا للطائفين والمصلين ، فالإسرار واجب حينئذٍ . (غنية الناسک : (ص: ۱۲۱ ، ۱۲۲) باب فی ماهية الطواف ، فصل : وأمّا مستحبات الطواف ،ط : إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساری : (ص: ۲۳۰) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل فی مستحباته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

▭ شامی : (۵۰۷/۲) كتاب الحج ، قبيل : مطلب : الثناء على الكريم دعاء ، ط: سعيد .

▭ وإيذاء المسلم حرام .... (بدائع الصنائع : (۱۴۶/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا بيان سنن الحج و بيان الترتيب فی أفعاله ، ط: سعيد)

▭ شامی : (۴۹۴/۲) كتاب الحج ، فصل فی الإحرام ، مطلب فی دخول مكّة ، ط: سعيد .

▭ البحر الرائق : (۳۲۶/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد .

(۲) هٰذا ولم يعين الإمام محمد من أئمتنا لمشاهد الحج شيئًا من الدعوات فإن توقيتها يذهب بالرقة ؛ لأنّه يصير كمن يكرّر محفوظه ، بل يدعو بما بداله ويذكر اللّٰه تعالىٰ كيفما ظهر له متضرّعًا . (إرشاد الساری : (ص: ۱۹۳) باب دخول مكّة ، فصل : فی صفة الشروع فی الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة) =

مزید ''ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنة'' عنوان کو بھی دیکھیں۔

طواف مسجد کے اندر سے ہو

طواف مسجد کے اندر سے ہونا ضروری ہے، اگر کعبہ کا طواف اوپر والی منزلوں سے کیا جائے تو بھی جائز ہے، لیکن اگر مسجد کے باہر سے طواف کیا تو یہ طواف درست نہ ہوگا۔(۱)

طواف مسجد کے باہر سے کیا

طواف مسجد حرام کے اندر ہونا ضروری ہے، اگر مسجد حرام سے باہر صحن یا صفا مروہ کی چھت پر سے کیا ہے تو طواف معتبر نہیں ہوگا اس طواف کو دوبارہ مسجد حرام کے اندر سے کرنا لازم ہوگا۔(۲)

مزید ''طواف میں مسعی سے چکر لگایا'' عنوان کو دیکھیں۔(۱۳۱/۳)

طواف میں آٹھواں چکر کرلیا

''آٹھواں شوط کرلے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۷۳/۱)

= غنية الناسک : (ص: ۱۰۵) باب دخول مكّة وحرمها ، فصل : فی الأخذ فی الطواف ...... ، ط: إدارة القرآن .

شامی : (۴۹۷/۲) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فی طواف القدوم ، ط: سعيد.

(۱، ۲) واعلم أنّ مكان الطواف داخل المسجد ولو وراء الزمزم ، (أو المقام أو السواری أو علی سطحه ولو مرتفعا علی البيت) لا خارجه لصيرورته طائفا بالمسجد لا بالبيت ؛ لأنّ حيطان المسجد تحول بينه و بين البيت .... (شامی : (۴۹۷/۲) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب فی طواف القدوم ، ط: سعيد)

البحر الرائق : (۳۲۹/۲) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد .

غنية الناسک : (ص: ۱۰۹) باب فی ماهية الطواف ، فصل : فی أركان الطواف و شرائطه ، ط: إدارة القرآن .

طواف میں تلبیہ پڑھنا

طواف شروع کرنے کے بعد طواف کے دوران تلبیہ نہ پڑھیں۔(۱)

طواف میں حطیم کے اندر سے گزر گیا

اگر طواف کے دوران ''حطیم'' کے اندر سے گزر گیا تو طواف صحیح نہیں ہوا ایسی صورت میں طواف دوبارہ کرے اور اگر وطن واپس آنے کی وجہ سے دوبارہ طواف کرنا ممکن نہ ہو تو حدود حرم میں ایک دم دے دے اور گوشت فقراء و مساکین میں تقسیم کردے، مالدار لوگ اس گوشت کو نہ کھائیں۔(۲)

---

(۱) ویلبی فی مسجد مکة ...... ومنی ...... وعرفات لا فی الطواف أی لایلبّی حال طوافه مطلقًا ؛ لأنّ أشغاله حینئذٍ بالأدعیة المأثورة أفضل . (إرشاد الساری : (ص: ۱۴۷) باب الإحرام ، فصل : وشرط التلبیة أن تکون باللسان ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۷۵) باب الإحرام ، فصل : فی کیفیة الإحرام وصفة التلبیة ...... ط: إدارة القرآن .

شامی : (۲/۴۹۱) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، قبیل مطلب : فی حدیث : " أفضل الحج العج والثج " ط: سعید .

(۲) السابع : الطواف وراء الحطیم ...... فلو لم یطف وراءہ بل دخل الفرجة الّتی بینه و بین البیت أی وخرج من الفرجة الأخریٰ، فطاف ، فعلیه الإعادة أو الجزاء ...... ثم الواجب أن یعیده علی الحجر ، والأفضل إعادة کله . (إرشاد الساری : (ص: ۲۱۷) باب أنواع الأطوفة وأحکامها ، فصل : فی واجبات الطواف ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۱۱۴) باب فی ماهیة الطواف ، فصل : فی واجبات الطواف ، ط: إدارة القرآن.

البحر الرائق : (۲/۳۲۷) کتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعید .

الثالث : ذبحه فی الحرم بالاتفاق ...... والسابع : التصدّق به علی فقیر ، فلو أعطاہ أی المتصدّق لحم هدیه لغنی لم یجز . (إرشاد الساری : (ص: ۵۵۴ ، ۵۵۵) باب فی جزاء الجنایات وکفاراتها ، فصل : فی أحکام الدماء وشرائط جوازها ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۲۶۲ ، ۲۶۳) باب الجنایات ، فصل : فی شرائط کفاراتها الثلاث ، مطلب : فی شرائط جواز الدم ، ط: إدارة القرآن .

شامی : (۲/۶۱۵ ، ۶۱۶) کتاب الهج ، باب الهدی ، ط: سعید .

طواف میں عورت مرد کے ساتھ ہو جائے

اگر طواف کے دوران عورت مرد کے ساتھ ہو جائے تو کسی کا بھی طواف فاسد نہیں ہوگا، دونوں کا طواف درست ہو جائے گا۔(۱)

طواف میں کعبہ کو بائیں جانب رکھنے کی وجہ

''طواف کعبہ کے قریب کرے'' عنوان کو دیکھیں۔(۳/ ۱۱۰)

طواف میں محاذات

''طواف میں عورت مرد کے ساتھ ہو جائے'' عنوان کو دیکھیں۔(۳/ ۱۳۱)

طواف میں مسعیٰ سے چکر لگایا

اگر کسی نے طواف زیارت مسجد حرام کی چھت پر کیا، اور رش کی وجہ سے صفا مروہ کی چھت پر سے گزرنے پر مجبور ہو گیا، تو اس کا طواف صحیح نہیں ہوا کیونکہ طواف کا مسجد کے اندر ہونا ضروری ہے، مسجد سے باہر طواف کرنے سے طواف نہیں ہوتا، ایسے آدمی پر طواف کا اعادہ کرنا لازم ہے۔(۲)

اگر زندگی میں دوبارہ طواف کرنے کا موقع نہیں ملا تو موت سے پہلے حرم کی حدود میں ایک اونٹ یا گائے یا بھینس کی قربانی کی وصیت کرنا اس پر واجب ہوگا۔(۳)

---

(۱) ولو حاذته إمرأة فى الطواف لايفسد أى طوافهما ؛ لأنّ الطواف ليس كالصلاة حقيقةً ولذا جاز إتمامه بوضوء آخر ، ولأنّ المحاذاة المفسدة لها شروط لم يتصور وجود جميعها فى تلك الحالة . (إرشاد السارى : (ص: ۲۳۷) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فى مسائل شتى ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۲۷) باب فى ماهية الطواف ، فصل : وأمّا مكروهاته ، ط: إدارة القرآن.

بدائع الصنائع : (ص: ۱۳۰) كتاب الحج ، فصل : وأمّا شرطه أى الطواف ، و واجباته ، ط: سعيد .

(۲) انظر الحاشية رقم : ۱ ، ۲ على الصفحة السابقة ، رقم: ۱۲۹ .

(۳) ولا فوات قبل الممات ، ولايجزئ عنه البدل أى الجزاء إلّا إذا مات بعد الوقوف بعرفة ......=

لیکن اگر اس نے بارھویں ذی الحجہ کا سورج غروب ہونے سے پہلے کوئی نفل طواف بھی کر لیا تھا تو دم ساقط ہو جائے گا، اور اگر بارہ تاریخ کے بعد طواف کیا ہے تو تاخیر کی وجہ سے حرم کی حدود میں ایک دم دینا لازم ہوگا۔

طواف میں نیابت کرانا

طواف میں نیابت جائز نہیں، اگر کسی آدمی پر طواف لازم ہے مثلاً طواف زیارت، طواف عمرہ، طواف وداع وغیرہ اور اس کی طرف سے دوسرے آدمی نے نائب بن کر طواف کیا، تو ایسی صورت میں جس کی طرف سے طواف کیا ہے اس کی طرف سے طواف کرنے کی ذمہ داری ساقط نہیں ہوگی، اگر ایسے لوگ معذور یا بیمار ہونے کی وجہ سے پیدل طواف نہیں کر سکتے تو جھولے یا وہیل چیئر پر بیٹھ کر طواف کریں۔(۱)

طواف نفل کا چکر چھوڑ دیا

''نفل طواف کا چکر چھوڑ دیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲۷۱/٤)

طواف نفل ناپاکی کی حالت میں کیا

''طواف نفل'' جنابت، حیض اور نفاس کی حالت میں کرنے سے جرمانے میں

= وأوصى بإتمام الحج ، تجب البدنة لطواف الزيارة ، وجاز حجه . (إرشاد الساري : (ص: ۳۲۹) باب طواف الزيارة ، فصل : في شرائط صحة الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۷۸) باب طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن .

شامي : (۲/۵۱۷) كتاب الحج ، مطلب : في طواف الزيارة ، ط: سعيد .

(۱) وكونه بنفسه أي وكون الطواف بنفس الناسک بلا نيابة عنه وهو ركن الطواف ، ولو محمولاً أي بعذر أو بغيره فلايجوز النيابة إلاّ للمغمى عليه قبل الإحرام على الصحيح ...... قيل : بل يشترط حضوره فيطاف به . والصبيّ غير المميز . (إرشاد الساري : (ص: ۳۲۹) باب طواف الزيارة ، فصل : في شرائط صحة الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۰۹) باب في ماهية الطواف ، فصل في أركان الطواف و شرائطه ، ط: إدارة القرآن.

شامي : (۲/۵۱۷) كتاب الحج ، مطلب في طواف الزيارة ، ط: سعيد .

ایک دم حدودِ حرم میں دینا لازم ہوگا، اور پاک ہونے کے بعد طواف دوبارہ کرنے سے دم ساقط ہو جائے گا۔(۱)

طواف واجب

''طواف واجب'' طواف وداع کو کہتے ہیں۔(۲)

طواف وداع

☆ میقات سے باہر رہنے والے آفاقی لوگوں پر منی سے واپس آنے کے بعد مکہ مکرمہ سے واپس ہوتے وقت طواف وداع کرنا واجب ہے۔(۳)

☆ جو عورت حج کے تمام ارکان اور واجبات ادا کر چکی، اور اس کا محرم روانہ ہونے لگے اور عورت کو اسی وقت حیض یا نفاس شروع ہو جائے اور پاک ہونے تک محرم کے ساتھ وہاں انتظار کرنے کی کوئی صورت نہ ہو تو طواف وداع اس عورت کے ذمہ واجب نہیں رہتا، اس کو چاہئے کہ مسجد حرام میں داخل نہ ہو مگر دروازہ کے پاس کھڑی ہو کر دعا مانگ کر رخصت ہو جائے، نیز عورت پر اس عذر کی وجہ سے دم بھی

---

(۱) ولو طاف للقدوم جنبًا فعليه دم ،...... ولو أعاده طاهرًا فی الجنابة أو الحدث سقط عنه الجزاء وحكم كل طواف تطوع كحكم طواف القدوم . (لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ۳۹۷) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فی أفعال الحج ، فصل فی الجناية فی طواف القدوم ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☐ غنية الناسک : (ص: ۲۷۵ ، ۲۷۶) باب الجنايات ، الفصل السابع : فی ترک الواجب فی أفعال الحج ، المطلب الثالث : فی ترک الواجب فی طواف القدوم ، ط: إدارة القرآن .

☐ شامی : (۲/۵۵۰) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

(۲،۳) طاف للصدر أو الوداع سبعة أشواط بلا رمل وسعی وهو واجب إلَّا علی أهل مكّة ومن فی حكمهم . (الدر المختار مع الرد : (۲/۵۲۳) كتاب الحج ، مطلب فی طواف الصدر ، ط: سعيد)

☐ إرشاد الساری : (ص: ۳۵۵) باب طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

☐ غنية الناسک : (ص: ۱۹۰) باب طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن .

واجب نہیں ہوگا۔(۱)

☆طواف وداع کے لئے نیت بھی ضروری نہیں، اگر واپسی سے پہلے کوئی نفلی طواف کرلیا ہے تو وہ طواف وداع کے قائم مقام ہوجاتا ہے، لیکن افضل یہی ہے کہ مستقل نیت سے واپسی کے عین وقت پر یہ طواف وداع کرے۔(۲)

☆اگر طواف وداع کرنے کے بعد کسی ضرورت سے پھر مکہ میں قیام کرے تو پھر چلتے وقت اگر وقت ہو تو طواف وداع دوبارہ کرنا مستحب ہے۔(۳)

---

(۱) ولایلزمها دم لترک الصدر أی طواف الوداع وتأخیر طواف الزیارة عن وقته ...... لعذر الحیض والنفاس ، وفی حاشیته تحت قوله : لعذر الحیض والنفاس :) قال الشارح الشیخ المرشدی : لکن هذا فیما إذا فاجأها الحیض والنفاس عقب تحللها ، و استمر بها حیث لم تجد وقتًا تقدر علی أداء طواف الزیارة فی وقته ، وفی طواف الصدر بأن أخذ أهلها فی الرحیل والعذر مستمر بها ، وأمّا إذا وجدت وقتًا بعده ولم تطفه ثم غشیها الحیض أو النفاس والدم متحتم علیها . (إرشاد الساری : (ص: ۱۶۲ ، ۱۶۳) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام المرأة ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۹۵) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام المرأة ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۵۲۸/۲) کتاب الحج ، قبیل : باب القران ، ط: سعید .

ویمنع حل دخول المسجد وحل الطواف ولو بعد دخولها المسجد وشروعها فیه .... (الدر المختار : (۲۹۲/۱) کتاب الطهارة ، باب الحیض ، ط: سعید)

البحر الرائق : (۱۹۶/۱ ، ۱۹۷) کتاب الطهارة ، باب الحیض ، ط: سعید .

حاشیة الطحطاوی علی الدر : (۱۴۹/۱) کتاب الطهارة ، باب الحیض ، ط: سعید .

والحائض وکذا النفساء تقف عند باب المسجد أی أیّ باب کان ، أو باب الحزوَرة وهو الأفضل ، وتدعو وتمضی أی ترکب أو تمشی . (إرشاد الساری : (ص: ۳۶۰) باب طواف الصدر ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۱۹۳) باب طواف الصدر ، فصل : فی سفة طواف الوداع وما یتبعه مما یودع به البیت ، ط: إدارة القرآن .

(۳،۲) وشرائط صحته : أصل نیة الطواف لا التعیین أی لا تعیین الصدر إذا وقع فی محله ...... وأمّا وقته : فأوّله بعد طواف الزیارة ، فلو طاف بعد الزیارة طوافًا أی أیّ طواف کان ، یکون عن الصدر ...... ولو فی یوم النحر ...... ویستحب أن یجعله أی طواف الصدر آخر طوافه عند السفر ...... ، ولو أقام أی تأخر بعده أی بعد طوافه ولو أیّامًا أی ثلاثة لیصحّ قوله : أو أکثره فلا بأ س، ...... والأفضل أن یعیده أی لیقع مستحبًا. =

☆ طواف وداع کے بعد دو رکعت واجب الطّواف پڑھے، دعا کرے پھر قبلہ رخ کھڑے ہوکر زمزم پیے، پھر حرم شریف سے رخصت ہو۔(۱)

☆ طواف وداع روزمرہ کے لباس میں کرسکتے ہیں اس کے لئے احرام کے کپڑے کی ضرورت نہیں، اس طواف میں رمل اور اضطباع نہیں اور اس کے بعد سعی بھی نہیں ہے۔(۲)

☆ طواف وداع سے پہلے مکہ مکرمہ میں قیام کے زمانہ میں اگر مزید عمرے کرنا چاہے تو کرسکتے ہیں البتہ عمرہ کرنے کے لئے حرم کی حدود سے باہر جا کر مثلاً مسجد عائشہ یا جعرانہ وغیرہ سے احرام باندھنا ضروری ہوگا۔(۳)

= (إرشاد الساری : (ص: ۳۵۵ ، ۳۵۶) باب طواف الصدر ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۱۹۰) باب طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن .

شامی : (۵۲۳/۲) کتاب الحج ، مطلب فی طواف الصدر ، ط: سعید .

(۱، ۲) وإذا دخل المسجد بدأ بالحجر الأسود فیستلمه ثم یطوف سبعًا بلا رمل ولا اضطباع ولا سعی بعده ، ثم یصلی رکعتین خلف المقام أو غیره ثم یأتی زمزم فیشرب منه . (إرشاد الساری : (ص: ۳۵۸) باب طواف الصدر ، فصل : فی صفة طواف الودوع ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۱۹۲) باب طواف الصدر ، فصل فی صفة طواف الوداع ، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد : (۵۲۳/۲ ، ۵۲۴) کتاب الحج ، مطلب فی طواف الصدر ، ط: سعید .

(۳) السنة أی أیّامها کلها وقت لها أی لجوازها إلّا أنّه یکره تحریمًا إنشاء إحرامها فی الأیّام الخمسة .... (إرشاد الساری : (ص: ۶۵۵) باب العمرة ، فصل فی وقتها ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۱۹۷) باب العمرة ، وتسمی الحج الأصغر ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۴۷۳/۲) کتاب الحج ، مطلب فی أحکام العمرة ، ط: سعید .

وأمّا میقات أهل الحرم ، والمراد به کل من کان داخل الحرم سواء کان أهله أولاً ، مقیمًا به أو مسافرًا ، فالحرم للحج ...... والحل للعمرة ، والأفضل من التنعیم من معتمر عائشة رضی اللّٰه عنها ...... ثم من الجعرانة .... (غنیة الناسک : (ص: ۵۷ ، ۵۸) باب المواقیت ، فصل : وأمّا میقات أهل الحرم ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری : (ص: ۱۱۷) باب المواقیت ، فصل : فی الصنف الثالث ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة.

الدر مع الرد : (۴۷۸/۲ ، ۴۷۹) کتاب الحج ، مطلب : فی المواقیت ، قبیل : فصل : فی الإحرام ، ط: سعید .

☆ بعض حضرات بارھویں یا تیرھویں تاریخ کو کنکریاں مارنے سے قبل منی سے مکہ آتے ہیں اور طواف وداع کرتے ہیں، پھر منی جا کر کنکریاں مارتے ہیں، اور وہیں سے اپنے شہر یا وطن کی طرف واپس ہو جاتے ہیں، ایسی صورت میں آخری کام ''رمی جمار'' ہوتا ہے، بیت اللہ کا طواف نہیں ہوتا، جب کہ رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے'' مکہ مکرمہ سے روانگی سے قبل آخری کام بیت اللہ کا طواف ہونا چاہئے'' اس لئے طواف وداع حج کے تمام کاموں سے فارغ ہونے کے بعد مکہ مکرمہ سے واپس آتے وقت کرنا ضروری ہے ورنہ ان کا عمل نبی کریم ﷺ کے فرمان کا خلاف ہوگا، اس لئے ہر کام نبی کریم ﷺ کے فرمان کے مطابق کریں اس کے خلاف نہ کریں۔(۱)

☆ بعض حضرات طواف وداع کے بعد مسجد حرام سے الٹے پاؤں کعبۃ اللہ کی طرف ہاتھ ہلاتے ہوئے واپس نکلتے ہیں اور چہرہ بیت اللہ کی طرف ہوتا ہے، یہ سنت سے ثابت نہیں ہے۔

اور الٹے پاؤں چلنے میں خود کو چوٹ لگنے اور دوسروں کو ایذاء پہنچنے کا اندیشہ ہے۔(۲)

البتہ بعض فقہاء کرام نے بیت اللہ کی تعظیم کی وجہ سے الٹے پاؤں باہر نکلنے کو بہتر کہا ہے۔

---

(۱) وأمّا وقته : فأوّله بعد طواف الزيارة ...... ولو في يوم النحر أى وإن وقع فى أوّل أيّام النحر ، مع أنه بقى من أفعال الحج أشياء ومحل الوداع هو الفراغ من الأعمال ويستحب أى يجعله أى طواف الصدر آخر طوافه عند السفر ...... ففى البدائع عن أبى حنيفة أنّه قال : ينبغى للإنسان إذا أراد السفر أن يطوف طواف الصدر حين يريد أن ينفر أى من مكّة ، وهذا بيان الوقت المستحب لا بيان أصل الوقت .... (إرشاد السارى : (ص: ۳۵۵ ، ۳۵۶) باب طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗀 غنية الناسک : (ص: ۱۹۰ ، ۱۹۱) باب طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن .

🗀 شامى : (۲/۵۲۳ ، ۵۲۴) كتاب الحج ، مطلب فى طواف الصدر ، ط: سعيد .

🗀 وأمّا مكانه فحول البيت لايجوز إلّا به لقول النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم من حج هذا البيت ، فليكن آخر عهده به الطواف . (بدائع الصنائع : (۲/۱۴۳) كتاب الحج ، فصل : وأمّا مكانه (أى طواف الصدر) ط: سعيد)

(۲) ثم يستلم الحجر ويرجع أى وراءه ...... و وجهه أو بصره إلى البيت متباكيًا أى وإن لم يكن باكيًا ، متحسرًا على فراقه حتى يخرج من أسفل المسجد أى استحبابًا قيل : من باب العمرة ،=

☆ اس آخری ''طواف وداع'' کے موقع پر جو کچھ چاہیں دل کھول کر اپنے لئے اور اپنے دوست واحباب اور رشتہ داروں کے لئے دعا مانگیں، مغفرت، صحت تندرستی، ایمان کی سلامتی، دوبارہ حج وعمرہ کی سعادت حاصل ہونے کی اور کاروبار اور زندگی میں خیر وبرکت کی اور ایمان کے ساتھ موت آنے کی دعائیں مانگیں، غرض کہ جو بھی مرادیں ہوں مانگ کر حزن اور ملال اور غم وافسوس کے ساتھ واپس آئیں۔(۱)

= والأصحّ أنّه من باب الحزورة كما عليه عمل العامة ، وقيل : أى فى صفة رجوعه ينصرف ويمشى ويلتفت إلى بيت كالمتحزن على فراقه ، وهذا أظهر و أيسر على الأكثر و به يحصل الجمع بين اختلاف الأدلّة والروايات ...... وقال الطرابلسى : وما يفعله النّاس من الرجوع القهقرى بعد الوداع فليس فيه سنة مرويّة وأثر محكى ، وقد فعله الأصحاب أى أصحاب المذهب ، ...... أقول : إن كان المراد به الطرابلسىّ ففيه إنّما ينكر كونه سنة ، لاكونه جائزًا أو بدعة مستحسنة . (إرشاد السارى : (ص: ۳۵۹ ، ۳۶۰) باب طواف الصدر ، فصل : فى صفة طواف الوداع ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک : (ص: ۱۹۳) باب طواف الصدر ، فصل فى صفة طواف الوداع ، ط: إدارة القرآن.

☜ الهندية : (۲۳۵/۱) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ،ط : رشيديه .

☜ ورده صاحب المدخل : واليحذر مما يفعله بعضهم من هٰذه البدعة : وهو أنّهم إذا خرجوا من مكّة ويخرجون من المسجد القهقرى وكذلک يفعلون فى مسجد النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم حين وداعهم له عليه الصلاة والسلم ، ويزعمون إنّ ذلک من باب الأدب وذلک من البدع المكروهة الّتى لاتصل لها فى الشرع الشريف ولا فعلها أحد من السلف الماضيين رضى اللّٰه عنهم ، وهو أشدّ النّاس حرصًا على اتباع السنة نبيهم صلى اللّٰه عليه وسلم . (المدخل لابن الحاج : (ص: ۴۱۸) فصل فى ذكر بعض ما الحاج فى حجه بما يتعين التحذير منه ، فصل ولا فضل أن يأتى بطواف الإفاضة)

(۱) ☜ وصفة الالتزام : أن يضع صدره وخده الأيمن على الجدار ويرفع يده اليمنىٰ إلى عتبة الباب اويتعلق بأستار البيت ، ويتشبث بها ساعة ، متضرّعًا متخاشعًا داعيًا ، باكيًا مكبّرًا مهلّلا ، مصليًا على النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم ، حامدًا ، ثم يستلم الحجر ويرجع و وجهه إلى البيت متباكيًا ، متحسّرًا على فراقه ، حتى يخرج من أسفل المسجد قيل من باب العمرة ، وقيل ينصرف ويمشى ويلتفت إلى البيت كالمتحزن على فراقه . (إرشاد السارى : (ص: ۳۵۹) باب طواف الصدر ، فصل فى صفة طواف الوداع ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک : (ص: ۱۹۳) باب طواف الصدر ، فصل فى صفة طواف الوداع ، ط: إدارة القرآن.

☜ بدائع الصنائع : (۱۶۰/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا سنن الحج وبيان الترتيب فى أفعاله ، ط: سعيد.

☆منی سے مکہ معظّمہ واپس ہوکر جو حضرات فوراً یا بعد میں وطن یا مدینہ منورہ جانا چاہتے ہیں ان پر جانے سے پہلے طواف وداع کرنا واجب ہے، اگر بلا عذر طواف وداع نہیں کیا تو حدود میں ایک دم دینا لازم ہوگا۔(۱)

☆طواف زیارت کے بعد کیا گیا نفلی طواف بھی طواف وداع کے قائم مقام ہوجاتا ہے اور طواف زیارت کے بعد جو بھی آخری طواف ہوگا وہ طواف وداع کے قائم مقام ہوجائے گا۔(۲)

☆اگر کوئی شخص طواف وداع کے بغیر میقات سے باہر چلا جائے گا اس پر دم واجب ہوجائے گا اس دم سے بچنے کی صورت یہ ہے کہ دوبارہ میقات سے عمرے کا احرام باندھ کر حرم میں آئے اور پہلے عمرہ کرے پھر اس کے بعد طواف وداع کرے،

---

(۱) أمّا الأوّل : فطواف الصدر واجب عندنا ...... أمّا شرائط الوجوب فمنها أن يكون من أهل الآفاق ...... فإن نفر ولم يطف يجب عليه أن يرجع ويطوف مالم يجاوز الميقات ؛ لأنّه ترك طوافًا واجبًا ، وأمكنه أن يأتي به من غير الحاجة إلى تجديد الإحرام ، فيجب عليه أن يرجع ويأتي به ، وإن جاوز الميقات لايجب عليه الرجوع ؛ لأنّه لايمكنه الرجوع إلاّ بالتزام عمرة بالتزام إحرامها ، ثم إذا أراد أن يمضي مضى وعليه دم ، وإن أراد أن يرجع أحرم بعمرة ثم رجع ، وإذا رجع يبتدئ بطواف العمرة ، ثم بطواف الصدر ولا شيئ عليه لتأخيره عن مكانه ، وقالوا الأولىٰ أن لايرجع ويريق دمًا مكان الطواف ؛ لأنّ هذا أنفع للفقراء وأيسر عليه ، لما فيه من دفع مشقة السفر و ضرر التزام الإحرام . (بدائع الصنائع : (۲/۱۴۲ ، ۱۴۳) كتاب الحج ، فصل : وأمّا طواف الصدر ، وفصل : وأمّا شرائطه ، وفصل : وأمكانه ، ط: سعيد)

▭ غنية الناسك : (ص: ۱۹۲ ، ۱۹۳ ، ۱۹۴) باب طواف السدر ، وفصل : فيمن خرج من مكّة ولم يطف ، ط: إدارة القرآن .

▭ إرشاد الساري : (ص: ۳۵۵ ، ۳۵۶ ، ۳۵۷) باب طواف الصدر ، وفصل : ومن خرج ولم يطفه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۲) ومن شرائط صحته نية الطواف ، والشرط أصل النية لا التعيين ، حتى لوطاف بعد طاف الزيارة لا يعين شيئًا ، أو نوىٰ تطوّعًا كان للصدر ؛ لأنّ الوقت تعين له ...... فلو طاف بعد ما حل النفر ، ونوى التطوع أجزأه عن الصدر . (غنية الناسك : (ص: ۱۹۰) باب طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساري : (ص: ۳۵۵) باب طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

▭ بدائع الصنائع : (۲/۱۴۳) كتاب الحج ، فصل : وأمّا شرائط جوازه ، ط: سعيد .

صرف طواف وداع کرنے کے لئے میقات کے باہر سے عمرے کے احرام کے بغیر نہ آئے ورنہ دم لازم ہوگا۔(۱)

☆ جو عورت مکہ مکرمہ سے واپسی کے وقت حیض میں ہو اس کے لئے طواف وداع کے لئے رکنا لازم نہیں، وہ طواف وداع کے بغیر وطن لوٹ سکتی ہے، اور مدینہ منورہ جاسکتی ہے، اس پر دم واجب نہیں ہوگا، ہاں جو عورتیں پاک ہیں ان کے لئے طواف وداع کرنا ضروری ہے ورنہ دم لازم ہوگا۔(۲)

☆ مکہ معظّمہ سے واپسی کے وقت نہایت حزن و ملال کا اظہار کریں، اور

---

(۱) أمّا الأوّل : فطواف الصدر واجب عندنا ...... أمّا شرائط الوجوب فمنها أن يكون من أهل الآفاق ...... فإن نفر ولم يطف يجب عليه أن يرجع ويطوف مالم يجاوز الميقات ؛ لأنّه ترك طوافًا واجبًا ، وأمكنه أن يأتى به من غير الحاجة إلى تجديد الإحرام ، فيجب عليه أن يرجع ويأتى به ، وإن جاوز الميقات لايجب عليه الرجوع ؛ لأنّه لايمكنه الرجوع إلّا بالتزام عمرة بالتزام إحرامها ، ثم إذا أراد أن يمضى مضى وعليه دم ، وإن أراد أن يرجع أحرم بعمرة ثم رجع ، وإذا رجع يبتدئ بطواف العمرة ، ثم بطواف الصدر ولا شيئ عليه لتأخيره عن مكانه ، وقالوا الأولىٰ أن لايرجع ويريق دمًا مكان الطواف ؛ لأنّ هذا أنفع للفقراء وأيسر عليه ، لما فيه من دفع مشقة السفر و ضرر التزام الإحرام . (بدائع الصنائع : (۲/۱۴۲ ، ۱۴۳) كتاب الحج ، فصل : وأمّا طواف الصدر ، وفصل : وأمّا شرائطه ، وفصل : وأمكانه ، ط: سعيد)

☐ غنية الناسک : (ص: ۱۹۲ ، ۱۹۳ ، ۱۹۴) باب طواف السدر ، وفصل : فيمن خرج من مكّة ولم يطف ، ط: إدارة القرآن .

☐ إرشاد السارى : (ص: ۳۵۵ ، ۳۵۶ ، ۳۵۷) باب طواف الصدر ، وفصل : ومن خرج ولم يطفه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۲) فلايجب على المعتمر ...... والحائض والنفساء ...... وإذا طهرت الحائض قبل أن تفارق بنيان مكّة ، يلزمها طواف الصدر ، وإن جاوزت ثم طهرت لم يلزمها ......والنفساء كالحائض . (غنية الناسک : (ص: ۱۹۰ ، ۱۹۲) باب طواف الصدر ، فصل : فيمن خرج ولم يطف ، ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد السارى : (ص: ۳۵۵ ، ۳۵۷) باب طواف الصدر ، فصل : ومن خرج ولم يطفه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

☐ بدائع الصنائع : (۲/۱۴۲ ، ۱۴۳) كتاب الحج ، فصل : وأمّا شرائطه ، ط: سعيد .

بیت اللہ کی جدائی پر گریہ وزاری کے ساتھ واپس ہوں۔(۱)

☆ حیض اور نفاس والی عورت پر طواف وداع معاف ہے، ان پر یہ طواف واجب نہیں ہے، اور دم بھی نہیں ہے۔(۲)

☆ حیض یا نفاس والی عورت، حیض ونفاس کی وجہ سے طواف وداع کئے بغیر واپس جارہی تھی کہ مکہ کی آبادی سے نکلنے سے پہلے خون بند ہوکر پاک ہوگئی تو اگر مکہ میں واپس لوٹنا اپنے اختیار میں ہے تو واپس لوٹ کر طواف وداع کرنا واجب ہوگا اور اگر واپس لوٹ کر آنا اپنے اختیار میں نہیں ہے تو واپس لوٹ کر طواف وداع کرنا واجب نہیں ہوگا۔(۳)

---

(۱) وصفة الالتزام : أن يضع صدره وخده الأيمن على الجدار ويرفع يده اليمنٰى إلى عتبة الباب اويتعلق بأستار البيت ، ويتشبث بها ساعة ، متضرّعًا متخاشعًا داعيًا ، باكيًا مكبّرًا مهلّلا ، مصليًا على النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم ، حامدًا ، ثم يستلم الحجر ويرجع و وجهه إلى البيت متباكيًا ، متحسّرًا على فراقه ، حتى يخرج من أسفل المسجد قيل من باب العمرة ، وقيل ينصرف ويمشى ويلتفت إلى البيت كالمتحزن على فراقه . (إرشاد السارى : (ص: ۳۵۹) باب طواف الصدر ، فصل فى صفة طواف الوداع ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۹۳) باب طواف الصدر ، فصل فى صفة طواف الوداع ، ط: إدارة القرآن.

(۲) ولايجب على المعتمر أى ولو كان آفاقيًا ولا على أهل مكّة ...... والحرمِ والحلِ والمواقيت ...... وفائت الحج والمحصر والمجنون والصبى والحائض والنفساء ومن نوى الإقامة الأبدية بمكّة قبل حل النفر الأوّل من أهل الآفاق . (لباب المناسک مع إرشاد السارى : (ص: ۳۵۵) باب طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۹۰) باب طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن .

بدائع الصنائع : (۱۴۲/۲ ، ۱۴۳) كتاب الحج ، فصل : وأمّا شرائطه (طواف الصدر) ، ط: سعيد.

(۳) وإذا طهرت الحائض قبل أن تفارق بنيان مكّة يلزمها طواف الصدر وإن جاوزت ثم طهرت لم يلزمها ، ولو طهرت فى أقلّ من عشرة فلم تغتسل ولم يذهب وقت صلاة حتى خرجت من مكّة لم يلزمها العود ، ولو خرجت وهى حائض ثم طهرت ، فرجعت إلى مكّة قبل مجاوزة الميقات لزمها الطواف ، والنفساء كالحائض . (لباب المناسک مع إرشاد السارى : (ص: ۳۵۷) باب طواف الصدر ، فصل : ومن خرج ولم يطفه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة) =

☆اور اگر مکہ کی آبادی سے نکلنے کے بعد پاک ہوئی تو واپس لوٹ کر طواف وداع کرنا واجب نہیں لیکن اگر میقات سے گزرنے سے پہلے کسی وجہ سے مکہ واپس آئے گی تو طواف وداع کرنا واجب ہوگا۔(١)

☆حائضہ عورت پر طواف وداع واجب نہیں، ہاں اگر موقع ہو تو پاک ہونے کے بعد طواف وداع کر کے واپس ہونا افضل ہے۔(٢)

☆اہل حرم، اہل حل، اہل میقات اور حائضہ، نفساء، مجنون اور نابالغ پر طواف وداع واجب نہیں ہے۔(٣)

= ▭ غنية الناسک : (ص: ١٩٢) باب طواف الصدر ، فصل : فيمن خرج من مكّة ولم يطف ، ط: إدارة القرآن .

▭ التاتارخانية : (٢/ ٤٧١) كتاب المناسک ، الفصل الثالث : فی تعليم أعمال الحج ، طواف الوداع ، ط: إدارة القرآن .

(١) وإذا طهرت الحائض قبل أن تفارق بنيان مكّة يلزمها طواف الصدر وإن جاوزت ثم طهرت لم يلزمها ، ولو طهرت فی أقلّ من عشرة فلم تغتسل ولم يذهب وقت صلاة حتى خرجت من مكّة لم يلزمها العود ، ولو خرجت وهی حائض ثم طهرت ، فرجعت إلى مكّة قبل مجاوزة الميقات لزمها الطواف ، والنفساء كالحائض . (لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ٣٥٧) باب طواف الصدر ، فصل : ومن خرج ولم يطفه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک : (ص: ١٩٢) باب طواف الصدر ، فصل : فيمن خرج من مكّة ولم يطف ، ط: إدارة القرآن .

▭ التاتارخانية : (٢/ ٤٧١) كتاب المناسک ، الفصل الثالث : فی تعليم أعمال الحج ، طواف الوداع ، ط: إدارة القرآن .

(٢، ٣) ولايجب على المعتمر أی ولو كان آفاقيًا ولا على أهل مكّة ...... والحرمِ والحلِ والمواقيت ...... وفائت الحج والمحصر والمجنون والصبی والحائض والنفساء ومن نوى الإقامة الأبدية بمكّة قبل حل النفر الأوّل من أهل الآفاق . (لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ٣٥٥) باب طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک : (ص: ١٩٠) باب طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن .

▭ بدائع الصنائع : (٢/ ١٤٢ ، ١٤٣) كتاب الحج ، فصل : وأمّا شرائطه (طواف الصدر) ، ط: سعيد .

☆حیض و نفاس والی عورت طواف وداع نہ کرے بلکہ حدود مسجد سے باہر باہر دعا مانگ کر رخصت ہو جائے۔(۱)

طواف وداع اور حیض

جو عورت حج کے تمام ارکان و واجبات ادا کر چکی ہے اور اس کا محرم روانہ ہونے لگے اور عورت کو اسی وقت حیض یا نفاس شروع ہو جائے اور پاک ہونے تک وہاں ٹھہرنے کی گنجائش نہ ہو یا محرم کے ساتھ ویزہ میں توسیع کی گنجائش نہ ہو، تو طواف وداع اس عورت کے ذمہ واجب نہیں رہتا، اس کو چاہیے کہ مسجد حرام میں داخل نہ ہو مگر دروازہ کے پاس کھڑی ہو کر دعا مانگ کر رخصت ہو جائے، نیز عورت پر عذر کی وجہ سے دم نہیں ہوگا۔(۲)

طواف وداع اور نفاس

”طواف وداع اور حیض“ عنوان کو دیکھیں۔(۳/۱۴۲)

طواف وداع جنابت کی حالت میں کیا

اگر جنابت کی حالت میں طواف وداع کیا ہے تو جرمانہ میں ایک دم حدود حرم میں دینا لازم ہوگا، اور اگر پاک ہونے کے بعد طواف دوبارہ کرلے گا تو دم ساقط

---

(۱) والحائض وكذا النفساء تقف عند باب المسجد أى أىّ باب كان، أو باب الحزوَرة وهو الأفضل، وتدعو وتمضى أى تركب أو تمشي. (إرشاد السارى: (ص: ۳۶۰) باب طواف الصدر، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک: (ص: ۱۹۳) باب طواف الصدر، فصل: فى سفة طواف الوداع، ط: إدارة القرآن.

▭ الدر المختار: (۱/۲۹۲) كتاب الطهارة، باب الحيض، ط: سعيد.

(۲) انظر الحاشية، رقم: ۱، وعلى الصفحة السابقة، رقم: ۱۴۰، والحاشية السابقة ايضًا.

ہو جائے گا۔(۱)

طواف وداع رہ جائے

اگر کسی حاجی نے طواف زیارت کے بعد کوئی نفلی طواف بھی نہیں کیا اور طواف وداع بھی نہیں کیا تو اس پر ایک دم واجب ہوگا اور یہ دم حرم کی حدود میں دینا لازم ہوگا۔(۲)

طواف وداع عمرہ میں

''عمرہ میں طواف وداع'' عنوان کو دیکھیں۔(۲۱۹/۳)

طواف وداع کا طریقہ

''طواف وداع'' اس طواف کو کہتے ہیں جو اپنے وطن کو واپسی کے وقت بیت اللہ شریف سے رخصت ہونے کے لئے کیا جاتا ہے، یہ سادہ طواف ہوتا ہے، اس میں رمل اور اضطباع نہیں کیا جاتا، اور اس کے بعد سعی بھی نہیں ہوتی، رمل اور اضطباع ایسے طواف میں مسنون ہے جس کے بعد سعی ہو۔(۳)

(۲،۱) ومن ترک طواف الصدر کله أو أکثره فعلیه شاة أی لترک الواجب وما دام فی مکّة یؤمر بأن یطوفه ...... ولو طافه أی الصدر جنبا فعلیه شاة ...... ثم عاد الطواف سقط عنه الجزاء ولایجب بالتأخیر شیئ اتّفاقًا . (إرشاد الساری : (ص: ۴۹۶ ، ۴۹۷) باب الجنایات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنایات فی أفعال الحج ، فصل : فی الجنایة فی طواف الصدر ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۲۷۵) باب الجنایات ، الفصل السابع : فی ترک الواجب فی أفعال الحج ، المطلب الثانی : فی ترک الواجب فی طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۲/ ۵۵۰ ، ۵۵۳) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید .

(۳) فصل فی صفة طواف الوداع أی کیفیته عند إرادة الرجوع إلی أهله ، وإذا دخل المسجد بدأ بالحجر الأسود أی بعد النیة فیستلمه ...... ثم یطوف سبعًا ...... بلا رمل ولا اضطباع و لا سعی بعده ؛ لأنّ التنفّل بهٰذه الثلاثة غیر مشروع . (إرشاد الساری : (ص: ۳۵۸) ، باب طواف الصدر ، ط: فصل : فی صفة طواف الوداع ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة) =

طواف وداع کو، طواف صدر، طواف واجب، طواف افاضہ اور طواف رخصت بھی کہتے ہیں۔(۱)

طواف وداع کا وقت

☆ طواف وداع کا وقت طواف زیارت کے بعد شروع ہوتا ہے جبکہ مکہ مکرمہ سے وطن واپسی کا پختہ ارادہ ہو۔

☆ طواف وداع کے وقت میں اگر نفل کی نیت سے کوئی طواف کرلیا جائے تب بھی طواف وداع ہوجاتا ہے، البتہ مستحب یہ ہے کہ واپسی کے ارادہ کے وقت طواف وداع کرے، اس سے معلوم ہوا کہ جن حاجیوں نے طواف زیارت کے بعد نفلی طواف کئے ہیں ان کا طواف وداع ادا ہوگیا، ان کے ذمے دم واجب نہیں ہے۔

☆ طواف زیارت کے بعد چلتے وقت طواف وداع کرنا افضل ہے، طواف زیارت کے بعد اگر نفل طواف کر چکا ہے تو وہ بھی طواف وداع کے قائم مقام ہوجائے گا۔(۲)

= غنية الناسک : (ص: ۱۹۲) باب طواف الصدر ، فصل : فی صفة طواف الوداع ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۵۲۳/۲) کتاب الحج ، مطلب فی طواف الصدر ، ط: سعید .

(۱) الثالث : طواف الصدر ، بفتحتين بمعنى الرجوع ...... يسمّٰى طواف الرجوع ، ويسمّى طواف الوداع بفتح الواؤ و بكسرها لموادعته البيت أو الحج لعدم صحته بدونه ...... ويسمّى طواف الإفاضة لكونه لايصحّ إلّا بعد المراجعة من الوقوف وأداءِ طواف ركنه و طواف آخر عهد بالبيت ؛ لأنّه يسنّ وقوعه حينئذٍ عندنا . (إرشاد الساری : (ص: ۲۰۱) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، الثالث : طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

شامی : (۵۲۳/۲) کتاب الحج ، مطلب : فی طواف الصدر ، ط: سعید .

البحر العميق : (۱۹۰۶/۴) الباب الثانی عشر : فی الأعمال المشروعة يوم النحر ، فصل : النفر من منى إلى مكّة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبه المكيّة .

(۲) ومن شرائط صحته نية الطواف ، والشرط أصل النية لا التعيين حتى لو طاف بعد طواف الزيارة=

طواف وداع کب کیا جائے

☆ مکہ مکرمہ سے واپس آتے وقت طواف وداع کرنا بہتر ہے تاکہ آخری ملاقات بیت اللہ شریف کے ساتھ ہو، اور اگر اس سے پہلے بھی کرلیا ہے تو کافی ہو جائے گا۔(۱)

اور یہ طواف واجب ہے نہ کرنے کی صورت میں ایک دم دینا لازم ہوگا، اگر خواتین حیض ونفاس کی وجہ سے نہ کرسکیں تو طواف وداع ساقط ہو جائے گا اور دم بھی واجب نہیں ہوگا۔(۲)

= لايعيّن شيئًا ، أو نوى تطوعًا كان للصدر ،؛ لأنّ الوقت تعيّن له ...... فلو طاف بعد إرادة السفر ، ونوى التطوّع أجزأه عن الصدر ، ...... وأن يكون بعد طواف الزيارة كله أو أكثره ، ولو بقى عليه من أفعال الحج واجبات و سنن ، ومحل الوداع هو الفراغ من الأعمال ...... وأمّا وقت الاستحباب فأن يوقعه عند إرادة السفر ...... ولو أقام بعده ولو أيّامًا أو أكثر فلا بأس ، والأفضل أن يعيده ...... والحاصل : أن المستحب فيه أن يقع عند إرادة السفر بعد الفراغ من أفعال الحج ، بل من جميع أشغاله ، ويعقبه الخروج من غير مكث ...... (غنية الناسک : (ص: ۱۹۰، ۱۹۱) ، باب طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۳۵۵ ، ۳۵۶) باب طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗀 الدر مع الرد : (۲/ ۵۲۳) كتاب الحج ، مطلب : فى طواف الصدر ، ط: سعيد .

(۱) ومن شرائط صحته نية الطواف ، والشرط أصل النية لا التعيين حتى لو طاف بعد طواف الزيارة لايعيّن شيئًا ، أو نوى تطوعًا كان للصدر ،؛ لأنّ الوقت تعيّن له ...... فلو طاف بعد إرادة السفر ، ونوى التطوّع أجزأه عن الصدر ، ...... وأن يكون بعد طواف الزيارة كله أو أكثره ، ولو بقى عليه من أفعال الحج واجبات و سنن ، ومحل الوداع هو الفراغ من الأعمال ...... وأمّا وقت الاستحباب فأن يوقعه عند إرادة السفر ...... ولو أقام بعده ولو أيّامًا أو أكثر فلا بأس ، والأفضل أن يعيده ...... والحاصل : أن المستحب فيه أن يقع عند إرادة السفر بعد الفراغ من أفعال الحج ، بل من جميع أشغاله ، ويعقبه الخروج من غير مكث ...... (غنية الناسک : (ص: ۱۹۰، ۱۹۱) ، باب طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۳۵۵ ، ۳۵۶) باب طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗀 الدر مع الرد : (۲/ ۵۲۳) كتاب الحج ، مطلب : فى طواف الصدر ، ط: سعيد .

(۲) انظر الحاشية، رقم: ۱، على الصفحة رقم: ۱۴۰، ورقم: ۱، على الصفحة السابقة، رقم: ۱۴۱ .

☆ طواف وداع کے بعد بھی مکہ مکرمہ جاسکتا ہے، مسجد حرام میں جاسکتا ہے ،نماز پڑھ سکتا ہے ،طواف اور عبادت کرسکتا ہے، دوبارہ مسجد حرام میں جانے کی وجہ سے طواف وداع کا اعادہ کرنا واجب نہیں ہوگا۔(۱)

طواف وداع کس پر واجب ہے؟

☆ طواف وداع میقات سے باہر رہنے والے آفاقی حاجیوں پر واجب ہے خواہ حج افراد کیا ہو یا قران یا تمتع ، بشرطیکہ عاقل بالغ ہوں، معذور نہ ہوں، اہل حرم، اہل حل، اہل میقات، اہل جدہ اور حائضہ ،نفساء، مجنون اور نابالغ پر واجب نہیں ہے۔(۲)

☆ طواف وداع صرف حج میں واجب ہے، عمرہ میں نہیں۔(۳)

---

(۱) ومن شرائط صحته نية الطواف ، والشرط أصل النية لا التعيين حتى لو طاف بعد طواف الزيارة لايعيّن شيئًا ، أو نوى تطوعًا كان للصدر ،؛ لأنّ الوقت تعيّن له ...... فلو طاف بعد إرادة السفر ، ونوى التطوّع أجزأه عن الصدر ، ...... وأن يكون بعد طواف الزيارة كله أو أكثره ، ولو بقي عليه من أفعال الحج واجبات و سنن ، ومحل الوداع هو الفراغ من الأعمال ...... وأمّا وقت الاستحباب فأن يوقعه عند إرادة السفر ...... ولو أقام بعده ولو أيّامًا أو أكثر فلا بأس ، والأفضل أن يعيده ...... والحاصل : أن المستحب فيه أن يقع عند إرادة السفر بعد الفراغ من أفعال الحج ، بل من جميع أشغاله ، ويعقبه الخروج من غير مكث .... (غنية الناسک : (ص: ۱۹۰، ۱۹۱) ، باب طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساری : (ص: ۳۵۵ ، ۳۵۶) باب طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

▭ الدر مع الرد : (۵۲۳/۲) كتاب الحج ، مطلب : فی طواف الصدر ، ط: سعيد .

(۳،۲) هو واجب على الحاج الآفاقی المفرد والمتمتع و القارن ، ولا يجب على المعتمر ، ولا على أهل مكّة ، والحرم والحل والمواقيت وفائت الحج والمحصر و المجنون والصبی والحائض والنفساء ومن نوى الإقامة الأبدية بمكّة قبل حل النفر الأوّل من أهل الآفاق ، وفی شرحه تحته : لكن قال أبو يوسف : إنّی أحبه للمكی أی ومن فی معناه ؛ لأنّه وضع لختم أفعال الحج ، (لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ۳۵۵) باب طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک : (ص: ۱۹۰) باب طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن .

▭ الدر مع الرد : (۵۲۳/۲) كتاب الحج ، مطلب : فی طواف الصدر ، ط: سعيد .

☆ طواف وداع مکی اور میقاتی کے لئے مستحب ہے واجب نہیں۔(۱)

☆ جو شخص مکہ مکرمہ یا اطرافِ مکہ مکرمہ کو مستقل طور پر وطن بنالے تو اس سے یہ طواف وداع ساقط ہو جاتا ہے، لیکن اگر بارھویں ذی الحجہ کے بعد مکہ مکرمہ یا اس کے اطراف میں دائمی طور پر ٹھہرنے کی نیت کی ہے تو طواف وداع ساقط نہیں ہوگا۔(۲)

☆ اگر بارہویں ذی الحجہ سے پہلے مکہ مکرمہ یا اس کے اطراف میں دائمی طور پر رہنے کی نیت کرنے کے بعد مکہ مکرمہ سے سفر کرنے کا ارادہ ہو گیا تو بھی طواف وداع واجب نہیں ہوگا جیسے مکہ مکرمہ میں رہنے والا اگر کہیں جائے تو اس پر واجب نہیں ہوتا۔(۳)

☆ اگر کسی نے مکہ مکرمہ میں اقامت کی نیت کی لیکن مستقل وطن نہیں بنایا، تو طواف وداع ساقط نہ ہوگا اگر چہ سالہا سال رہے۔(۴)

☆ طواف وداع کا اول وقت طواف زیارت کے بعد ہے، اگر طواف وداع کے بعد مکہ مکرمہ میں کچھ قیام ہو گیا تو چلتے کے وقت اگر وقت ہو تو دوبارہ طواف وداع

(۱، ۲، ۳) هو واجب على الحاج الآفاقي المفرد والمتمتع و القارن ، ولا يجب على المعتمر ، ولا على أهل مكّة ، والحرم والحل والمواقيت وفائت الحج والمحصر و المجنون والصبى والحائض والنفساء ومن نوى الإقامة الأبدية بمكّة قبل حل النفر الأوّل من أهل الآفاق ، وفي شرحه تحته : لكن قال أبو يوسف : إنّي أحبه للمكي أي ومن في معناه ؛ لأنّه وضع لختم أفعال الحج ، (لباب المناسك مع إرشاد الساري : (ص: ۳۵۵) باب طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☐ غنية الناسك : (ص: ۱۹۰) باب طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن .

☐ الدر مع الرد : (۲/۵۲۳) كتاب الحج ، مطلب : في طواف الصدر ، ط: سعيد .

(۴) (ولا يسقط) هذا الطواف (عنه) أي عن الحاج الآفاقي ، (هذا الطواف بنية الإقامة) سواء كان بعد النفر الأوّل أو قبله ولو سنين أي ولو كانت مدة الإقامة سنين كثيرة . (إرشاد الساري : (ص: ۳۵۶) باب طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☐ غنيه الناسك : (ص: ۱۹۱) باب طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن .

☐ البحر الرائق : (۲/۳۵۱) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعيد .

کرنا مستحب ہے۔(۱)

☆ کوئی طواف وداع کے بغیر مکہ مکرمہ سے چل دیا ہے تو جب تک میقات سے نہیں نکلے گا اس پر مکہ مکرمہ واپس آ کر طواف وداع کرنا واجب ہے جب کہ واپس آنا اپنے اختیار میں ہو، احرام کی ضرورت نہیں ہے، اگر میقات سے نکل گیا تو اب اس کو اختیار ہے کہ دم بھیج دے۔(۲)

طواف وداع کی حکمت

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ لوگ حج سے فارغ ہونے کے بعد منی سے ہر طرف چل دیتے تھے، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''تم میں سے کوئی ہرگز کوچ نہ کرے، یہاں تک کہ اس کی آخری ملاقات بیت اللہ سے ہو جائے، مگر آپ ﷺ نے حائضہ سے حکم ہلکا کیا۔'' (۳)

---

(۱) انظر الحاشية رقم : ۱، ۲، ۴، على الصفحة السابقة، رقم : ۳۱۲ .

(۲) أمّا الأوّل : فطواف الصدر واجب عندنا ...... أمّا شرائط الوجوب فمنها أن يكون من أهل الآفاق ...... فإن نفر ولم يطف يجب عليه أن يرجع ويطوف مالم يجاوز الميقات ؛ لأنّه ترك طوافًا واجبًا ، وأمكنه أن يأتي به من غير الحاجة إلى تجديد الإحرام ، فيجب عليه أن يرجع ويأتي به ، وإن جاوز الميقات لايجب عليه الرجوع ؛ لأنّه لايمكنه الرجوع إلّا بالتزام عمرة بالتزام إحرامها ، ثم إذا أراد أن يمضي مضى وعليه دم ، وإن أراد أن يرجع أحرم بعمرة ثم رجع ، وإذا رجع يبتدئ بطواف العمرة ، ثم بطواف الصدر ولا شيئ عليه لتأخيره عن مكانه ، وقالوا الأولىٰ أن لايرجع ويريق دمًا مكان الطواف ؛ لأنّ هذا أنفع للفقراء وأيسر عليه ، لما فيه من دفع مشقة السفر و ضرر التزام الإحرام . (بدائع الصنائع : (۱۴۲/۲ ، ۱۴۳) كتاب الحج ، فصل : وأمّا طواف الصدر ، وفصل : وأمّا شرائطه ، وفصل : وأمكانه ، ط: سعيد)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۹۲ ، ۱۹۳ ، ۱۹۴) باب طواف السدر ، وفصل : فيمن خرج من مكّة ولم يطف ، ط: إدارة القرآن .

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۳۵۵ ، ۳۵۶ ، ۳۵۷) باب طواف الصدر ، وفصل : ومن خرج ولم يطفه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۳) عن ابن عباس قال : كان النّاس ينصرفون فى كل وجه فقال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم :=

طواف وداع کر کے ہی وطن لوٹنے میں دو حکمتیں ہیں:

پہلی حکمت: مناسک حج کی ترتیب میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ حج کے سفر کا اہم مقصد بیت اللہ شریف کی تعظیم وتکریم اور اس کے ساتھ اپنی وابستگی کا اظہار ہے۔

چنانچہ مکہ مکرمہ میں حاضری کے بعد سب سے پہلا کام طواف قدوم ہے یعنی حاضری کا طواف، مسجد حرام میں داخل ہوتے ہی یہ طواف کیا جاتا ہے تحیۃ المسجد بھی نہیں پڑھی جاتی، پھر حج سے فارغ ہونے کے بعد آفاقی جب وطن کی طرف کو رخ کرتا ہے تب بھی یہی حکم ہے کہ آخری وداعی طواف کر کے لوٹے، یہ اس بات کی منظر کشی ہے کہ مقصود صرف بیت اللہ ہی ہے۔

دوسری حکمت: لوگ جب بادشاہوں سے رخصت ہوتے ہیں تو الوداعی ملاقات کر کے ہی کوچ کرتے ہیں، طواف وداع میں اس کی موافقت پیش نظر ہے یعنی حجاج کرام کو بھی جو بارگاہ خداوندی میں حاضر ہوئے ہیں، اللہ پاک سے ملاقات کر کے اپنے وطنوں کو لوٹنا چاہئے۔

اور اللہ تعالی کی ملاقات کی یہی صورت ہے کہ ان کے گھر کے پھیرے لگا کر لوٹے کیونکہ ان کی ہستی غیر محسوس ہے۔(۱)

= لا ينفرن أحدكم حتى يكون آخر عهده بالبيت إلَّا أنّه خفف عن الحائض . متفق عليه . (مشكوٰة المصابيح : (ص: ۲۳۴) كتاب المناسک ، باب خطبة يوم النحر ورمى أيام التشريق والتوديع ، الفصل الأوّل ، ط: قديمى)

صحيح البخارى : (۱/۲۷۴) كتاب الحج ، باب طواف الوداع ، ط: الطاف اينڈ سنز کراچی .

الصحيح لمسلم : (۱/۴۹۴) كتاب الحج ، باب وجوب طواف الودوع وسقوطه عن الحائض ، ط: رحمانيه .

(۱) قال النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم : لا ينفرنّ أحدكم حتى يكون آخر عهده بالبيت وخفف عن الحائض ، أقول : السر فيه تعظيم البيت بأن يكون هو الأوّل وهو الآخر تصويرًا لكونه هو المقصود من السفر ،=

طواف وداع کے بعد حرم جاسکتا ہے

طواف وداع کے بعد دوبارہ مسجد حرام میں جاسکتا ہے، اس وجہ سے طواف وداع دوبارہ کرنا واجب نہیں ہوگا، البتہ اگر مکہ مکرمہ سے نکلتے وقت دوبارہ طواف کرلے گا تو بہتر ہوگا تاکہ آخری ملاقات بیت اللہ کے ساتھ ہو۔(۱)

طواف وداع کے قائم مقام

''طواف وداع کا وقت'' عنوان کو دیکھیں۔(۳/ ۱٤٤)

طواف وسعی کے درمیان فاصلہ ہوجائے

اگر طواف وسعی کے درمیان بہت زیادہ فاصلہ ہوجائے تو دم وغیرہ لازم نہیں ہوگا البتہ بلا عذر بہت زیادہ فاصلہ کرنا مکروہ ہے۔(۲)

= وموافقة لعادتهم فی توديع الوفود ملوكها عند النفر ، والله أعلم . (حجة الله البالغة : (۲/ ٦١) مبحث فی أبواب من الحج ، صفة المناسک ، قبيل : قصة حجة الوداع ، ط: كتب خانه رشيديه دهلی)

(۱) وأمّا وقته : فأوّله بعد طواف الزيارة ، فلو طاف بعد الزيارة طوافًا أی أیّ طواف كان يكون عن الصدر ، ...... ولو فی يوم النحر أی وإن وقع فی أوّل أيّام النحر ، مع أنّه بقی من أفعال الحج أشياء ، ومحل الوداع هو الفراغ من الأعمال ولا آخر له ...... حتى لو طاف طواف الصدر ثم أطال الإقامة بمكّة ولم يتّخذها دارًا جاز طوافه ، وإن أقام سنة بعد الطواف ، إلّا أن الأفضل أن يكون طوافه عند الصدر ولايلزمه بالتأخير عن أيّام النحر شيئ بالإجماع . ويستحب أن يجعله أی طواف الصدر آخر طوافه عند السفر أی واقعًا عند العزم على خروجه وإرادة مباشرة سفره .

(إرشاد السارى : (ص: ۳۵۵ ، ۳۵٦) باب طواف الصدر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۹۰ ، ۱۹۱) باب طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن .

شامی : (۲/ ۵۲۳) كتاب الحج ، قبيل : مطلب : فی طواف الصدر ، ط: سعيد .

(۲) إذا فرغ من الطواف أی الطواف الّذی بعده سعی فالسنة أن يخرج للسعی على فوره أی ساعته من غير تأخير ، فإن أخّر لعذر أی لضرورة أو ليستريح أی ليحصل له الراحة وتعود إليه القوّة فلا بأس به أی لايكون مسيئًا ، وإن أخّره لغير عذر أی من استراحة وغيرها فقد أساء أی لتركه الموالاة الّتی هی سنة بين الطواف والسعی ، ولا شيئ عليه أی من الجزاء بالدم أو الصدقة. (إرشاد السارى : (ص: ۲٤۱) باب السعی بين الصفا والمروة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)=

طواف ہر وقت جائز ہے

☆ طواف ہر وقت جائز ہے، اگر چہ وقت مکروہ ہو، مگر طواف سے فارغ ہونے کے بعد طواف کی دو رکعت نماز مکروہ وقت میں نہ پڑھے، بلکہ صبر کرے، جب مکروہ وقت نکل جائے تب اس دو رکعت نماز کو پڑھے، اگر طواف سے فارغ ہونے کے بعد مکروہ وقت نہ ہو تو دو رکعت نماز کو طواف سے متصل پڑھنا چاہئے، تاخیر کرنا مکروہ ہے۔

☆ اگر عصر کی نماز کے بعد طواف کیا تو مغرب کی فرض نماز پڑھ کر پہلے طواف کی دو رکعت پڑھے پھر اس کے بعد مغرب کی سنت پڑھے۔

☆ اگر کسی نے عصر کی نماز کے بعد طواف سے فارغ ہو کر مغرب کی نماز سے پہلے طواف کی دو رکعت پڑھ لی، تو کراہت کے ساتھ جائز ہو جائے گی، مگر مکروہ وقت گزرنے کے بعد دوبارہ پڑھنا بہتر ہے اور اگر طلوع یا غروب یا زوال کے وقت طواف کی دو رکعت پڑھی ہے تو اس کا اعتبار نہیں ہوگا، ممنوع اوقات ختم ہونے کے بعد دوبارہ پڑھنا واجب ہوگا۔(۱)

☆ مزید "طواف کے نفل ممنوع اوقات میں پڑھنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔

= 🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۲۸) باب السعی بین الصفا والمروة، ط: إدارة القرآن .

🗁 شامی : (۵۰۰/۲) کتاب الحج، مطلب فی السعی بین الصفا والمروة، ط: سعید .

(۱) ولايكره فی الأوقات الّتی يكره فيها الصلاة . (غنية الناسک : (ص: ۱۲۷) باب فی ماهية الطواف ...... فصل : وأمّا مكروهاته، ط: إدارة القرآن)

🗁 ويكره تأخيرها عن الطّواف ...... الاّ فی وقت مكروه ...... فلو طاف بعد العصر يصلی المغرب ثم ركعتی الطواف ...... ثم سنة المغرب ...... ولاتصلی ...... إلاّ فی وقت مباح ...... فإن صلاها فی وقت مكروه ...... قيل صحت مع الكراهة ...... ويجب عليه قطعها أی فی أثنا ئها فإن مضی فيها ......=

= فالأحب أن يعيدها لعموم القاعدة : أنّ كل صلاة أديت مع الكراهة التنزيهية يستحب إعادتها ، ومع الكراهة التحريمية يجب إعادتها ، وأوقات الكراهة ...... بعد طلوع الفجر إلى طلوع الشمس قدر رمح ...... ووقت الاستواء ...... و بعد العصر أى بعد أدائه إلى أداء المغرب ...... و قال المعشى تحت (قوله : فالأحب أن يعيدها) قال العلامة ابن عابدين فى " رد المحتار " بعد نقله عبارة المصنف من قوله " فإن صلاها فى وقت مكروه " إلى قوله : " فالأحب أن يعيدها " مالفظه : وفى إطلاقه نظر ، لما مرّ فى أوقات الصلاة من أن الواجب ولو لغيره لركعتى الطواف والنذر لاتنعقد فى ثلاثة من الأوقات المنهية ، أعنى الطلوع ، والاستواء والغروب ، بخلاف ما بعد الفجر وصلاة العصر فإنّها تنعقد مع الكراهة فيهما . (إرشاد السارى : (ص: ٢٢٢ ، ٢٢٣) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل : فى ركعتى الطواف ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ١١٦ ، ١١٧) باب فى ماهية الطواف ...... فصل : ومن الواجبات ركعتا الطواف ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (٢/٤٩٨ ، ٤٩٩) كتاب الحج ، مطلب : فى طواف القدوم ، ط: سعيد .

عبادت کا موقع دینے کے لیے پیسہ دینا

''بیت اللہ کے خدمت گاروں کو پیسہ دینا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۲۱۶)

عدت

عورت کا عدت کے دوران حج کے لئے جانا جائز نہیں، عدت گزر جانے کے بعد اگر محرم کے ساتھ جا سکتی ہے تو جائے، اور اگر موت تک کوئی محرم میسر نہ آئے تو حج بدل کی وصیت کر دے، تاکہ ورثاء اس کے ترکہ کے ایک تہائی حصہ سے اس عورت کے لئے حج بدل کرائیں۔

اگر شوہر کا انتقال ایسے وقت ہوا کہ حج کے لئے روانگی کے وقت تک اس کی عدت پوری نہیں ہوتی تو وہ عورت عدت پوری ہونے سے پہلے حج کا سفر نہ کرے بلکہ حج کا پروگرام اس سال ملتوی کر دے ورنہ عدت کے دوران حج کے لئے روانہ ہونے کی وجہ سے گنہگار ہوگی۔

عورت عدت کی حالت میں اگر حج کرے گی تو حج ہو جائے گا لیکن عدت کے دوران حج کرنے کی وجہ سے گنہگار ہوگی، اور اللہ سے توبہ استغفار کرنا لازم ہوگا۔(۱)

---

(۱) الخامس : عدم عدة عليها مطلقًا ، سواء كانت من طلاق بائن أو رجعى ، أو وفاة أو فسخ أو غير ذلک ، فلو كانت معتدة عند خروج أهل بلدها لايجب عليها ، كما فى شرح المجمع ، وهو مشعر بأنّه شرط الوجوب ، وذكر ابن أمير الحاج : أنّه شرط الأداء ، وهو الأظهر فى حكم القضاء ، فإن حجت وهى فى العدة ، جازت بالاتفاق ، وكانت عاصية .... (غنية الناسک : (ص: ۲۹) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن)

الدر مع الرد : (۴۶۵/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد .

إرشاد السارى : (ص: ۸۰) باب شرائط الحج ، النوع الثانى : شرائط الأداء ، الخامس عدم العدة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة. =

بیوہ اور مطلقہ عورت کی عدت کا ایک ہی حکم ہے، دونوں کے لئے عدت کے دوران حج کے لئے جانا منع ہے۔

بیوہ کی عدت (۱۳۰) دن ہے اور طلاق کی صورت میں حاملہ عورت کی عدت وضع حمل تک اور اگر ماہواری آتی ہے تو تین ماہواری، اگر ماہواری نہیں آتی تو تین مہینے عدت ہے۔(۱) اور عدت ختم ہونے سے پہلے حج کے لئے جانا منع ہے۔(۲)

= فإن كان استجمع فيه شرائط الوجوب دون الأداء وجب عليه الحج ، ولكن لايجب عليه أدائه ببدنه،...... فوجب عليه الإحجاج ، فإذا لم يفعله مدة حياته وجب عليه الإيصاء به عند الموت .... (غنية الناسک : (ص: ۳۳) باب شرائط الحج ، فصل : فيما إذا وجد شرائط الوجوب والأداء ، أو الوجوب فقط ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۸۹) باب شرائط الحج ، النوع الرابع : شراط وقوع الحج عن الفرض ، فصل : فيمن يجب عليه الوصية بالحج ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

شامى : (۴۵۸/۲) كتاب الحج ، مطلب : فيمن حج بمال حرام ،ط : سعيد .

(۱) وهى فى حق حرة ولو كانت كتابية تحت مسلم تحيض لطلاق ولو رجعيا أو فسخ بجميع أسبابه ...... ثلاث حيض كوامل ، ...... والعدة فى حق من لم تحض حرة أم أم ولد لصغر بأن لم تبلغ تسعًا أو كبر بأن بلغت سن الإياس أو بلغت بالسن ولم تحض ...... ثلاثة أشهر والعدة للموت أربعة أشهر بالأهلة لو فى الغرة كما مر وعشر من الأيّام وفى حق الحامل مطلقًا ...... وضع جميع حملها...... (الدر المختار مع الرد : (۵۰۴/۳ ، ۵۰۵ ، ۵۰۷ ، ۵۰۸ ، ۵۰۹ ، ۵۱۰ ، ۵۱۱) كتاب الطلاق ، باب العدة ، ط: سعيد)

البحر الرائق : (۱۲۸/۴ ، ۱۳۰ ، ۱۳۱ ، ۱۳۳) كتاب الطلاق ، باب العدة ، ط: سعيد .

حاشية الطحطاوى على الدر : (۲۱۵/۲ ، ۲۱۶ ، ۲۱۷ ، ۲۱۸) كتاب الطلاق ، باب العدة ، ط: رشيديه .

(۲) ومع عدم عدة عليها مطلقًا أية عدة كانت والعبرة لوجوبها أى العدة المانعة من سفرها وقت خروج أهل بلدها ، وفى الرد تحت قوله : (أيّه عدة كانت) أى سواء كانت عدة وفاة أو طلاق بائن أو رجعى . (الدر مع الرد : (۴۶۵/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد)

غنية الناسک: (ص: ۲۹) باب شرائط الحج، فصل: وأمّا شرائط عدم العدة، ط: إدارة القرآن.

إرشاد السارى : (ص: ۸۰) باب شرائط الحج ، النوع الثانى : شرائط الأداء ، الشرط الخامس : عدم العدة فى حق النساء ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

عذر

''عذر کی وجہ سے واجب ترک کردے'' اور ''ممنوعات احرام کا ارتکاب کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔

عذر کی وجہ سے سنن وواجبات چھوڑنا

عذر کی وجہ سے سنن وواجبات چھوڑنے سے دم لازم نہیں ہوتا۔(۱)

عذر کی وجہ سے ممنوع احرام کا ارتکاب کرلیا

''ممنوعِ احرام عذر سے کرلیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۵۱/٤)

عذر کی وجہ سے واجب ترک کردے

عذر کی وجہ سے واجب ترک کرنے میں تین قول ہیں:

ایک یہ کہ عذر کی وجہ سے مطلقا دم ساقط ہو جائے گا۔

دوسرا یہ کہ جن اعذار کی وجہ سے دم ساقط ہونا قرآن وحدیث کی نص سے

---

(۱) یستثنٰی من الاطلاق المار فی وجوب الجزاء ما فی اللباب: لو ترک شیئًا من الواجبات بعذر لا شيئ علیه ...... (شامی: (۲/۵۴۴) کتاب الحج، باب الجنایات، ط: سعید)

غنیة الناسک: (ص: ۲۳۹) باب الجنایات، مقدمة: فی ضوابط ینبغی حفظها لعموم نفعها فی الفصول الآتیة، ط: إدارة القرآن.

إرشاد الساری: (ص: ۵۰۸) باب الجنایات وأنواعها، النوع الخامس فی أفعال الحج، فصل فی ترک الواجبات بعذر، الإندادیة مکّة المکرّمة.

ولو ترک السنن والآداب فلاشيئ علیه وقد أساء. (التاتارخانیة: (۲/۴۳۸) کتاب المناسک، الفصل الثانی: فی بیان رکن الحج وکیفیة وجوبه، ط: إدارة القرآن)

وحکم السنن أی المؤکدة الإساءة بترکها أی لو ترکها عمدًا و عدم لزوم شيئ أی من دم أو صدقة علی فاعلها (تارکها). (إرشاد الساری: (ص: ۱۰۵) باب فرائض الحج و واجباته ...... فصل: فی سننه، حکم السنن، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک: (ص: ۴۸) باب فرائض الحج، فصل: وأمّا سننه، ط: إدارة القرآن والعلوم الاسلامیة.

ثابت ہے ان سے دم ساقط ہو جائے گا، ان کے علاوہ دوسرے اعذار کی وجہ سے دم ساقط نہیں ہوگا۔

تیسرا یہ کہ عذر بندوں کی طرف نہ ہو بلکہ عذر سماوی یعنی آسمانی کی وجہ سے دم ساقط ہوگا۔(۱)

عرفات

☆......''عرفات'' وہ عظیم الشان میدان ہے جہاں حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حواء علیہا السلام کی جدائی کے بعد ملاقات اور تعارف ہوا، یہی تعارف ''عرفات'' نام رکھنے کی وجہ بتائی جاتی ہے۔(۲)

(۱) وأمّا ترک الواجبات بعذر فلا شيئ فيه ، ثم مرادهم بالعذر ما يكون من اللّٰه تعالىٰ ، فلو كان من العباد فليس بعذر ، ...... وأطلق بعضهم وجوب الدم بترک واجب بعذر أو بغير عذر ، كما فی ارتكاب محظور إلاّ فی ما ورد النص به .... (غنية الناسک : (ص: ۲۳۹) باب الجنايات ، مقدمة فی ضوائط ينبغی حفظها لعموم نفعها فی الفصول الآتية ، ط: إدارة القرآن)

الدر مع الرد : (۲/۵۵۳) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

لو ترک شيئًا من الواجبات بعذر لا شيي عليه على ما فی البدائع ، وكذا الكرمانی ، لكن يرد على تعميمها تخصيصهم عدم لزوم شيئ فی ترک طواف الصدر وتأخير الزيارة للمرأة مطلقًا...... (إرشاد الساری : (ص: ۵۰۸) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فی أفعال الحج ، فصل : فی ترک الواجبات بعذر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

(۲) واختلفوا فی تسمية ذلک الموضع عرفة فقيل : لأنّ جبرئيل عليه السلام قال لإبراهيم عليه السلام فی ذلک الموقف بعد فراغه من تعليم المناسک : عرفت ؟ قال : نعم ، فسميت بذلک ؛ لأنّه عرّفه المناسک بها ، وقيل : سميت عرفات كتعارف آدم وحواء فيها ؛ لأنّ آدم عليه السلام هبط من الجنّه بأرض الهند ، وحواء بجدة فتعارفا بالموقف ، فسمّی اليوم يوم عرفة والموضع عرفات . (البحر العميق : (۳/۱۵۰۰) الباب الحادی عشر : فی الخروج من مكّة إلی منی ثم عرفة ، فصل : الوقوف بعرفة ، ط: مؤسسة الريّان ، المكتبة المكيّة)

الدر المختار مع الرد: (۲/۴۶۷) كتاب الحج، مطلب فی فروض الحج و واجباته، ط: سعيد.

عمدة القاری شرح صحيح البخاری: (۱۰/۲) كتاب الحج، باب الوقوف بعرفة، ط: دار الكتب العلمية بيروت.

عرفات مکہ مکرمہ سے مشرق کی جانب تقریبا نو میل اور منی سے چھ میل کے فاصلے پر ایک وسیع وعریض میدان ہے۔(۱)

نویں ذی الحجہ کو زوال کے بعد سے دسویں ذی الحجہ کی صبح صادق تک کسی بھی وقت اس میں ٹھہرنا گو ایک لحظہ ہی ہو، حج کا سب سے بڑا رکن ہے۔(۲) گویا اس میدان میں نو تاریخ کو جو شخص حج کا احرام باندھ کر ایک لحظہ کے لئے بھی پہنچ گیا اس کا حج ہو گیا۔

☆ عرفات کا میدان بطن عرنہ کے علاوہ سارا موقف یعنی ٹھہرنے کی جگہ ہے جہاں جی چاہے ٹھہرے۔(۳)

☆ عرفات میں پہنچ کر تلبیہ، دعا اور درود شریف وغیرہ کثرت سے پڑھتا رہے۔(۴)

---

(۱) من عرفات إلى آخر مزدلفة فرسخ، ومنه إلى آخر منى فرسخ، ومنه إلى آخر مكّة فرسخ، والفرسخ ثلاثة أميال. (غنية الناسک: (ص: ۱۶۲) باب مناسک عرفات، فصل: فى الإفاضة من عرفات، ط: إدارة القرآن.

(۲) الثانى الوقوف بعرفة فى وقته ولو ساعة...... وهما ركنان إجماعًا، لكن الوقوف هو الركن الأصلى......
(غنية الناسک: (ص: ۴۵) باب فرائض الحق...... فصل: وأمّا فرائض الحج، ط: إدارة القرآن)
▭ البحر العميق: (۱۵۱۳/۳) الباب الحادى عشر، فصل الوقوف بعرفة، مقدار الوقوف بعرفة، ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّة.
▭ إرشاد السارى: (ص: ۹۲) باب فرائض الحج، فصل: فى فرائضه، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

(۳) العرفات كلها موقف إلّا بطن عرنة ...... واد من الحرم غربى مسجد عرفة. (الدر المختار مع الرد: (۵۰۳/۲) كتاب الحج، مطلب فى الرواح إلى عرفات، ط: سعيد)
▭ إرشاد السارى: (ص: ۲۷۰) باب الوقوف بعرفات وأحكامها، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.
▭ غنية الناسک: (ص: ۱۴۷) ط: باب مناسک عرفات، ط: إدارة القرآن.

(۴) وأمّا مستحباته: فالإكثار من التلبية والدعاء والذكر والاستغفار أى المأثورة و غيرها...... ورفع اليدين إلى جهة السماء الّتى هى قبلة مطلق الدعاء للدعاء أى لأجله كما هو من آدابه وتكرار الدعاء ثلاثًا وافتتاحه وختمه بالحمد والصلاة...... (إرشاد السارى: (ص: ۲۹۲، ۲۹۳) باب الوقوف بعرفات وأحكامه، فصل: فى شرائط صحه الوقوف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)=

جب زوال ہوجائے تو وضو کرے، غسل افضل ہے، ضروریات مثلاً: کھانے پینے وغیرہ سے پہلے فارغ ہوجائے اور بالکل اطمینان وسکون قلب کے ساتھ اپنے خالق کی طرف متوجہ ہو۔(۱)

☆ وقوف عرفہ کے لئے نیت شرط نہیں، اگر نیت نہیں کی تب بھی وقوف ہوجائے گا۔(۲)

☆ عرفات کے وقوف کے وقت کھڑا رہنا مستحب ہے، شرط اور واجب نہیں ہے بیٹھ کر، لیٹ کر جس طرح ہو سکے سوتے، جاگتے وقوف کرنا جائز ہے۔(۳)

= غنية الناسک : (۱۶۰ ، ۱۶۱) باب مناسک عرفات ، فصل : فی رکن الوقوف و قدر الواجب فيه وسننه ومستحباته ، و فصل : فيه الإفاضة من عرفات ، ط: إدارة القرآن .

البحر العميق : (۳/۱۵۳۷) الباب الحادی عشر : فی الخروج من مكّة إلى منى ثم عرفة ، فصل : الوقوف بعرفة ، مطلب : مستحبات يوم عرفة ، :ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

(۱) فإذا زالت اغتسل أی لوقوف عرفة على الصحيح ، ...... أو توضأ وهو رخصة والغسل أفضل...... وقدّم حوائجه أی مما تتعلّق بالأكل والشرب وأمثالهما قبل الزوال ، وتفرّغ من جميع العلائق ، وتوجّه بقلبه إلى رب الخلائق . (إرشاد السارى : (ص: ۲۷۰ ، ۲۷۱) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۴۸) باب مناسک عرفات، تنبيه : إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۲/۵۰۴) كتاب الحج ، مطلب : فی الرواح إلى عرفات ، ط: سعيد .

(۲) الخامس : كينونته بعرفة فی وقته ولو لحظة سواء كان ناويًا أولا .... (لباب المناسک مع إرشاد السارى : (ص: ۲۹۰) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فی شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک: (ص: ۱۵۹) باب مناسک عرفات، فصل: فی رکن الوقوف، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد : (۲/۵۰۶) كتاب الحج ، مطلب فی الرواح إلى عرفات ، ط: سعيد .

(۳) فيقف راكبًا وهو الأفضل ...... ، وإلاّ فقائمًا أی إن قدر عليه ، وإلاّ فقاعدًا أو إلاّ فمضطجعًا . (إرشاد السارى : (ص: ۲۸۲) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فی صفة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک: (ص: ۱۵۴) باب مناسک عرفات، فصل: فی صفة الوقوف بعرفة، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد : (۲/۵۰۶) كتاب الحج ، مطلب فی الرواح إلى عرفات ، ط: سعيد.

☆ وقوف میں ہاتھ اٹھا کر حمد و ثنا، درود، دعاء، اذکار، تلبیہ وغیرہ پڑھتے رہنا مستحب ہے، اور خوب دعائیں کریں، یہ دعا قبول ہونے کا سنہرا وقت ہے۔(۱)

☆ وقوف کے لئے حیض، نفاس اور جنابت سے پاک ہونا شرط نہیں ہے۔(۲)

☆ نویں ذی الحجہ کو زوال سے لے کر آفتاب غروب ہونے تک عرفات میں رہنا واجب ہے، اگر سورج غروب ہونے سے پہلے عرفات کی حدود سے نکل جائے گا تو دم واجب ہوگا، لیکن اگر سورج غروب ہونے سے پہلے پھر واپس عرفات میں آجائے گا تو دم ساقط ہو جائے گا اور اگر غروب کے بعد عرفات میں واپس آئے گا تو دم ساقط نہ ہوگا۔(۳)

---

(۱) وأمّا مستحباته: فالإكثار من التلبية والدعاء والذكر والاستغفار أى المأثورة و غيرها...... ورفع اليدين إلى جهة السماء الّتى هى قبلة مطلق الدعاء للدعاء أى لأجله كما هو من آدابه وتكرار الدعاء ثلاثًا وافتتاحه وختمه بالحمد والصلاة...... (إرشاد السارى: (ص: ۲۹۲، ۲۹۳) باب الوقوف بعرفات وأحكامه، فصل: فى شرائط صحه الوقوف، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)
▭ غنية الناسک: (۱۶۰ ، ۱۶۱) باب مناسک عرفات ، فصل : فى ركن الوقوف و قدر الواجب فيه وسننه ومستحباته ، و فصل : فيه الإفاضة من عرفات ، ط: إدارة القرآن .
▭ البحر العميق : (۱۵۳۷/۳) الباب الحادى عشر : فى الخروج من مكّة إلى منى ثم عرفة ، فصل : الوقوف بعرفة ، مطلب : مستحبات يوم عرفة ، :ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .
(۲) الخامس : كينونته بعرفة فى وقته ولو لحظة سواء كان ناويًا أولا ...... محدثًا أو جنبًا، حائضًا أو نفساء،...... (لباب المناسک مع إرشاد السارى : (ص: ۲۹۰) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فى شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)
▭ غنية الناسک: (ص: ۱۵۹) باب مناسک عرفات، فصل: فى ركن الوقوف، ط: إدارة القرآن.
▭ الدر مع الرد : (۵۰۶/۲) كتاب الحج ، مطلب فى الرواح إلى عرفات ، ط: سعيد.
(۳) وأمّا قدر الواجب فيه إن وقف نهارًا فحد الوقوف من الزوال بل من حين وقف إلى أن تغيب الشمس و وقوف جزء من الليل ...... فإذا وقف نهارًا و دفع قبل الغروب ، فإن جاوز حدود عرفة بعد الغروب مع الإمام أو قبله فلا شيئ عليه ، وإن جاوز قبل الغروب فعليه دم إمامًا كان أو غيره...... فإن لم يعد أو عاد بعد الغروب لايسقط عنه الدم فى ظاهر الرواية وعليه الجمهور ...... وإن عاد قبله فدفع بعد الغروب فالصحيح أنّه يسقط ؛ لأنّ الواجب مقصود النفر بعد الغروب ، و وجوب المَدِّكَىُ يقع النفر كذلک، وقد وجد المقصود فسقط ما وجب له. =

☆ جمعہ کے روز اگر وقوف عرفہ (حج) ہو تو اسکی فضیلت دیگر ایام کے وقوف سے ستر درجہ زیادہ ہے۔(۱)

☆ عرفات میں جمعہ کی نماز پڑھنا جائز نہیں۔(۲)

☆ عرفات کا میدان حرم کی حدود سے باہر ہے، اس کی گھاس وغیرہ کاٹنے میں کوئی مضائقہ نہیں، لیکن اس قیمتی وقت کو گھاس کاٹنے میں گزار دینا عقلمندی نہیں ہوگی۔

☆ محرم کے لئے عرفات کے میدان میں بھی شکار کرنے کی اجازت نہیں

= (غنية الناسک: (ص: ۱۵۹، ۱۶۰) باب مناسک عرفات، فصل: فی رکن الوقوف وقدر الواجب فيه، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد الساری: (ص: ۲۹۱) باب الوقوف بعرفات وأحكامه، فصل: فی شرائط صحة الوقوف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

▭ شامی: (۵۰۸/۲) کتاب الحج، مطلب فی الرواح إلى عرفات، ومطلب: فی إجابة الدعاء، ط: سعيد.

(۱) لوقفة الجمعة مزية على غيرها أی بسبعين درجة ...... أنّه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: أفضل الأيّام يوم عرفة إذا وافق الجمعة، وهو أفضل من سبعين حجّة فی غير الجمعة، رواه رزين بن معاوية. (إرشاد الساری: (ص: ۶۷۴، ۶۷۸) باب المتفرقات، مسأله: لوقفة الجمعة مزية على غيرها، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک: (ص: ۱۹۶) خاتمة فی فضائل الحج، قبيل: باب العمرة، ط: إدارة القرآن.

▭ الدر مع الرد: (۶۲۱/۲) کتاب الحج، فروع، مطلب: فی فضل وقفة الجمعة، ط: سعيد.

(۲) ولا يصح أداء الجمعة بعرفة، أی لكونها غير مصر، ولا تتمصّر بجمع الخلائق فيها لعدم البيوت والمساكن ...... (إرشاد الساری: (ص: ۲۷۹) باب الوقوف بعرفات وأحكامه، قبيل: فصل: فی شرائط جواز الجمع، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک: (ص: ۱۵۱) باب مناسک عرفات، فصل: فی الجمع بين الصلاتين بعرفة، قبيل: فصل: فی شرائط جواز الجمع، ط: إدارة القرآن.

▭ الدر المختار مع الرد: (۱۴۴/۲) کتاب الصلاة، باب الجمعة، قبيل: مطلب: فی نية آخر ظهر بعد صلاة الجمعة، ط: سعيد.

ہے۔(۱)

☆......''عرفات'' یا''عرف'' سے نکلا ہے، اس کا معنٰی''خوشبو'' ہے، کیونکہ یہاں''منٰی'' جو مذبح ہے، اس کے مقابلے میں خوشبو ہوتی ہے اور''منٰی'' میں قربانی وغیرہ کے جانور ذبح کرنے کی وجہ سے خوشبو نہیں ہوتی اس لئے اسے''عرفات'' کہا جاتا ہے، یا دنیا میں حضرت آدم علیہ السلام و حوا علیہا السلام کا تعارف اس جگہ پر ہوا اس لئے اس کا نام''عرفات'' پڑ گیا۔

یا حضرت جبرئیل علیہ السلام نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حج کے افعال سکھائے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا''عرفتُ'' یعنی میں نے سیکھ لیا، اس لئے اسے''عرفات'' کہا گیا۔

یا عرفہ کی رات جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پھر اپنے صاحبزادے کے ذبح کا خواب دیکھا تو پہچان گئے کہ یہ خواب اپنے ظاہر پر ہے اور ذبح کا حکم مطلوب ہے اس وجہ سے اس دن کا نام''عرفات'' رکھ دیا گیا۔(۲)

---

(۱) وقتل صيد البرّ أى دون البحر وكذا اصطياده وأخذه أى إمساكه ابتداءً والإعانة عليه ...... وقطع شجر الحرم وقلعه ورعيه إلّا الإذخر .... (إرشاد السارى: (ص: ۱۶۷، ۱۶۸) باب الإحرام، فصل: فى محرمات الإحرام، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

غنية الناسك: (ص: ۸۹، ۹۰) باب الإحرام، فصل: فى محرمات الإحرام و محظوراته الّتى فى غالبها الجزاء، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد: (۴۸۷/۲) كتاب الحج، فصل: فى الإحرام، مطلب فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم، ط: سعيد.

(۲) واختلفوا فى تسمية ذٰلك الموضع عرفة فقيل: لأن جبرئيل عليه السلام قال لإبراهيم فى ذٰلك الموقف بعد فراغه من تعليم المناسك: عرفت؟ قال: نعم، فسميت بذٰلك؛ لأنّه عرّفه المناسك بها، وقيل: سميت عرفات لتعارف آدم و حواء فيها ...... فسمى اليوم يوم عرفة والموضع عرفات ...... و قيل: سميت عرفات؛ لأنّها وصفت لإبراهيم عليه السلام، فلما أبصرها عرفها ...... و قيل: لأنّها طيبة من العرف وهى الطيب، خلاف منى الّتى فيها الفروث والدماء ...... وقيل: لأنّ إبراهيم عليه السلام رأى ليلة التروية ذبح ولده فتروى يومه =

عرفات چلا گیا

جو حاجی مکہ میں نہیں آیا، اور سیدھا عرفات چلا گیا، تو طواف قدوم اس سے ساقط ہو جائے گا اور سنت ترک کرنے کی وجہ سے گناہ گار ہوگا۔(۱)

عرفات سے بیمار آدمی کب واپس آئے

بیمار آدمی بھی عرفات کے میدان سے سورج غروب ہونے کے بعد مزدلفہ کے لئے روانہ ہو، اگر سورج غروب ہونے سے پہلے بیمار آدمی عرفات کی حدود سے نکل جائے گا اور غروب ہونے سے پہلے پہلے عرفات کی حدود میں دوبارہ واپس نہیں آئے گا تو دم دینا لازم ہوگا، اور اگر واپس آجائے گا تو دم ساقط ہو جائے گا۔(۲)

خلاصہ یہ ہے کہ عرفات کے مسئلہ میں بیمار اور تندرست دونوں کا حکم ایک ہے۔

= و عرف أنّه من اللّٰه فی الثانی ، ونحر فی الثالث ؛ فسمیت بذٰلک ، ...... و قیل : غیر ذٰلک .
(البحر العمیق: (۱۵۰۰ ، ۱۵۰۱) الباب الحادی عشر : فی الخروج من مکّة إلی منٰی ثم عرفة، فصل: فی الوقوف بعرفة ، ط: مؤسسة الریّان ، المکتبة المکیّة)

☜ عمدة القاری : (۱۰/۶) کتاب الحج ، باب الوقوف بعرفة ، ط: دار الکتب العلمیة.

☜ معجم البلدان : (۱۰۴/۴) ط: إحیاء التراث ، بیروت .

☜ الدر مع الرد : (۴۶۷/۲) کتاب الحج ، مطلب فی فروض الحج و واجباته ، ط: سعید .

(۱) وسقط طواف القدوم عمن وقف بعرفة ساعة قبل دخول مکة ولا شیئ علیه بترکه ؛ لأنّه سنة و أساء. (الدر مع الرد: (۵۲۵/۲) کتاب الحج ، مطلب فی مضاعفة الصلاة بمکة ، ط: سعید)

☜ إرشاد الساری: (ص: ۱۹۹) باب أنواع الأطوفة، الأوّل: طواف القدوم، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة.

☜ غنیة الناسک: (ص: ۱۰۸) باب دخول مکّة وحرمها، فصل: فی أحکام طواف القدوم، ط: إدارة القرآن.

(۲) وإن خاف الزحام ، فتعجل فی الذهاب قبل غروب الشمس فلا بأس به إذا لم یخرج من حدود عرفة قبل غروب الشمس کذا فی المحیط . (الهندیة : (۲۳۰/۱) کتاب الحج ، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج ، ط: رشیدیه)

☜ ومن أفاض من عرفات قبل الإمام ، وقبل الغروب ، فعلیه دم اما بعد الغروب فلا شیئ علیه ؛ فإن عاد قبل الغروب سقط عنه الدم علی الصحیح ، وإن عاد بعد الغروب لایسقط =

عرفات سے غروب کے بعد واپسی کی وجہ

☆ اسلام سے پہلے جاہلیت کے زمانہ میں لوگ میدان عرفات سے سورج غروب ہونے سے پہلے ہی واپس لوٹ آتے تھے، اور مزدلفہ میں آ کر فخر ومباہات کی محفلیں جماتے تھے، اور نام ونمود کا بازار گرم ہوتا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کی مخالفت کی اور حجۃ الوداع میں سورج غروب ہونے کے بعد واپسی فرمائی۔ کیونکہ غروب سے پہلے واپسی کے لئے کوئی ایسا وقت مقرر نہیں کیا جا سکتا تھا، جس میں کسی کو ابہام نہ ہو۔ جب کہ ایسے بڑے اجتماع کے لئے ایسا واضح تعین ضروری ہے، اور غروب ایک ایسی واضح علامت تھی جس میں ذرا بھی ابہام نہیں تھا، چنانچہ واپسی کے وقت کا انضباط غروب آفتاب سے کیا گیا۔

علاوہ ازیں خطہ گرم ہے، پہاڑی ہے اور شام کو تپش تیز ہوتی ہے اس لئے غروب سے پہلے واپسی میں پریشانی ہوتی، اس لئے بھی واپسی کے لئے موزوں وقت غروب کے بعد کا تھا جیسے منی سے عرفات کے لئے روانگی فجر کے فوراً بعد تجویز کی گئی

= فی ظاهر الرواية لا فرق بين أن يفيض باختياره أو ندّبه بغيره ، هٰكذا فی السراج الوهاج . (الهندية: (۱/۲۴۷) كتاب الحج ، الباب الثامن : فی الجنايات ، الفصل الخامس فی الطواف والسعی والرمل الخ ، ط: رشيديه)

🗀 فإذا وقف نهارًا ودفع قبل الغروب، فإن جاوز حدود عرفة بعد الغروب مع الإمام أو قبله فلا شيئ عليه، وإن جاوز قبل الغروب فعليه دم امامًا كان أو غيره ، ولو كان يخاف الزحام لنحو عجز أو مرض كانت امرأة تخاف الزحام فإن لم يعد أو عاد بعد الغروب لايسقط عنه الدم فی ظاهر الرواية وعليه الجمهور. (غنية الناسک: (ص: ۱۶۰) فصل فی ركن الوقوف الخ، ط: إدارة القرآن)

🗀 ولايتقدم احد علی الإمام أی عند الإفاضة الا إذا خاف الزحام) أی شدةا لزحام (أو كان به علة) أی مرض أو حاجة ضرورية (ولو تقدم علی الإمام أو الغروب بأن توجه قبل الإفاضة الإمام أو قبل غروب الشمس (ولم يجز حدود عرفة) أی لم يجاوزها بل وقف فی أواخر أجزائها. (فلابأس به الخ). (شرح لباب المناسک: (ص: ۲۳۵) فصل فی الإفاضة من عرفة، ط: المكتبة الحقانية كوئٹه)

تا کہ ٹھنڈے وقت میں لوگ منزل تک پہنچ جائیں۔(۱)

عرفات کی وجہ تسمیہ

عرفات وہ عظیم الشان میدان ہے جہاں حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حواء علیہا السلام کی جدائی کے بعد ملاقات اور تعارف ہوا تھا، اس تعارف کی وجہ سے عرفات نام رکھا گیا ہے۔(۲)

عرفات کے امام

موجودہ زمانے میں یہ بات مشہور ہے کہ عرفات، مزدلفہ، منی میں نماز پڑھانے والا امام ''صوبہ نجد'' سے آتا ہے اور مسافر ہی رہتا ہے اس لئے موجودہ زمانہ

(۱) وإنّما براحهم أی رجوعهم من عرفات بعد المغرب وكانوا طول النّهار فی تعب يأتون من كل فجّ عميق، فلو تجشموا أن يأتوا منى والحال هذا لتعبوا، وكانوا أهل الجاهلية يدفعون من عرفات قبل الغروب، ولما كان ذلک قدرًا غير ظاهر ولايتعين بالقطع، ولا بدّ فی مثل هذا الاجتماع من تعيين لايحتمل الإبهام، وجب بالغروب.

وإنّما شرع الوقوف بالمشعر الحرام؛ لأنّه كان أهل الجاهلية يتفاخرون، ويتراء ون فأبدل من ذلک إكثار ذكر الله ليكون كابحًا عن عادتهم، ويكون التنويه بالتوحيد فی ذلک الموطن كالمنافسة كأنّه قيل: هل يكون ذكركم الله أكثر، أو ذكر أهل الجاهلية مفاخرهم أكثر؟. (حجة اللّٰه البالغة: (۲/۶۰) مبحث فی أبواب الحج، صفة المناسک، ط: كتبخانه رشيديه دهلی، ومير محمد كراچی)

(۲) واختلفوا فی تسمية ذلک الموضع عرفة فقيل: لأنّ جبرئيل عليه السلام قال لإبراهيم عليه السلام فی ذلک الموقف بعد فراغه من تعليم المناسک: عرفت؟ قال: نعم، فسميت بذلک؛ لأنّه عرّفه المناسک بها، وقيل: سميت عرفات لتعارف آدم وحواء فيها؛ لأنّ آدم عليه السلام هبط من الجنّه بأرض الهند، وحواء بجدة فتعارفا بالموقف، فسمّی اليوم يوم عرفة والموضع عرفات. (البحر العميق: (۳/۱۵۰۰) الباب الحادی عشر: فی الخروج من مكّة إلی منی ثم عرفة، فصل: الوقوف بعرفة، ط: مؤسسة الريّان المكتبة المكيّة)

☜ الدر المختار مع الرد: (۲/۴۶۷) كتاب الحج، مطلب فی فروض الحج و واجباته، ط: سعيد.

☜ عمدة القاری شرح صحيح البخاری: (۱۰/۶) كتاب الحج، باب الوقوف بعرفة، ط: دار الكتب العلمية بيروت.

☜ معجم البلدان: (۴/۱۰۴) ط: دار إحياء التراث بيروت.

میں ''امیر الحج'' کے پیچھے شافعی، حنفی مسلک کے لوگ بھی نماز پڑھ سکتے ہیں، چنانچہ مسافر حجاج تو امام کے ساتھ ساتھ سلام پھیر دیا کریں، اور مقیم حجاج امام کے سلام کے بعد دو رکعت مزید پڑھ کر اپنی اپنی نماز کی تکمیل کریں، اور دونوں رکعتوں میں کسی قسم کی قراءت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔(۱) اور اگر اتفاق سے امام مقیم ہے اور قصر کرے تو حنفیوں کی نماز اس امام کی اقتداء میں صحیح نہیں ہوگی، ایسی حالت میں ظہر اور عصر کی نماز اپنے اپنے وقت پر پڑھیں، جمع نہ کریں۔

''عرفات میں جمع'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳/ ۱۷۲)

عرفات کے میدان میں

☆ ۹/ ذی الحجہ کو فجر خوب اجالے میں پڑھیں اور نماز کے بعد جب سورج نکل آئے تو عرفات کے لئے روانہ ہونا سنت ہے، ۹/ ذی الحجہ سے پیشتر یا سورج نکلنے سے پہلے عرفات جانا سنت کے خلاف ہے، لیکن موجودہ دور میں ''مکتب'' کی بسیں رات ہی سے عرفات لے جانا شروع کر دیتی ہیں تو اب ان سے جھگڑا نہ کریں، جیسا وقت دیتے ہیں اس کے مطابق چلے جائیں۔

☆ عرفات جاتے وقت نہایت ذوق وشوق کے ساتھ تلبیہ کا ورد کریں، اور عاشقانہ انداز اور کیف ومستی کے عالم میں اللہ کی رحمت کے امید وار بن کر عرفات کا قصد کریں کیونکہ آج ہی کا دن پورے حج کا نچوڑ ہے، اس کے بغیر حج نہیں ہوتا۔(۲)

---

(۱) وإذا صلى المسافر بالمقيمين ركعتين سلّم وأتم المقيمون صلاتهم كذا فى الهداية، وصاروا منفردين كالمسبوقين إلّا أنّهم لايقرؤن فى الأصحّ هكذا فى التبيين، ويستحب للإمام أن يقولوا أتمّوا صلاتكم فإنّا قوم سفر كذا فى الهداية. (الهندية: (۱/ ۱۴۲) كتاب الصلاة، الباب الخامس عشر: فى صلاة المسافر، ط: رشيديه)

🗀 وصحّ اقتداء المقيم بالمسافر فى الوقت و بعده فإذا أقام المقيم إلى الإتمام لايقرأ ولايسجد للسهو فى الأصحّ؛ لأنّه كاللاحق...... (الدر مع الرد: (۲/ ۱۲۹) كتاب الصلاة، باب صلاة المسافر، ط: سعيد)

🗀 البحر الرائق : (۲/ ۱۳۵) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

(۲) وإذا أصبح أى بمنى صلى الفجر بها أى لوقتها المختار ، وهو زمان الإسفار وفى فتاوىٰ =

☆ عرفات جاتے وقت کوئی خاص چیز لے جانے کی ضرورت نہیں، صرف ایک زائد کپڑا کمر میں باندھ لیں تاکہ مزدلفہ میں نماز پڑھنے میں اور بچھا کر بیٹھنے میں سہولت ہو، اور ایک تھیلی لے لیں تاکہ واپسی میں مزدلفہ سے کنکریاں چن کر محفوظ کرنے میں سہولت ہو اور کچھ ضروری رقم ساتھ رکھیں تاکہ ضرورت کے وقت کام آئے۔

☆ عرفہ کا وقوف ۹/ذی الحجہ کو زوال کے بعد سے شروع ہوتا ہے، اس لئے زوال سے پہلے ہی سے پوری تیاری کرلیں تاکہ بعد میں وقت ضائع نہ ہو۔(۱)

☆ وقوف عرفات کے لئے نیت شرط نہیں لیکن مستحب ہے، اس لئے وقوف

= قاضی خان بغلس، فکأنّه قاسه علی فجر مزدلفة ، والأکثر علی الأوّل فهو الأفضل ، یمکث أی هنیهة و سویعة إلی أن تطلع الشمس أی تشرق علی ثبیر بفتح مثلثة وکسر موحدة : جبل بمنی محاذاة مسجد الخیف ، علی یسار السائر إلی عرفات ، فإذا طلعت أی الشمس توجّه إلی عرفات أی لیکون علی وقف السنة مع السکینة ...... والوقار ...... ملبّیًا ...... مهلّلاً مکبرًا ...... داعیًا ذاکرًا...... مصلّیًا علی النّبی صلی الله علیه وسلم ...... ، ولبّی ساعة فساعة ...... وإن راح قبل طلوع الفجر ...... أو قبل طلوع الشمس أو قبل أداء الفجر جاز أی حجه لا فعله لقوله وأساء ....
(إرشاد الساری : (ص: ۲۶۸) ، باب الخطبة ، فصل : فی الرواح من منی إلی عرفات ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

☜ غنیة الناسک : (ص: ۱۴۶ ، ۱۴۷) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل فی التوجه من منی إلی عرفات ، ط: إدارة القرآن .

☜ البحر الرائق : (۲/۳۳۵ ، ۳۳۶) کتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: سعید .

(۱) الرابع : الوقت ، أی الزمان وأوّله زوال الشمس یوم عرفة أی حقیقةً وحکمًا ...... وآخره طلوع الفجر الثانی ...... من یوم النحر . (إرشاد الساری : (ص: ۲۹۰) باب الوقوف بعرفات وأحکامه ، فصل : فی شرائط صحة الوقور ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

☜ غنیة الناسک : (ص: ۱۵۷) باب مناسک عرفات ، فصل : فی شرائط صحة الوقوف ، ط: إدارة القرآن .

☜ بدائع الصنائع: (۲/۱۲۵ ، ۱۲۶) کتاب الحج، فصل: وأمّا رکن الحج، فشیئان ، ط: سعید.

کی نیت کر کے وقوف کرنا بہتر ہے۔(۱)

☆وقوف کے لئے حیض ونفاس اور جنابت سے پاک ہونا شرط نہیں ہے، ناپاکی کی حالت میں بھی عرفات کا وقوف ہو جاتا ہے۔(۲)

☆ آج کے دن جو لوگ مسجد نمرہ میں جا کر حکومت کی طرف سے مقرر کردہ امام کے پیچھے نمازیں پڑھیں گے وہ تو ظہر اور عصر دونوں نمازیں ظہر کے وقت میں ادا کریں گے۔ مگر جو حضرات اپنے اپنے خیموں میں اپنے اپنے اماموں کے پیچھے جماعت کے ساتھ نماز ادا کریں گے (یا خواتین انفرادی طور پر پڑھیں گی) ان کے لئے دونوں نمازیں اپنے اپنے وقت میں (اذان اور اقامت کے ساتھ) پڑھنی ضروری ہیں، اگر ظہر کے وقت میں عصر کی نماز پڑھ لیں گے تو ان کی عصر کی نماز نہیں ہوگی۔

اس مسئلہ کا خاص خیال رکھیں، کیونکہ بہت سارے سلفی اور دوسرے مسلک کے لوگ منظّم طریقے سے سب ہی لوگوں کو ایک ہی وقت میں ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ جمع کر کے پڑھنے کی تلقین کرتے ہیں، حنفی حضرات کو ان کی تلقین پر عمل کرنے کی

---

(۱) والقيام والنية فيه أى الوقوف ليست بشرط ولا واجب ، وفى الرد تحته:...... فكل من القيام والنية مستحب. (الدر مع الرد: (۵۰۶/۲) كتاب الحج، مطلب فى الرواح إلى عرفات، ط: سعيد)

🗀 لباب المناسک مع إرشاد السارى : (ص: ۲۹۰ ، ۲۹۲) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل فى شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗀 غنية الناسک : (ص: ۱۵۹ ، ۱۶۱) باب مناسک عرفات ، فصل : فى ركن الوقوف ، ط: إدارة القرآن.

(۲) الخامس: كينونته بعرفة فى وقته ...... سواء كان ناويًا ...... أولا ...... محدثًا أو جنبًا ، حائضًا أو نفساء .... (لباب المناسک مع إرشاد السارى : (ص: ۲۹۰) باب الوقوف بعرفة وأحكامه ، فصل : فى شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗀 غنية الناسک: (ص: ۱۵۹) باب مناسک عرفات، فصل: فى ركن الوقوف، ط: إدارة القرآن.

🗀 الدر مع الرد: (۵۰۶/۲ ، ۵۰۷) كتاب الحج ، مطلب فى الرواح إلى عرفات ، ط: سعيد.

ہرگز اجازت نہیں ہے۔(۱)

☆ آج کل عرفات کی مسجد نمرہ میں ظہر اور عصر کی نماز پڑھانے والے امام مسافر ہوتے ہیں اور ظہر اور عصر کی نمازیں قصر پڑھاتے ہیں، لہٰذا جو حجاج آج کے دن مسافر ہیں وہ تو امام صاحب کے ساتھ ہی سلام پھیر دیں (جن حجاج کے ۷/ ذی الحجہ تک مکہ مکرمہ میں ۱۵/ دن ہوگئے وہ مقیم ہیں اور جن حجاج کے ۷/ ذی الحجہ تک پندرہ دن نہیں ہوئے وہ مسافر ہیں) اور جو حجاج مقیم ہیں وہ دونوں نمازوں میں امام صاحب کے سلام پھیرنے کے بعد اپنی دو رکعتیں پوری کرلیں، اور بقیہ دو رکعتوں میں تھوڑی دیر کھڑے ہوکر رکوع کریں اور قیام کی حالت میں سورۂ فاتحہ یا کوئی سورت نہ پڑھیں۔(۲)

---

(۱) الخامس: الجماعة فيهما وهذا عند أبى حنيفة خلافًا لهما ، فلو صلى الظهر وحده والعصر مع الجماعة، أو بالعكس أو صلاهما وحده أى منفردًا فيهما لايجوز العصر قبل وقته أى عند أبى حنيفة...... ثم حكم الجماعة مع غير الإمام الأكبر أو نائبه كحكم المنفرد لقوله: السادس: الإمام الأعظم أو نائبه، فلو صلى بهم رجل بغير إذن الإمام أى وجمع بينهما لم يجز العصر. (إرشاد السارى: (ص: ۲۸۰، ۲۸۱) باب الوقوف بعرفات وأحكامه، فصل: فى شرائط أداء الجمع، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک: (ص: ۱۵۱، ۱۵۲) باب مناسک عرفات، فصل: فى شرائط جواز الجمع، ط: إدارة القرآن.

☜ الدر مع الرد: (۲/۵۰۵) كتاب الحج، مطلب: فى شروط الجمع بين الصلاتين بعرفة، ط: سعيد.

(۲) وإذا صلى المسافر بالمقيمين ركعتين سلّم وأتم المقيمون صلاتهم كذا فى الهداية ، وصاروا منفردين كالمسبوقين إلاَّ أنّهم لايقرؤن فى الأصحّ هكذا فى التبيين ، ويستحب للإمام أن يقولوا أتمّوا صلاتكم فإنّا قوم سفر كذا فى الهداية . (الهندية : (۱/۱۴۲) كتاب الصلاة ، الباب الخامس عشر : فى صلاة المسافر ، ط: رشيديه)

☜ وصحّ اقتداء المقيم بالمسافر فى الوقت و بعده فإذا أقام المقيم إلى الإتمام لايقرأ ولايسجد للسهو فى الأصحّ ؛ لأنّه كاللاحق .... (الدر مع الرد : (۲/۱۲۹) كتاب الصلاة ، باب صلاة المسافر ، ط: سعيد)

☜ البحر الرائق : (۲/۱۳۵) كتاب الصلاة ، باب المسافر ، ط: سعيد .

☆ جو لوگ عرفات میں زوال کے بعد آئیں ان کے لئے سورج غروب ہونے تک عرفات میں رہنا واجب ہے، اگر غروب سے پہلے عرفات کی حدود سے نکلیں گے تو دوبارہ عرفات میں واپس آنا لازم ہوگا ورنہ دم دینا لازم ہوگا۔(۱)

اور جو لوگ ۹/ ذی الحجہ کو عرفات میں دن کے وقت حاضر نہ ہوسکیں اور دسویں کی رات میں آکر وقوف کریں تو تھوڑے سے وقت کے رہنے سے بھی یہ واجب ادا ہوجائے گا اور حج بھی ہوجائے گا لیکن زوال کے بعد سے غروب تک وقوف کا جو وقت ہوگا اس سے محروم رہیں گے۔(۲)

☆ وقوف عرفات کا پورا وقت، ذکر، تلبیہ، اور دیگر عبادات میں گزاریں۔(۳)

---

(۱) وأمّا قدر الواجب فيه إن وقف نهارًا فحد الوقوف من الزوال بل من حين وقف إلى أن تغيب الشمس و وقوف جزء من الليل ...... ، وإن جاوز قبل الغروب فعليه دم إمامًا كان أو غيره ...... ، وإن عاد قبله فدفع بعد الغروب فالصحيح أنّه يسقط . (غنية الناسک : (ص: ۱۵۹ ، ۱۶۰) باب مناسک عرفات ، فصل : فی رکن الوقوف وقدر الواجب فيه ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۲۹۱) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فی شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

🗁 شامی : (۲/۵۰۸) كتاب الحج ، مطلب فی الرواح إلى عرفات، ط: سعيد .

(۲) (قوله: إن وقف نهارًا) أمّا إذا وقف ليلاً فلا واجب فی حقه حتى لو وقف ساعةً لايلزمه شيئ كما فی شرح اللباب ، نعم يكون تاركا واجب الوقوف نهارًا إلى الغروب . (شامی : (۲/۴۶۸) كتاب الحج ، مطلب فی فروض الحج و واجباته ، ط: سعيد)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۱۵۹) باب مناسک عرفات ، فصل : فی رکن الوقوف و قدر الواجب فيه ، ط: إدارة القرآن.

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۲۹۱) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فی شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۳) فيقف راكبا وهو الأفضل...... مستقبل القبلة رافعًا يديه بسطًا...... مكبّرًا مهلّلاً ملبيًا حامدًا مصليًا على النّبى صلى الله عليه وسلم داعيًا أى بالدعوات المأثورة وغيرها ...... مستغفرًا لوالديه وأقاربه وأحبائه أى عمومًا وخصوصًا ، ولجميع المؤمنين والمؤمنات ...... ويجتهد فی الدعاء أى بالتضرع والإلحاح والإكثار والإستغفار ويقوّى الرجاء...... (إرشاد السارى: (ص: ۲۸۲، ۲۸۳) باب الوقوف بعرفة وأحكامه، فصل: فی صفة الوقوف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)=

البتہ جن لوگوں نے مسجد نمرہ کے امام کے ساتھ ظہر اور عصر کی نمازیں ایک ساتھ ادا کی ہیں وہ اب کوئی نماز نہ پڑھیں، اور خیموں میں رہنے والے حضرات ظہر سے عصر کے درمیان جتنی چاہیں نمازیں پڑھ سکتے ہیں۔(۱)

آج کے قیمتی لمحات زندگی کے سب سے قیمتی لمحات ہیں، سستی اور غفلت میں ہرگز ضائع نہ کریں۔(۲)

بعض اوقات غروب سے کافی پہلے ہی ''مکتب'' کے آدمی حاجیوں کو بسوں میں بٹھانا شروع کر دیتے ہیں، اس وقت آپ یہ دیکھیں کہ آپ کی بس عرفات کی حدود کے اندر ہے یا نہیں، اگر عرفات کے اندر ہے تو بس میں بیٹھنے میں کوئی قباحت نہیں ہوگی لیکن اس میں بھی ذکر واذکار اور دعا سے غافل نہیں ہونا چاہئے، اور اپنی سیٹوں پر بیٹھے بیٹھے دعا، استغفار، تلبیہ اور اذکار میں مشغول رہیں اور سورج غروب ہونے سے پہلے عرفات سے نہ نکلیں ورنہ دم دینا لازم ہوگا، اور اگر بس

= غنیة الناسک: (ص: ۱۵۴) باب مناسک عرفات، فسل: فی صفة الوقوف، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد: (۲/۵۰۷) کتاب الحج، مطلب فی الرواح إلی عرفات، ط: سعید.

(۱) وکره نفل قصدًا ولو تحیة مسجد ...... بعد صلاة فجر و صلاة عصر ولو المجموعة بعرفة. (الدر المختار مع الرد: (۲/۳۷۴، ۳۷۵) کتاب الصلاة، ط: سعید)

ومنها ما بعد صلاة العصر قبل التغیر...... وبین صلاتی الجمع بعرفة ومزدلفة .... (الهندیة: (۱/۵۳) کتاب الصلاة، الباب الأوّل فی المواقیت وما یتّصل بها، الفصل الثالث: فی بیان الأوقات الّتی لاتجوز فیها الصلاة وتکره فیها، ط: رشیدیه)

البحر الرائق: (۱/۲۵۱، ۲۵۲) کتاب الصلاة، ط: سعید.

(۲) والوقوف مع الغفلة إلّا أنّه لیس فیه الإساءة؛ لأنّ رعک الغفلة خصلة مستحبة فکراهته تنزیهیة. (إرشاد الساری: (ص: ۲۹۴) باب الوقوف بعرفات وأحکامه، فصل: فی شرائط صحة الوقوف، وأمّا مکروهاته، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک: (ص: ۱۶۰، ۱۶۱) باب مناسک عرفات، فصل: فی رکن الوقوف و قدر الواجب فیه ......، ط: إدارة القرآن.

الهندیة: (۱/۲۲۹) کتاب المناسک، الباب الخامس: فی کیفیة أداء الحج، ط: رشیدیه.

عرفات کی حدود سے باہر ہے تو غروب سے پہلے عرفات سے باہر جانے کی وجہ سے دم دینا لازم ہوگا۔(۱)

☆ غروب ہونے اور رات آجانے کے باوجود عرفات میں مغرب کی نماز ادا نہیں کی جائے گی بلکہ مزدلفہ میں جا کر مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کی جائے گی۔(۲)

عرفات میں تلبیہ پڑھنا

عرفات میں بھی تلبیہ پڑھیں، لیکن زیادہ بلند آواز سے نہیں تاکہ دوسروں کو تکلیف نہ ہو۔(۳)

عرفات میں جانے کے لئے پاک ہونا شرط نہیں

عورت کے لئے جانے کے لئے حیض ونفاس سے پاک ہونا شرط نہیں ہے،

---

(۱) انظر الحاشية السابقة، رقم : ۱، على الصفحة السابقة، رقم : ۱۶۹.

(۲) وصلى العشائين بأذان وإقامة...... ولو صلى المغرب أو العشاء فى الطريق أو فى عرفات أعاده للحديث " الصلاة أمامك " فتوقتتا بالزمان والمكان والوقت، فالزمان ليلة النحر، والمكان مزدلفة والوقت وقت العشاء .... (الدر المختار : (۲/۵۰۹) كتاب الحج، ط: سعيد)

☐ الهندية: (۱/۲۳۰) كتاب المناسك، الباب الخامس: فى كيفية أداء الحج، ط: رشيديه.

☐ إرشاد السارى : (ص: ۳۰۴) باب أحكام المزدلفة، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

(۳) ولايفرط فى الجهر بصوته أى فى التلبية بحيث يتعب نفسه، وأمّا الأدعية والأذكار فبالخفية أولىٰ .... (إرشاد السارى : (ص: ۲۸۳) باب الوقوف بعرفات وأحكامه، فصل : فى صفة الوقوف، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة)

☐ غنية الناسك : (ص: ۱۵۴) باب مناسك عرفات، فصل : فى صفة الوقوف بعرفة، ط: إدارة القرآن.

مشكوٰة المصابيح : (ص: ۲۵۸) كتاب البيوع ، باب الإفلاس ، ط: رحمانيه .

(۲) قوله (لتقدم حق العبد) أى على حق الشرع لاتهاونًا بحق الشرع بل لحاجة العبد وعدم حاجة الشرع ، ألا ترىٰ أنّه إذا اجتمعت الحدود وفيها حق العبد يبدأ حق العبد ...... فلو قدم حق الشرع عند الاجتماع بطل حقوق العباد . (شامى : (۲/ ۴۶۳) كتاب الحج ، مطلب : فى قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع ، ط: سعيد)

الفرض أفضل من النفل إلّا فى مسائل . (الاشباه والنظائر : (ص: ۱۵۴) القاعدة الثالثة عشر ، ط: قديمى)

شامى : (۱/ ۱۲۵ ، ۱۲۶) كتاب الطهارة ، مطلب : الفرض أفضل من النفل إلّا فى مسائل ، ط: سعيد.

(۳) وتفسير ملك الزاد والراحلة أن يكون له مال فاضل عن حاجته وهو ما سوى مسكنه ...... وسوى ما يقضى به ديونه . (الهندية : (۱/ ۲۱۷) كتاب المناسك ، الباب الأوّل ، ط: رشيديه)

شامى : (۲/ ۴۶۱) كتاب الحج ، ط: سعيد .

غنية الناسك : (ص: ۲۰) باب شرائط الحج ، فصل : أمّا شرائط الوجوب ، ط: إدارة القرآن.

قرض کی وجہ سے جیل بھیج دیا گیا

اگر کسی آدمی پر حج فرض ہے، اور اس کو کسی کے حق یا قرض کی وجہ سے جیل بھیج دیا گیا، اور وہ اس حق یا قرض کو ادا کرنے پر قادر ہے تو یہ جیل جانا حج کے لئے عذر نہ ہوگا جیل سے رہائی پر حج کرنا ضروری ہوگا۔(۱)

قرض لے کر حج پر جانا

اگر قرض ادا کرنے پر قادر ہے اور اسباب وغیرہ بھی موجود ہیں تو قرض لے کر حج پر جانا جائز ہے۔(۲)

قرض لے کر حج کرنا

اگر حج فرض ہو چکا ہے اور نقد رقم نہیں ہے تو قرض لے کر حج کرسکتا ہے، البتہ بعد میں قرض ادا کردینا لازم ہوگا۔(۳)

---

(۱) لكن المحبوس لو كان حبسه لمنعه حقًا قادرًا على أدائه لايسقط عنه وجوب الأداء . (غنية الناسك : (ص: ۲۴ ، ۲۵) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن)

شامی : (۲/۴۵۹) كتاب الحج ، ط : سعيد .

التاتارخانية : (۲/۴۰۰) كتاب الحج ، الفصل الحادى عشر فى الإحصار ، ط: قديمى .

(۲) ولـذا قلنا لايستقرض ليحج إلا إذا قدر على الوفاء ...... (شامى : (۲/۴۶۲ ، ۴۶۳) كتاب الحج ، مطلب : فى قولهم يقدم حق العبد على حق الشرع ، ط: سعيد)

وفيه أيضًا : وقالوا : لو لم يحج حتٰى اتلف ماله وسعه أن يستقرض ويحج ولو غير قادر على وفائه ويرجٰى أن لايؤاخذه اللّٰه بذٰلك .... (الدر مع الرد : (۲/۴۵۷) كتاب الحج ، مطلب: فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد)

غنية الناسك : (ص: ۳۳) باب شرائط الحج ، فصل : فيما إذا وجد شرائط الوجوب والأداء أو الوجوب فقط ، ط: إدارة القرآن .

التاتارخانية : (۲/۴۳۸) كتاب المناسك ، الفصل الثانى : فى بيان ركن الحج و كيفية وجوبه ، ط: إدارة القرآن .

(۳) من جاء وقت خروج أهل بلده أو أشهر الحج و قد استكمل سائر شرائط الوجوب والأداء ،=

مزید تفصیل کے لئے ''حج کے لئے قرض لینا'' عنوان کو دیکھیں۔

قرض لے کر عمرہ کرنا

قرض لے کر عمرہ کرنا جائز ہے، اگر قرض ادا کرنے کے اسباب و وسائل موجود ہیں۔(۱)

قرض ملنے کی امید نہیں

☆ جس قرضہ کی ملنے کی بالکل امید نہیں وہ مال ضمار کے حکم میں ہے، لہٰذا

= وجب عليه الحج من عامه و وجب أدائه بنفسه ، فيلزمه التأهب والخروج معهم فلو لم يحج حتى مات فعليه الإيصاء به ...... وكذا لو لم يحج حتى افتقر ، تقرّر وجوبه دينًا فى ذمّته بالاتفاق ، ولايسقط عنه بالفقر سواء هلک المال أو استهلكه ، و وسعه أن يستقرض ويحج ، وإن كان غير قادر على قضائه . (غنية الناسک : (ص: ۳۲ ، ۳۳) باب شرائط الحج ، فصل : فيما إذا وجد شرائط الوجوب و الأداء أو الوجوب فقط ، ط: إدارة القرآن)

▭ إرشاد السارى : (ص: ۹۰ ، ۹۱) باب شرائط الحج ، النوع الرابع : شرائط وقوع الحج عن الفرض ، فصل : وجوب الحج على الفور ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

▭ شامى : (۲/۴۵۷) كتاب الحج ، مطلب فى من حج بمال حرام ، ط: سعيد .

(۱) قلت : وهٰذا يرد على القول الأوّل أيضًا إن كان المراد بقوله : ولو غير قادر على وفائه أن يعلم أنّه ليس له جهة وفاء أصلاً ، أمّا لو علم أنّ غير قادر فى الحال وغلب على ظنّه أنّه لو اجتهد قدر على الوفاء فلايرد ، والظاهر أن هٰذا هو المراد ، أخذًا مما ذكره فى الظهيرية أيضًا فى لزكاة حيث قال : إن لم يكن عنده مال وأراد أن يستقرض لأداء الزكاة ، فإن كان فى أكبر رأيه أنّه إذا اجتهد بقضاء دينه قدر ، كان الأفضل أن يستقرض ، فإن استقرض وأدّى ولم يقدر على قضائه حتّٰى مات ، يرجٰى أن يقضى اللّٰه تبارک وتعالىٰ دينه فى الآخرةوإن كان أكبر رأيه أنّه لو استقرض لايقدر على قضائه كان الأفضل له عدمه ، وإذا كان هٰذا فى الزكاة المتعلق بها حق الفقراء ففى الحج أولىٰ . (شامى : (۲/۴۵۷ ، ۴۵۸) كتاب الحج ، مطلب فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد)

▭ التاتارخانية : (۲/۴۳۸) كتاب المناسک ، الفصل الثانى : فى بيان ركن الحج و كيفية وجوبه ، ط: إدارة القرآن .

اگر قرض کی رقم بالکل ناامیدی کے بعد مل جائے تو گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی۔(۱)

اگر یہ آدمی پہلے سے صاحب نصاب ہے تو رقم ملنے کے بعد دوسرے نصابوں پر سال مکمل ہونے پر اس ملنے والی رقم سے بھی زکاۃ نکال دے، اور اگر یہ آدمی پہلے سے صاحب نصاب نہیں بلکہ قرض کی رقم ملنے کے بعد صاحب نصاب بنا ہے تو سال مکمل ہونے کے بعد زکوٰۃ لازم ہوگی۔(۲)

☆البتہ جو قرض ملنے کی امید ہے اس پر گزشتہ سالوں کی زکوٰۃ واجب ہوگی، لٰہذا مالک کے پاس جتنی رقم آتی جائے گی اس سے گزشتہ سالوں کی بھی زکوٰۃ ادا کرنا لازم ہوگا۔(۳)

---

(۱) إذا كان لرجل على غيره دين وهو جاحد فإن لم يكن لرب المال بينة عادلة على الدين ، فإنّه لايكون نصابًا عند علمائنا الثلاثة وهٰذه المسئلة فى الفقه يسمٰى " مال الضمار " ومال الضمار كل مال بقى أصله فى ملكه ولكن زال عن يده زوالاً لا يرجٰى عوده فى الغالب ...... فى الجامع الصغير: رجل له على آخر دين فجحده سنين ثمّ أقام البينة عليه لايزكيه لمامضٰى . (التاتارخانية : (۲/ ۲۰۶) كتاب الزكاة، الفصل الرابع عشر فى المال الّذى يتوى ثم يقدر عليه، ط: إدارة القرآن)

▭ بدائع الصنائع: (۲/ ۹) كتاب الزكاة، فصل: وأمّا شرائط الّتى ترجع إلى المال، ط: سعيد.

▭ وسببه أى سبب افتراضها ملك نصاب حولى ، نسبة للحول لحولانه عليه ، نام (وفى الشامية) أى لأنّ حولان الحول على النصاب شرط لكونه سببًا وهٰذا علة للنسة ...... قوله : خرج مال المكاتب : أى خرج بالتقييد به ؛ لأنّ المراد بالتام المملوك رقبة ويدًا ...... (الدر مع الرد : (۲/ ۲۵۹) كتاب الزكاة ، مطلب : الفرق بين السبب والشرط والعلة ، ط: سعيد)

▭ البحر الرائق : (۲/ ۲۰۳) كتاب الزكاة ، ط:سعيد .

(۲) ومن كان له نصاب فاستفاد فى أثناء الحول مالاً من جنسهٖ ضمه إلى ماله وزكاه سواء كان المستفاد من نمائه أو لا ، وبأى وجه استفاد ضمه ، سواء كان بميراث أو هبة أو غير ذٰلک . (الهندية : (۱/ ۱۷۵) كتاب الزكاة ، الباب الأوّل : فى تفسيرها و صفتها ، ط: رشيديه)

▭ بدائع الصنائع: (۲/ ۱۴) كتاب الزكاة، فصل: وأمّا شرائط الّتى ترجع إلى المال، ط: سعيد.

(۳) وإن كان الدّين على مفلس فلسه القاضى فوصل بعد سنين كان عليه زكاة مامضٰى فى قول أبى حنيفة وأبى يوسف رحمهم اللّٰه تعالىٰ ...... وأمّا سائر الديون المقربها فهى على ثلاث مراتب=

قرعہ اندازی کر کے ایک شریک کو حج پر بھیجنا

''پیسے جمع کر کے ایک کو قرعہ اندازی کے ذریعہ حج پر بھیجنا'' عنوان کو دیکھیں۔(۲۵۱/۱)

قرن المنازل

یہ مکہ مکرمہ کے مشرق مثلاً ''نجد'' کی طرف سے آنے والوں کی میقات ہے، مکہ مکرمہ سے تقریباً تیس پینتیس میل مشرق میں نجد جانے والے راستہ میں ایک پہاڑی ہے۔

ہندوستان، پاکستان اور بنگلہ دیش کے لوگ ہوائی جہاز سے جدہ جاتے ہوئے ''قرن المنازل'' والی میقات سے گزر کر جدہ پہنچتے ہیں، اس لئے ہوائی جہاز سے جاتے ہوئے ''قرن المنازل'' سے پہلے احرام باندھنا ضروری ہے۔(۱)

= عند أبی حنیفة رحمه اللّٰه تعالیٰ، '' ضعیف '' وهو کل دین ملکه بغیر فعله لا بدلا عن شیئ نحو المیراث ...... لا زکاة فیه عنده حتٰی یقبض نصابًا ویحول علیه الحول . و '' وسط '' وهو مایجب بدلاً عن مال لیس للتجارة کعبید الخدمة و ثیاب البذلة إذا قبض مائتین زکی لما مضٰی فی روایة الأصل، و '' قویّ '' وهو مایجب بدلاً عن سلع التجارة، إذا قبض أربعین زکی لما مضٰی، کذا فی الزاهدی . (الهندیة : (۱/۱۷۵) کتاب الزکاة، الباب الأوّل فی تفسیرها ...... ط: رشیدیه)

بدائع الصنائع : (۲/۱۰) کتاب الزکاة، فصل : وأمّا شرائط الّتی ترجع إلی المال، ط: سعید.

البحر الرائق : (۲/۲۰۷) کتاب الزکاة، ط: سعید .

(۱) ولأهل نجد الیمن، ونجد الحجاز، ونجد تهامة قرن، وهو جبل مطل علی عرفات ...... وأبعد المواقیت ذو الحلیفة تعظیمًا لقدر النبیّ صلی اللّٰه علیه وسلم، وأقر بها قرن، وهنّ لهن ولمن أتی علیهن من غیر أهلهنّ لمن أراد دخول مکّة أو الحرم ولو بغیر حج و عمرة .... (غنیة الناسک : (ص: ۵۲، ۵۳) باب المواقیت، فصل : أمّا مواقیت أهل الآفاق، ط: إدارة القرآن)

شامی : (۲/۴۷۵) کتاب الحج، مطلب : فی المواقیت، ط: سعید .

الهندیة : (۱/۲۲۱) کتاب المناسک، الباب الثانی فی المواقیت، ط: رشیدیه .

نقشہ اس طرح ہے:

مشرق	مغرب
پاکستان	قرن المنازل مكة المكرّمة الحديبية جده
ہندوستان	قرن المنازل مكة المكرّمة الحديبية جده
بنگلہ دیش	قرن المنازل مكة المكرّمة الحديبية جده

قریب اور دور کی مقدار رمی میں

''دور اور قریب کی مقدار رمی میں'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۹۷)

قصر

حج کے بیان میں جب ''قصر'' کا لفظ آئے تو اس کا معنی ہوتا ہے'' بال کتروانا''۔(۱)

قصر ایام نحر کے بعد کیا

''حلق ایام نحر کے بعد کیا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۳۹)

قصر حرم سے باہر کیا

''حرم سے باہر حلق کیا'' عنوان کو دیکھیں۔(۲/۲۲۶)

قصر کروانا کب جائز ہے

اگر سر کے بال انگلی کے ایک پور کے برابر کاٹنا ممکن ہو تو قصر کرنا جائز ہوتا ہے، اور اگر بال اس سے چھوٹے ہیں تو قصر کرنا کافی نہیں ہوگا بلکہ حلق کرنا لازم ہوگا، اس لئے جو حضرات بار بار عمرہ کرنے کا شوق رکھتے ہیں ان کو چاہئے کہ ہر عمرہ کے بعد حلق کرادیا کریں، کیونکہ اگر بال ایک پور سے کم ہوں تو حلق کرنا لازم ہوتا

(۱) القاموس الوحيد : (ص: ۱۳۱۸) حرف '' ق '' ط: إدارة إسلاميات لاهور، كراچی .

ہے، اس کے بغیر احرام نہیں کھول سکتا۔(۱)

قصر میں انگلی کے ایک پور سے کم بال کٹوائے

اگر عمرہ یا حج کے بعد سر کے بال ایک پور یعنی ایک انچ سے بھی کم کٹوائے اور اس کے بعد اپنے ملک واپس آ گیا، اور کئی سال اسی حالت میں گزر گئے تو جب تک اس آدمی نے حلق نہیں کیا یا ایک پور کے برابر بال نہیں کٹوائے تب تک وہ حلال نہیں ہوگا اور اس دوران جتنے ممنوعات احرام کا ارتکاب کرتا رہا اس حساب سے اس پر دم لازم ہوتے رہیں گے۔(۲)

قطرہ آتا ہے

اگر کسی کو مثانہ کی کمزوری کی وجہ سے قطرہ آتا ہے، اور وہ ہر دفعہ پیشاب کرنے

---

(۱) ولو تعذر الحلق لعارض بأن يفقد آلة الحلق ، أو من يحلقه أو يضره الحلق لنحو صداع أو قروع برأسه تعين التقصير ، أو تعذر التقصير بأن يكون شعره قصيرًا أو لبده بصمغ ، فلا يعمل فيه المقراض تعيّن الحلق ، وكذا لو كان معقوصًا أو مضفورًا . (غنية الناسک : (ص: ۱۷۵) باب مناسک منى يوم النحر ، فصل : فی الحلق ، مطلب لو تعذر الحلق أو القصر ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۳۲۴) باب مناسک منى ، فصل : فی الحلق والقصر ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

شامی : (۲/۵۱۶) كتاب الحج ، ط: سعيد .

(۲) ويختص حلق الحاج بالزمان والمكان عند أبی حنيفة رضی اللّٰه تعالىٰ عنه وحلق المعتمر بالمكان ، فالزمان أيّام النحر والمكان الحرم ، والتخصيص للتضمين لا للتحلل ، فلو حلق أو اقتصر فی غير ماتوقت به لزم الدم ولكن يحصل به التحلل فی أی مكان و زمان أتی به بعد دخول وقته . (غنية الناسک : (ص: ۱۷۵) باب مناسک منى يوم النحر ، فصل : فی الحلق ، مطلب : يختص حلق الحاج بالزمان والمكان ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۳۲۵) باب مناسک منى ، فصل فی زمان الحلق ومكانه و شرائط جوازه ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

شامی : (۲/۵۱۸) كتاب الحج ، ط: سعيد .

الهندية : (۱/۲۳۲) كتاب المناسک ، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.

کے بعد پانی سے پاکی حاصل کر کے ایک رومال عضو پر لپیٹ کر کپڑے پہن کر نماز پڑھتا ہے تو اس کی نماز ہو جائے گی۔

اسی طرح حج اور عمرہ کے دوران بھی ایسا کپڑا استعمال کرسکتا ہے، ناپاک ہونے کی صورت میں اس کو دھو لینا کافی ہے۔(۱)

قلادہ

''قلادہ'' سے مراد ہے: جوتی یا زنبیل کا ٹکڑا، یا کوئی اور چیز مثلاً صوف، اون یا بالوں کی رسّی باندھ کر جانور کے گلے میں لٹکا دے، اس کو''قلادہ'' کہتے ہیں۔

قہوہ

''پینے کی چیز'' عنوان کو دیکھیں۔(۱/۲۵۳)

قیامت سے پہلے ایک وقت ایسا آئے گا

''امام مہدی کے ظہور کی آخری علامت'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۱۵۳)

---

(۱) ولایکره لبس الخز والقصیب إذا لم یکن مخیطًا . (التاتارخانیة : (۲/۴۹۵) الفصل الخامس فیما یحرم علی المحرم ومالایحرم ، نوع منه فی اللبس والمخیط ، ط: إدارة القرآن)

الخانیة علی هامش الهندیة : (۱/۲۸۶) کتاب الحج ، ط: رشیدیه .

بدائع الصنائع : (۲/۱۸۵) کتاب الحج ، فصل : وأمّا بیان مایحظره الإحرام ومالایحرم ، ط: سعید .

الغسل ...... والغمس فی الماء ...... ودخول الحمام ...... وغسل الثوب ، أی للطهارة أو النظافة ، .... (إرشاد الساری : (ص ۱۷۲) باب الإحرام ، فصل فی مباحاته ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة)

یجوز تطهیر النجاسة بالماء وبکل مائع طاهر یمکن إزالتها کالخل وماء الورد ونحوه . (الهندیة : (۱/۴۱) کتاب الطهارة ، الباب السابع : فی النّجاسة وأحکامها ، الفصل الأوّل : فی تطهیر الأنجاس ، ط: رشیدیه)

شامی : (۲/۳۰۹) کتاب الطهارة ، باب الأنجاس ، ط: سعید .

البحر الرائق : (۱/۲۲۱) کتاب الطهارة ، باب الأنجاس ، ط: سعید .

قیام مکہ ومدینہ

① حج کے پورے سفر میں خاص طور پر اس بات کا خیال رکھیں کہ آپ حاجی ہونے کی وجہ سے اللہ تعالی کے مہمان ہیں، چنانچہ اپنا قیمتی وقت زیادہ سے زیادہ عبادت، تلاوت ذکر واذکار اور خیر کے کاموں میں صرف کریں، اسی طرح رفتار، گفتار عمل اور برتاؤ میں اس عظیم حیثیت کا خیال رکھیں۔

② مکتب کی طرف سے دیا گیا شناختی کارڈ ہر وقت اپنے ساتھ رکھیں، راستہ بھولنے کی صورت میں وہ کارڈ کسی کو دکھادیں، منزل تک پہنچنا آسان ہوجائے گا۔

③ اگر کبھی گم ہوجائیں اور اپنی عمارت/رہائش گاہ کا پتہ یاد نہ ہو تو آپ اپنے ملک کا حج آفس معلوم کریں، تا کہ کوئی بھی بآسانی آپ کو وہاں تک پہنچادے جہاں آفس کے کارکنان آپ کو مطلوبہ رہائش گاہ تک پہنچاسکیں۔

④ مکہ مکرمہ میں اسی عمارت اور کمرے میں قیام کریں جو کمپیوٹر کے ذریعہ آپ کے لئے الاٹ کئے گئے ہیں، اور جن کے دروازوں پر آپ کے نام مع حوالہ/حاجی پاس نمبر چسپاں ہیں، اپنی جگہ چھوڑ کر کسی اور جگہ پر قبضہ نہ کریں بلکہ اپنی ہی جگہ پر رہیں، اور اگر پرائیویٹ حج گروپ میں ہیں تو اس صورت میں گروپ کی جانب سے جو کمرہ دیا جائے اس میں رہیں، جھگڑا فساد سے ہمیشہ دور رہیں، آپ اللہ کے مہمان ہیں ہر وقت اس کا خیال رکھیں۔(۱)

---

(۱) وعنه (أی عن أبی هریرة رضی اللّٰه عنه) قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم: من حجّ للّٰه فلم یرفث ولم یفسق رجع کیوم ولدته أمه، متفق علیه. (مشکوٰة المصابیح: (ص: ۲۲۴) کتاب المناسک، الفصل الأوّل، ط: رحمانیه)

🗀 مرقاة المفاتیح شرح مشکوٰة المصابیح: (۲۶۵/۵) أیضًا، ط: إمدادیه ملتان.

🗀 الهندیة: (۲۲۴/۱) کتاب المناسک، الباب الرابع، فیما یفعله بعد الإحرام، ط: رشیدیه. =

⑤ صفائی پر پورا دھیان دیں چاہے وہ کمرے کی ہو یا لباس کی، جسم کی ہو یا عام معاملات کی، کیونکہ صفائی مؤمن کی شان اور ایمان کا جز ہے، صبح شام صفائی والے آئیں گے ان سے بھی صفائی کا کام لے سکیں گے بلکہ جو بھی کچرا ہوگا اس کو ''ڈسٹ بِن'' میں رکھدیں تاکہ صفائی والے لے جائیں۔(۱)

⑥ کھانے پکانے کے لئے کچن کا ہی استعمال کریں، رہائشی کمروں میں کھانا پکانا سخت منع ہے اور کچن میں ہر قسم کے انتظامات موجود ہیں لہذا کھانا یا چائے وغیرہ پکانے کی ضرورت ہو تو کچن ہی کا استعمال کریں ورنہ سعودی امن عامہ کی پولیس کی طرف سے قانونی کاروائی ہوسکتی ہے۔

⑦ اپنی رہائش گاہ سے حرم شریف کے قریبی گیٹوں کو جن پر نمبر بھی لگے ہوئے ہیں خود بھی پہچان لیں اور اپنے ساتھ کے کمزور اور عمر رسیدہ لوگوں کو بھی پہچان کرادیں، عام طور پر حرم شریف جاتے ہوئے گم ہونے کا خطرہ نہیں ہوتا کیونکہ تمام لوگ ہر طرف سے حرم شریف کی طرف جارہے ہوتے ہیں، البتہ واپسی میں گم ہونے کا خطرہ ہوتا ہے کہ سب کی منزل ایک نہیں ہوتی۔

مطاف میں جانے کے بعد چاروں طرف غور سے دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ مطاف کی طرف سے باہر نکلنے والوں کی رہنمائی کے لئے مختلف رنگوں کے پانچ الکٹرک

= 🗀 شامی : (۴۸۷/۲) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فیما یحرم بالإحرام ومالایحرم ، ط: سعید .

🗀 عن أبی هریرة عن النّبی صلی اللّٰہ علیه وسلم أنّه قال : الحاج والعمار وفد اللّٰہ ، إن دعوه أجابهم وإن استغفروه غفر لهم . رواه ابن ماجه . (مشکوٰة المصابیح : (ص: ۲۲۲ ، ۲۲۳) کتاب المناسک ، الفصل الثالث ، ط: قدیمی)

(۱) عن أبی مالک الأشعری قال : قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم : الطهور شطر الإیمان . (مشکوٰة المصابیح : (ص: ۳۹) کتاب الطهارة ، الفصل الأوّل ، ط: رحمانیه)

🗀 مرقاة المفاتیح : (۳۱۸/۱) أیضًا ، ط: امدادیه ملتان .

بورڈ لگے ہوئے ہیں، (ہوسکتا ہے بعد میں تبدیلی بھی آجائے) انہیں خوب اچھی طرح سے پہچان لیں، یہ بورڈ حرم شریف کے پانچ مین گیٹوں کی سیدھ میں لگائے گئے ہیں، چونکہ ان میں سے ہر گیٹ مکہ مکرمہ کے مختلف محلوں میں کھلتا ہے، لہذا ان بورڈوں کو پہچان لینے میں جو سب سے بڑا فائدہ ہے وہ یہ ہے کہ اگر حرم شریف سے نکلتے ہوئے خدا نخواستہ آپ کھو بھی گئے تو اپنے مطلوبہ محلّہ میں ہی رہیں گے، کسی دوسرے محلّہ میں نہیں نکلیں گے۔(آج کل موبائل کی وجہ سے بہت زیادہ سہولت ہوگئی ہے)

⑧ حج کے سفر جدہ سے مکہ مکرمہ، مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ، منی، عرفات اور مزدلفہ جانا پڑتا ہے ان اسفار میں سامان کم سے کم رکھنے کی کوشش کریں، اور ہر سامان پر اپنے نام کے ساتھ پاسپورٹ نمبر، گروپ کا نام اور ٹیلیفون نمبر ضرور درج کریں یا کیر آف (Care of) کر کے کسی دوسرے جاننے والے کا ٹیلیفون نمبر لکھدیں تاکہ گم ہونے کی صورت میں دوبارہ ملنے میں آسانی ہو۔

⑨ بسوں پر سامان رکھوانے یا ان پر سے اترواتے ہوئے اپنے سامان کی پوری نگرانی رکھیں تاکہ کوئی سامان گم نہ ہو۔

⑩ کبھی بھی کسی حال میں بیس پچیس ریال سے زیادہ رقم لے کر بھیڑ کی جگہوں میں نہ جائیں، چاہے وہ حرم شریف ہی کیوں نہ ہو، کیونکہ اس مقدس مقام پر دل ودماغ اگر پیسوں کی حفاظت میں مشغول رہیں، تو یہ اس مقام کی بے ادبی ہے، اور اگر ایسا نہیں تو حرم کی ہوش ربا بھیڑ میں آپ کے پیسے محفوظ رہ جائیں گے کیسے یقین کیا جا سکتا ہے؟

⑪ موقع ملتے ہی پہلی فرصت میں اپنی قیمتی چیزیں یا دیگر رقومات اپنے معلم صاحب کے پاس امانت کے طور پر جمع کر کے رسید لے لیں، پھر ضرورت کے وقت ان میں سے لیتے اور خرچ کرتے رہیں، وقتاً فوقتاً جو پیسے لیتے رہیں ان کا اپنی امانت رسید میں اندراج کرواتے رہنا نہ بھولیں، تاکہ جمع شدہ پیسوں میں شک وشبہ یا بھول

چوک کی گنجائش نہ رہے، یاد رہے کہ ہر معلم کے آفس میں اپنے حجاج کی امانتیں جمع کرنے کا معقول انتظام ہوتا ہے، اس کے علاوہ بھی احتیاط کا جو مناسب طریقہ ہو اختیار کریں، مگر اپنی جیب، بٹوہ یا بیلٹ میں رکھنے کا مطلب پیسے ضائع کرنا ہے، اس تجربے کو ہرگز دہرانے کی کوشش نہ کریں۔

⑫ نماز یا دوسرے کاموں کے لئے کمرہ بند کرکے باہر جاتے وقت کمرہ کا ائرکنڈیشن، بجلی یا پنکھا بند کرنا نہ بھولیں۔

⑬ پانی کے استعمال میں بھی احتیاط کریں، قیامت کے دن اس کا بھی حساب ہوگا۔(۱)

⑭ سعودی عرب میں چونکہ ایک نئی اور گرم آب و ہوا سے آپ کا سابقہ ہے لہٰذا دوپہر کی تیز دھوپ سے جہاں تک ممکن ہو سکے بچنے کی کوشش کریں، مشروبات خاص طور پر زم زم کا پانی خوب کثرت سے پیا کریں البتہ شوگر کے مریض احتیاط سے کام لیں۔

⑮ مکتب کے معلم یا حج گروپ کے لیڈر کی طرف سے مدینہ منورہ کی روانگی سے متعلق جو اعلان آپ کی عمارت میں لگا ہوا ملے گا اس کے مطابق مدینہ منورہ جانے کے لئے تیار رہیں، اور روانگی کا جو وقت مقرر کیا گیا ہے اس کے مطابق اپنی بسوں میں سوار ہو جائیں، کسی کی غیر حاضری یا انتظار کی وجہ سے اگر بس لیٹ ہوئی جس کی وجہ سے بس میں سوار دوسرے حجاج کرام کو تکلیف اٹھانی پڑی تو اس کا گناہ یقیناً اسی

---

(۱) عن عبد اللّٰہ بن عمرو بن العاص ، أنّ النّبی صلی اللّٰہ علیه وسلم مر بسعد وهو يتوضأ فقال ماهذا السرف يا سعد ! قال : أفي الوضوء سرف ، قال : نعم وإن كنت على نهر جار ، رواه أحمد وابن ماجه . (مشكوٰة المصابيح : (ص: ۴۸) كتاب الطهارة ، باب سنن الوضوء ، الفصل الثالث ، ط: رحمانيه)

مرقاة المفاتيح : (۲/ ۲۹) أيضًا ، ط: امداديه ملتان .

کے سر جائے گا چاہے دیر کا سبب بڑے سے بڑا ثواب کا کام ہی کیوں نہ ہو۔(۱)

واضح رہے کہ جو حجاج، حج سے پہلے مدینہ منورہ جا رہے ہیں ان پر طواف وداع ابھی واجب نہیں کیونکہ یہ طواف وطن واپسی سے پہلے آخری اوقات میں کرنا ہے جب کہ ان حجاج کرام کو تو حج سے پہلے ابھی پھر واپس مکہ مکرمہ آنا ہے۔(۲)

⑯ اگر مدینہ منورہ کا سفر حج سے پہلے ہو رہا ہو تو موسم کے اعتبار سے ہلکا پھلکا سامان ساتھ رکھیں اور ضرورت کے مطابق کپڑے کے جوڑے بھی ساتھ لیں اور احرام کی چادریں بھی ساتھ لیں، کیونکہ مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ واپس آتے وقت بیر علی سے احرام باندھنا ہے، اور دیگر ضرورت کی چیزیں جو آپ مناسب سمجھتے ہیں لے سکتے ہیں کیونکہ آپ کو وہاں نو دس روز رک کر چالیس نمازیں بھی پڑھنی ہیں۔(۳)

موجودہ دور میں مدینہ منورہ میں ہر چیز ملتی ہے اس لئے زیادہ سامان ساتھ لے کر جانا ضروری نہیں ہے۔

---

(۱) عن عبد اللّٰہ بن عمرو رضی اللّٰہ عنہ قال :قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم : المسلم من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ ، والمهاجر من هجر ما نهی اللّٰہ عنہ .... (مشکوٰة المصابیح : (ص: ۱۳) کتاب الإیمان ، الفصل الأوّل ، ط: رحمانیہ)

مرقاة المفاتیح : (۷۲/۱) أیضًا ، ط: امدادیہ ملتان .

(۲) ویطوف للصدر سبعة أشواط ولا رمل فیہ ......و یسمّی هٰذا طواف الصدر وطواف الوداع ...... ولہ وقتان ، وقت الجواز ، و وقت الاستحباب ، (فالأوّل) أولہ بعد طواف الزیارة إذا کان علی عزم السفر ...... (والثانی) أن یوقعہ عند إرادة السفر . (الهندیة : (۲۳۴/۱) کتاب المناسک ، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج ، ط: رشیدیہ)

شامی : (۵۲۳/۲) کتاب الحج ، مطلب : فی طواف الصدر ، ط: سعید .

غنیة الناسک : (ص: ۱۹۰) باب طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن .

(۳) عن أنس بن مالک عن النّبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم أنّہ قال : من صلّی فی مسجدی أربعین صلاة لایفوتہ صلاة ، کتبت لہ براء ة من النّار ، ونجاة من العذاب ، وبرئ من النفاق . (مسند أحمد بن حنبل : (۱۵۵/۳) رقم الحدیث : ۱۲۶۰۵) مسند أنس بن مالک رضی اللّٰہ عنہ ، ط: مؤسّسة قرطبہ ، قاهرہ)

⑰ ''بیر علی'' کی میقات پر احرام باندھیں۔(۱)

جب آپ اپنی بسوں سے اتریں تو اترتے وقت اپنی بسوں کے نمبر وغیرہ دیکھ کر اچھی طرح پہچان لیں، نیز دوسرے ساتھیوں کو خاص طور پر عورتوں اور عمر رسیدہ وکم پڑھے لکھے لوگوں کو پہچان کرادیں تاکہ مسجد سے احرام باندھ کر واپس اپنی بسوں تک پہنچنے میں کسی قسم کی دشواری نہ ہو کیونکہ ان دنوں میں وہاں ایک جیسی سینکڑوں بسیں کھڑی رہتی ہیں۔

⑱ اگر آپ کو کوئی شکایت ہے تو پرائیویٹ حج گروپ میں جانے کی صورت میں گروپ لیڈر کو اور حکومت کی اسکیم کے تحت جانے کی صورت میں قریبی حج آفس کے ذمہ داروں کو صورت حال سے آگاہ کر سکتے ہیں اور اگر صبر سے کام لیں گے تو زیادہ بہتر ہوگا۔

⑲ اگر خدانخواستہ کبھی بیمار ہو جائیں تو ہر ملک کا الگ الگ حج آفس اور ڈسپنسری موجود ہوتی ہے وہاں باقاعدہ ڈاکٹرز بیٹھتے ہیں، اور دوائی وغیرہ کا بھی انتظام ہے، ایسی صورت میں مکتب اور معلم کی طرف سے جاری کردہ تصویر والا کارڈ لے کر رجوع کریں وہاں آپ کا مناسب علاج ہو جائے گا (باہر پرائیویٹ علاج بہت زیادہ مہنگا ہوتا ہے اس لئے آپ ڈسپنسری سے رجوع کریں)

⑳ آپ کی رہائشی عمارتوں کے ہر کمرے کے لئے مخصوص حجاج کرام کی

---

(۱) فميقات أهل المدينة وكذا من مرّ بها من غير أهلها ذو الحليفة بالتصغير ، وبهٰذا المكان آبار تسمّيها العوام "آبار على" ط. (إرشاد السارى : (ص: ۱۱۰) باب المواقيت ، النوع الثانى : الميقات المكانى ، فصل فى موقيت أهل الآفاق ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۵۰) باب المواقيت ، فصل : أمّا مواقيت أهل الآفاق ، ط: إدارة القرآن.

الهندية : (۱/۲۲۱) كتاب المناسک ، الباب الثانى : فى المواقيت ، ط: رشيديه .

شامى : (۲/۴۷۴) كتاب الحج ، مطلب : فى المواقيت ، ط: سعيد .

کمپیوٹر لسٹ کمرے کے دروازے پر تو لگی ہوگی، ساتھ ساتھ اس کمرے میں جتنے لوگوں کو رہائش دی گئی ہے ان کی تعداد بتانے والا اسٹیکر بھی ہوگا، اگر مقررہ تعداد کے مطابق کمرے میں قیام کرنے والے سارے حجاج کرام ابھی تک نہ پہنچے ہوں، اور آپ اس دوران پروگرام کے مطابق مدینہ منورہ جارہے ہیں تو جاتے ہوئے یا تو کمرے میں تالا لگا کر نہ جائیں یا چابی ہوٹل کے کسی ذمہ دار کے حوالہ کر کے جائیں تاکہ آپ کے جانے کے بعد اگر کمرے کے بقیہ حجاج کرام آئیں تو انہیں ٹھہرانے کے لئے کمرے کا تالا توڑنا نہ پڑے۔

(۲۱) اس سفر کے ہر مرحلے میں ہمیشہ اپنا قیمتی وقت عبادت، تلاوت، ذکرو اذکار اور حج کے مسائل سیکھنے میں صرف کریں بلاوجہ کسی بھی اجنبی اور انجان شخص سے روابط نہ بڑھائیں، چاہے وہ آپ کی عمارت کا دربان ہی کیوں نہ ہو، کیونکہ اس کے نتائج اچھے نہیں ہوتے۔(۱)

(۲۲) مکتب کے معلم صاحب کی طرف سے دیا گیا ''پیلا کلائی بند'' ہو یا حج کمیٹی/حاجی کیمپ کی طرف سے ملا ہوا ''اسٹیل کا کڑا'' انہیں خود بھی پہنے رہیں اور اپنی جماعت کے کمزوروں، ضعیفوں اور عورتوں کو بھی پہنے رہنے کی تاکید کرتے رہیں تاکہ حج کی زبردست بھیڑ میں بھولنے بھٹکنے کی صورت میں ان کلائی بندوں پر درج تفصیلات کی مدد سے ان کا پتہ اور ٹھکانہ معلوم کرنا آسان ہو سکے۔

---

(۱) ویترک نفقة عیاله ویخرج بنفس طیبة ویتقی الله فی طریقه ویکثر ذکر الله، ویجتنب الغضب ویکثر الاحتمال عن النّاس ویستعمل السکینة والوقار بترک مالایعنیه. (الهندیة: (۱/۲۲۰) کتاب المناسک، الباب الأوّل، وأمّا آدابه، ط: رشیدیه)

شامی: (۲/۴۷۱) کتاب الحج، مطلب: فی فروض الحج وواجباته، ط: سعید.

التاتارخانیة: (۲/۳۳۲) کتاب الحج، الفصل الثالث فی تعلیم أعمال الحج، ط: قدیمی کتب خانه.

(۲۳) منیٰ، عرفات اور مزدلفہ وغیرہ کا مختصر قیام ہو یا مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کا طویل قیام ہر جگہ حوصلہ اور بلند ہمتی سے کام لینا چاہئے کوئی بھی مصیبت آجائے پریشان نہیں ہونا چاہئے، بلکہ ''دل اور بڑھ گیا مشکل جو آپڑی'' کے اصول کے تحت اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرتے ہوئے کام کو آگے بڑھانا چاہئے۔

کسی بھی آفت اور مصیبت گزرنے کے بعد ان میں گرفتار آدمیوں کو وہیں ڈھونڈا جائے گا جو ان کی مخصوص جگہیں ہیں یا جہاں سے وہ بچھڑے ہیں، لہذا ایسے حضرات کو یا تو اپنی جگہوں سے ہٹنا ہی نہیں چاہئے یا اگر وقت کا تقاضہ ٹہلنا ہی ہو تو بھی دوبارہ موقع ملتے ہی پھر اپنی جگہ پر واپس آکر موجود رہنا چاہئے، تاکہ قونصلیٹ کا عملہ ہو یا آپ کے ساتھی، آپ کو پانے اور خبر گیری میں جلد از جلد کامیاب ہوسکیں۔

موجودہ زمانہ میں موبائل ''سم'' ہر جگہ دستیاب ہے لہذا سعودی عرب جانے کے بعد وہاں کی ایک سم لے لیں تاکہ ایسی ناگہانی آفت و مصیبت کی صورت میں ساتھیوں کو اطلاع کرنا آسان ہو۔

(۲۴) تقریبا ہر سال حج کے ایام میں کچھ دھوکے باز قسم کے لوگ حجاج کرام سے کسی نہ کسی طرح روابط بڑھاتے ہیں، پھر انہیں پوری طرح اپنے اعتماد میں لے کر سستی قربانیوں کا جھانسہ دیتے ہوئے ایک بڑی رقم جمع کرنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں، جبکہ انکا مقصد صرف اور صرف حجاج کرام کو دھوکہ دے کر لوٹنا اور پیسہ کمانا ہوتا ہے، اس لئے آپ اس قسم کے لوگوں سے ہمیشہ ہوشیار رہیں، اپنی قربانی یا تو خود اپنے ہاتھ سے کریں یا اپنے ساتھیوں میں کسی معتبر ساتھی کے ذریعہ کرائیں، یا گروپ لیڈر کے ذریعہ قربانی کا کام انجام دلائیں۔

(۲۵) حج کے سفر کے دوران ہر جگہ اور ہر وقت اپنے سے کمزوروں، بوڑھوں، عورتوں اور بچوں کا پورا پورا خیال رکھیں، اور ان کی مدد اور تعاون کرتے ہوئے ثواب

کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے جانے نہ دیں، ایسا موقع پھر کبھی قسمت سے ملے گا۔(۱)

㉖ یہاں پر مقیم اپنے کسی بھی ملاقاتی کو اپنے کمرے میں بلانے سے پرہیز کریں تاکہ اس کی وجہ سے کسی دوسرے حاجی کو تکلیف نہ ہو، اگر خدانخواستہ اس دوران عمارت میں کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما ہوگا تو اس ملاقاتی کے ساتھ ساتھ آپ کو بھی پوچھ گچھ اور انکوائری کے مراحل سے گزرنا پڑے گا، اس طرح خواہ مخواہ ایک غیر ضروری معاملے میں الجھ کر آپ کی عبادت وریاضت کے قیمتی اوقات متاثر ہوں گے۔

لہٰذا اگر کسی ملاقاتی سے ملنا ہو تو باہر ہی مل کر رخصت کر دیا کریں۔

㉗ اپنے عزیز واقارب کو تحفہ کے طور پر دینے کے لئے تسبیح، جائے نماز، رومال، ٹوپی اور کھجور وغیرہ کوئی چیز خریدنی ہو تو انہیں حج کے بعد خریدیں تاکہ آپ کی پوری توجہ حج کی طرف رہے، خریداری کی طرف نہ جائے۔

خریداری کا ارادہ کرتے وقت دو باتوں کا خیال رکھیں۔

❶ مارکیٹ میں جانے سے پہلے ضروری چیزوں کی ایک لسٹ بنالیں، اور اسی کے مطابق خریدیں، یہ لسٹ مارکیٹ میں جا کر نہ بنائیں ورنہ غیر ضروری چیزیں خرید لی جائیں گی اور ضروری چیزیں رہ جائیں گی۔

❷ ہوائی جہاز پر اپنے ساتھ لے جانے کے لئے ایک محدود وزن کی ہی اجازت ہے جس سے بڑھنے کی صورت میں آپ کو ہر کلو کے حساب سے وزن کا

---

(۱) ولا بدّ له من رفيق صالح، يذكره إذا نسى ويصبره إذا جزع ويعينه إذا عجز، وكونه من الأجانب أولىٰ من الأقارب تبعدًا عن ساحة القطعية. (الهندية: (۱/۲۲۰) كتاب المناسك، الباب الأوّل: وأمّا آدابه، ط: رشيديه)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۳۵، ۳۶) باب ماينبغى لمريد الحج من آداب سفره، ط: إدارة القرآن والعلوم الإسلامية.

🗁 البحر العميق: (۱/۴۴۳) الباب الرابع: فى مقدمات السفر و آدابه، الأمر الثامن، ط: مؤسّسة الريّان، المكتبة المكيّة.

چارج دینا پڑے گا اور اس وقت یہ رقم دینا بہت ہی مشکل ہوگا، جب کہ اپنے وطن پہنچ کر کسٹم کے مراحل بھی درپیش ہوں گے، لہٰذا جس حد تک ہو سکے کم سے کم سامان خریدیں۔

(۲۸) حرم شریف کی تقریبا ہر فرض نماز کے بعد جنازے کی نماز کا اعلان ہوتا ہے اور جنازہ کی نماز پڑھی جاتی ہے، اس لیے فرض نمازوں کے بعد احتیاطا دو چار منٹ رک کر ہی سنت اور نوافل کی نیت باندھیں تا کہ اتنے بڑے مجمع میں حرم شریف کے اندر پڑھی جانے والی جنازہ کی نماز کے ثواب سے بھی مستفیض ہو سکیں، جس میں شرکت کی حدیث میں بڑی فضیلت ہے۔(۱)

(۲۹) اپنے ساتھی بلکہ عام لوگوں کے ساتھ بھی بلند ترین اخلاق کا مظاہرہ کریں، جس کی معمولی جھلک یہ ہے کہ آپ کی ذات سے کسی کو ادنی سی بھی تکلیف نہ پہنچے یہاں کے سارے مقدس مقامات کا تہ دل سے احترام کریں، جس کا سب سے کمتر نمونہ یہ ہے کہ ہر اس عمل، برتاؤ، بات، انداز یہاں تک کہ خیال سے بھی پرہیز کریں جس پر آپ کا دل تھوڑی سی بھی بے اطمینانی محسوس کرتا ہو۔

(۳۰) حرم شریف جاتے ہوئے کپڑے یا پلاسٹک کی ایک تھیلی رکھ لیا کریں تا کہ اس میں اپنے جوتے، چپل رکھ سکیں، نیز اسے ایسی جگہ رکھیں جہاں گم ہونے یا حرم شریف میں صفائی ستھرائی کرنے والے کارکنوں کے ہاتھوں پھینکے جانے کا اندیشہ نہ ہو اور اگر جوتے کو تھیلی میں ڈال کر ساتھ رکھا جائے تو زیادہ بہتر ہے باقی

---

(۱) عن أبي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اتبع جنازة مسلم إيمانا واحتسابا وكان معه حتى يصلى عليها ويفرغ من دفنها فإنّه يرجع من الأجر بقيراطين، كل قيراط مثل أحد، ومن صلى عليها ثم رجع قبل أن تدفن فإنّه يرجع بقيراط. متفق عليه. (مشكوٰة المصابيح: (ص: ۱۴۴) باب المشي بالجنازة والصلاة عليها، الفصل الأوّل، ط: قديمي)

🗀 صحيح البخاري: (۳۵۵/۱) رقم الحديث: ۱۳۲۵) كتاب الجنائز، باب من انتظر حتى يدفن، ط: الطاف اينڈ سنز.

طواف کے دوران جوتا ساتھ نہ رکھیں ورنہ اطمینان کے ساتھ طواف کرنا مشکل ہوگا۔

۳۱ حج کے موسم میں سخت ہجوم میں حرم شریف کے گیٹوں میں کھڑے ہو کر اپنے جوتے چپل پہننا بھی اپنے پیچھے نکلنے والے لوگوں کو اذیت پہنچانے کے مترادف ہے لہذا اس سے بچتے ہوئے اپنے جوتے، چپل ان گیٹوں سے تھوڑی دور نکل کر پہنا کریں۔

قیدی کا حج بدل

اگر کسی آدمی پر حج فرض ہے، لیکن وہ شخص پوری زندگی قید میں رہا، تو اس کی طرف سے حج بدل کرنا یا کرانا جائز ہے، لیکن اگر اس شخص کو قید سے رہائی مل جائے گی تو دوبارہ اس آدمی پر خود جا کر فرض حج ادا کرنا لازم ہوگا، اور پہلے جو حج بدل کرایا تھا وہ نفلی ہو جائے گا۔(۱)

قینچی نہیں

''استرہ نہیں'' عنوان کو دیکھیں۔(۱/۱۴۱)

---

(۱) والمركبة منهما كحج الفرض، تقبل النيابة عند العجز فقط لكن بشرط دوام العجز إلى الموت؛ لأنّه فرض العمر حتى تلزم الإعادة بزوال العذر أى العذر الّذى يرجى زواله كالحبس والمرض. (شامى: (۵۹۸/۲) كتاب الحج، باب الحج عن الغير، مطلب فى الفرق بين العباده والقربة والطاعة، ط: سعيد)

غنية الناسک: (ص: ۳۲۱) باب الحج عن الغير، ط: إدارة القرآن.

الهنديه: (۲۵۷/۱) كتاب المناسک، الباب الرابع عشر فى الحج عن الغير، ط: رشيديه.

کاروباری حج

موجودہ دور میں کچھ حضرات ایسے بھی ہیں جو تقریباً ہر سال حج پر جاتے ہیں، یہ لوگ یہاں سے مختلف دوائیں اور دیگر سامان لے جاتے ہیں، اور وہاں منافع کے ساتھ فروخت کر دیتے ہیں، اور حج سے واپسی پر وہاں سے سامان لاکر فروخت کر دیتے ہیں، ان لوگوں کا حج ایک قسم کا ''کاروباری'' حج ہوتا ہے ایسے لوگوں کا حج ہو جائے گا لیکن اگر حج کے سفر کا مقصد کاروبار ہے تو ان لوگوں کو ان کی اپنی نیت کے مطابق بدلہ ملے گا اس لئے ''کاروباری حج'' کے بجائے خالص حج کرنے کی کوشش کی جائے۔(۱)

کافر سے قرض لے کر حج کرنا

''غیر مسلم سے قرض لے کر حج کرنا'' عنوان کو دیکھیں۔(۳/۲۵۳)

کافر کے پیسے سے حج کرنا

کافر کے پیسے سے مسلمان حج کر سکتا ہے، حج ادا ہو جائے گا اگر اس نے گفٹ کر کے دے دیا ہے۔(۲)

---

(۱) إن من نوى الحج والتجارة لا ثواب له، إن كانت نية التجارة غالبة أو متساوية .... (شامي: (۶/۴۲۵) كتاب الحظر والإباحة، فصل: في البيع، فروع، ط: سعيد)

وتجريد السفر من التجارة أحسن، ولو اتجر لاينقص ثوابه. (غنية الناسك: (ص: ۳۶) باب ماينبغي لمريد الحج من آداب سفره، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساري: (ص: ۱۰) مقدمة في آداب مريد الحج، فصل: ويستحب أن يشاور، ط: الإمدادية، مكّة المكرّمة.

(۲) وأمّا هبة الكافر للمسلم فجائزة أيضًا سواء كانت في دار الإسلام أو في دار الكفر وحكم الصدقة كحكم الهبة .... (النتف في الفتاوىٰ: (ص: ۳۱۶) كتاب الهبة، هبة الكافر للمسلم، ط: سعيد)=

کافر کے روپیہ سے حج کرنا

اگر کسی کافر نے کسی مسلمان کو روپیہ ہبہ کرکے دے دیا ہے تو وہ مسلمان اس رقم سے حج کرسکتا ہے۔(۱)

کان

احرام کی حالت میں سردی یا کسی اور وجہ سے کان میں روئی رکھنا جائز ہے مگر خوشبو کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔(۲)

کان ڈھانکنا

☆احرام کی حالت میں کانوں پر کپڑا اڈالنے میں کوئی حرج نہیں۔

☆احرام کی حالت میں کانوں کو رومال اور چادر وغیرہ سے ڈھانپنا جائز ہے۔(۳)

= عمدة القارى شرح صحيح البخارى : (۱۳/ ۲۳۹) رقم الحديث : ۲۶۱۵ ، كتاب الهبة وفضلها والتحريض عليها ، باب قبول الهدية من المشركين ، ط: دار الكتب العلمية .

فتح البارى شرح صحيح البخارى : (۵/ ۲۳۰) رقم الحديث : ۲۶۱۵ ، كتاب الهبة ، باب قبول الهدية من المشركين ، ط: دار المعرفة .

(۱) وأمّا هبة الكافر للمسلم فجائزة أيضًا سواء كانت فى دار الإسلام أو فى دار الكفر وحكم الصدقة كحكم الهبة ...... (النتف فى الفتاوىٰ : (ص: ۳۱۶) كتاب الهبة ، هبة الكافر للمسلم ، ط: سعيد)

عمدة القارى شرح صحيح البخارى : (۱۳/ ۲۳۹) رقم الحديث : ۲۶۱۵ ، كتاب الهبة وفضلها والتحريض عليها ، باب قبول الهدية من المشركين ، ط: دار الكتب العلمية .

فتح البارى شرح صحيح البخارى : (۵/ ۲۳۰) رقم الحديث : ۲۶۱۵ ، كتاب الهبة ، باب قبول الهدية من المشركين ، ط: دار المعرفة .

(۲،۳) وتغطية اللحية ما دون الذقن ...... وأذنيه ؛ لأنهما عضوان مستقلا . (إرشاد السارى : (ص: ۱۷۴ ، ۱۷۵) باب الإحرام ، فصل : فى مباحاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

البحر الرائق : (۳/۸) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

غنية الناسک : (ص: ۸۸) باب الإحرام ، فصل : فى محرمات الإحرام ، ط:إدارة القرآن .

ويتقى الرفث ...... والتطيب وإن لم يقصده ، وفى الرد تحت قوله : وإن لم يقصده ...... بأنّ المراد غير =

کبوتر

احرام کی حالت میں کسی بھی قسم کے کبوتر کو ذبح کرنا جائز نہیں ہے، یعنی جنگلی اور پالتو دونوں قسم کے کبوتروں کو ذبح کرنا جائز نہیں ہے، بعض لوگ احرام کی حالت میں یا حرم کی حدود میں پالتو کبوتر کا ذبح کرنا حلال سمجھتے ہیں، یہ غلط ہے۔(۱)

کپڑا سر پر رکھنا

احرام کی حالت میں سر پر کپڑا رکھنا، ڈھانکنے کے حکم میں ہے۔(۲)

= قاصد للتطيب بل قاصد للتداوی ومع ذٰلک يکون محظورًا عليه فعليه اتقاؤه رحمتی . (الدر مع الرد : (۴۸۷/۲) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم ، ط: سعيد)

☜ إرشاد الساری : (ص: ۱٦٧) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

☜ غنية الناسک : (ص: ۸۹) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ومحظوراته الّتی فی غالبها الجزاء ، ط: إدارة القرآن .

(۱) قال اللّٰه تعالیٰ :﴿ أحلّ لکم صيد البحر وطعامه متاعًا لکم وللسيارة وحرم عليکم صيد البرّ ما دمتم حرمًا ﴾ أی محرمين ...... الصيد هو الممتنع أی بقوائمه وجناحيه عن أخذه المتوحش من النّاس فی أصل الخلقة أی فلا عبرة بالأمر العارض من الوحشة والأنس فالظبی والفيل والحمام يعنی ونحوها من البهائم والطيور والمستأنسات صيد . وتحته فی حاشيته : أی وإن كان ذكاتها بالذبح . (إرشاد الساری : (ص: ۵۰۹) باب الجنايات وأنواعها ، النوع السادس : فی الصيد و مايتعلق به ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

☜ غنية الناسک : (ص: ۲۸۰) باب الجنايات ، الفصل الثامن : فی صيد البر ومايتعلق به ، ط: إدارة القرآن .

☜ المحيط البرهانی : (۴۱۷/۳) کتاب المناسک ، الفصل الخامس : فيما يحرم علی المحرم بسبب الإحرام ، ومالايحرم ، ط: إدارة القرآن .

(۲) (يتقی الرفث) ...... و قلم الظفر ، وستر الوجه) ...... (و الرأس) ...... ولو حمل علی رأسه ثيابًا كان تغطية . (تنوير الأبصار مع الدر : (۴۸۸/۲) کتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب : فيما يحرم بالإحرام ومالا يحرم ، ط: سعيد)

☜ إرشاد الساری : (ص: ۱٦٧) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الحرام ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

☜ غنية الناسک : (ص: ۸۸) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ، ط: إدارة القرآن .

کپڑے میں خوشبو استعمال کرنے کی جنایت

☆ اگر محرم خوشبو دار کپڑے پہنے تو اگر خوشبو بہت ہے مگر بالشت یا دو بالشت سے کم مقدار میں لگی ہوئی ہے، یا خوشبو تھوڑی ہے مگر بالشت یا دو بالشت سے زیادہ لگی ہے، اور ایسے کپڑے کو سارا دن یا ساری رات پہنے رہے تو دم دینا لازم ہوگا، اور اگر تھوڑی خوشبو بالشت یا دو بالشت سے کم مقدار میں لگی ہو، تو صدقہ دینا واجب ہوگا اگر چہ سارا دن پہنے رہے، اور ایسے کپڑے کو ایک دن سے کم پہننے کی صورت میں بھی دم واجب نہیں، صدقہ واجب ہے۔

☆ اور ایک دن سے کم میں اگر چہ بہت خوشبو ہو اور بالشت دو بالشت کے برابر ہو تو صدقہ ہے، اور آدھی رات سے آدھے دن تک ایک دن شمار ہوگا۔(۱)

کتا (کاٹنے والا)

''موذی جانور'' عنوان کو دیکھیں۔(۲۱۱/٤)

کثرت طواف کی افضلیت

''طواف افضل ہے یا عمرہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۵۱/۳)

---

(۱) إذا كان الطيب في ثوبه شبرًا في شبر أي مقدارهما طولا و عرضًا فهو داخل في القليل ، فإن مكث أي دام يومًا فعليه صدقة ، أو أقلّ منه فقبضة ، كذا في المجرد والفتح ، ولو لبس مصبوغًا بعصفر أو ورس أو زعفران مشبعًا ...... يومًا فعليه دم ، وفي أقلّه صدقة . (إرشاد الساري : (ص: ۴۵۴) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الثاني : في الطيب ، فصل : في تطييب الثوب ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

▭ غنية الناسک : (ص: ۲۴۵) باب الجنايات ، الفصل الأوّل : في الطيب ، مطلب : في تطييب الثوب ، ويدخل فيه الفراش ، ط: إدارة القرآن .

▭ الدر مع الرد : (۵۴۵/۲ ، ۵۴۶) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

کرتہ

☆احرام کی حالت میں کرتہ پہننا منع ہے، اور جو کپڑا بدن کی ہیئت پر سلا ہوا ہو اس کا پہننا مردوں کے لئے احرام کی حالت میں جائز نہیں، اگر ایک دن یا ایک رات پہنے گا تو دم لازم ہوگا اس سے کم میں صدقہ واجب ہوگا۔(۱)

☆عورتوں کے لئے سلے ہوئے کپڑے پہننا منع نہیں ہے، بلکہ خواتین احرام کی حالت میں بھی سلے ہوئے کپڑے پہنیں گی۔(۲)

کرتے کو چادروں کی طرح اوڑھنا

احرام کی حالت میں کرتہ کو چادروں کی طرح اوڑھنا جائز ہے مگر بہتر نہیں۔(۳)

---

(۱) إذا لبس المحرم أی بالحج أو العمرة أو بهما المخيط أی الملبوس المعمول علی قدر البدن أو قدر عضو منه بحيث يحيط به، سواء کان بخياطة أو لنسج أو لصق أو غير ذلک ...... علی وجه المعتاد أی بأن لايحتاج فی حفظه إلی تکلف عند الاشتغال بالعمل ...... فعليه الجزاء ...... فإذا لبس مخيطًا أی علی وجه المعتاد يومًا کاملاً أی نهارًا شرعيًا وهو من الصبح إلی الغروب أو ليلة کاملة فعليه دم، وفی أقلّ من يوم أی مقدار نهارٍ ولو ينقص ساعة أو ليلة صدقةٌ. (إرشاد الساری: (ص: ۴۲۴، ۴۲۵) باب الجنايات وأنواعها، النوع الأوّل: فی حکم اللبس، ط: الإمدادية، مکّة المکرّمة)

☐ غنية الناسک: (ص: ۲۵۰، ۲۵۱) باب الجنايات، الفصل الثانی: فی لبس المخيط، ط: إدارة القرآن.

☐ شامی: (۲/۴۸۹) کتاب الحج، فصل: فی الإحرام، مطلب: فيما يحرم بالإحرام ومالايحرم، و: (۲/۵۴۷) باب الجنايات، ط: سعيد.

(۲) وتلبس من المخيط ما بدالها کالدرع والقميص والسراويل والخفين والقفازين. (غنية الناسک: (ص: ۹۴) باب الإحرام، فصل: فی إحرام المرأة، ط: إدارة القرآن)

☐ إرشاد الساری: (ص: ۱۶۲) باب الإحرام، فصل: فی إحرام المرأة، ط: الإمدادية، مکّة المکرّمة.

☐ الدر مع الرد: (۲/۵۲۸) کتاب الحج، قبيل: باب القران، ط: سعيد.

(۳) ويجوز أن يرتدی بقميص وجبة، ويلتعف به فی نوم أو غيره اتّفاقًا. (وقال المحقق ابن عابدين:) والحاصل: أن الممنوع عنه لبس المخيط المعتاد، ولعل وجه کراهة القاء نحو القباء والعباء علی الکتفين أنّه کثيرًا مايلبس کذٰلک تأمل. (الدر مع الرد: (۲/۴۸۹، ۴۹۰) کتاب =

کسی سے کنکریاں مروانا

''کنکریاں کسی سے مروانا'' عنوان کو دیکھیں۔(۳/۳۱۹)

کسی منزل پہ ٹھہرنے پر یہ دعا پڑھے

''حفاظت کی دعا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/۲۳۶)

کعبہ امام ہے

''طواف کعبہ کے قریب سے کرے'' عنوان کو دیکھیں۔(۳/۱۱۰)

کعبہ شریف کو دیکھنا

''بیت اللہ شریف کو دیکھنا'' عنوان کو دیکھیں۔(۱/۲۱۲)

کعبہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر کے ساتھ ملا دیا جائے گا

''بیت اللہ کی سفارش'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱/۲۱٤)

کعبہ کی بنیاد سے نکلنے والی تین تحریریں

جب نبی کریم ﷺ کی عمر (۳۵) سال ہوئی تو مکّے میں ایک زبردست سیلاب آیا اور پانی کعبے میں داخل ہوگیا، پانی کے بہاؤ اور جمع ہوجانے کی وجہ سے کعبے کی دیواروں میں شگاف پڑ گئے، اور اس سے پہلے ایک مرتبہ کعبے کی یہ دیوار آگ لگ جانے کی وجہ سے کمزور ہو چکی تھی، اس لئے قریش نے عمارت کو شہید کر کے نئے سرے سے تعمیر کرنے کا ارادہ کیا۔(۱)

= الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب فیما یحرم بالإحرام ومالایحرم ، ط: سعید)

إرشاد الساری : (ص: ۱٦٦) باب الإحرام ، فصل فی محرمات الإحرام ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة .

غنیة الناسک : (ص: ۸۵) باب الإحرام ، فصل : فی محرمات الإحرام ، ط: إدارة القرآن .

(۱) لما بلغ رسول اللہ ﷺ خمسا و ثلاثین سنة علی ما هو الصحیح جاء سیل حتٰی أتٰی من فوق =

عمارت گرانے کے بعد کعبے کی بنیاد سے تین تحریریں نکلیں ......یعنی کعبۃ اللہ کے دائیں کونے کے نیچے سے قریش کو ایک تحریر ملی جو سریانی زبان میں لکھی ہوئی تھی، اور وہ اس زبان کو جانتے نہیں تھے آخر ایک شخص ملا، جس نے وہ تحریر انہیں پڑھ کر سنائی، یہ شخص یہودی تھا اس میں لکھا ہوا تھا:

''میں اللہ ہوں، مکے کا مالک! جسے میں نے اس دن پیدا کیا جس دن میں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا، اور جس دن میں نے سورج اور چاند بنائے، میں نے اس کو یعنی مکے کو سات فرشتوں کے ذریعے گھیر دیا، اس کی عظمت اس وقت تک ختم نہیں ہوگی جب تک اس کے دونوں پہاڑ موجود ہیں، ان پہاڑوں سے مراد ایک تو ابوقبیس پہاڑ ہے جو کہ صفا پہاڑی کے سامنے ہے اور دوسرا قیعقعان پہاڑ ہے جو مکہ کے قریب ہے، اور جس کا رُخ ابوقبیس پہاڑ کی طرف ہے، اور یہ شہر اپنے باشندوں کے لئے پانی اور دودھ کے لحاظ سے بہت برکت اور نفع والا ہے''۔

اسی طرح قریش کو مقام ابراہیم کی جگہ پر ایک اور تحریر ملی جس میں یہ لکھا ہوا تھا: ''مکہ اللہ تعالیٰ کا محترم اور معظم شہر ہے، اس کا رزق تین راستوں سے اس کے پاس آتا ہے''۔

وہیں قریش کو ایک تحریر اور ملی جس میں لکھا ہوا تھا کہ:

''جو بھلائی بوئے گا لوگ اس پر رشک کریں گے، یعنی اس جیسا بننے کی تمنّا کریں گے، اور جو شخص برائی بوئے گا وہ رسوائی اور ندامت پائے گا، تم برائی کر کے بھلائی کی آس لگاتے ہو! ہاں یہ ایسا ہی ہے جیسا کوئی شخص کیکر یعنی کانٹے دار درخت

= الردم الّذی صنعوہ لمنعه السیل فأخربه : أی ودخلها و صدع جدرانها بعد توهینها من الحریق الّذی أصابها . (السیرۃ الحلبیة : (۱/۲۰۴) باب بنیان قریش الکعبة شرّفها اللّٰه تعالیٰ ، ط: دار الکتب العلمیة ، بیروت)

میں انگور تلاش کرے۔(۱)

کعبہ کی زمین

''مقام کعبہ کی زمین'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۱۱۳/٤)

کعبہ کے احترام کیلئے تین دائرے مقرر ہیں

☆ کعبۃ اللہ مکہ مکرمہ کا نہایت اشرف واعلیٰ مقام ہے، اللہ تعالیٰ نے اس کے احترام کے لئے اس کے اردگرد تین دائرے بنائے ہیں، اور ہر دائرے کے کچھ مخصوص احکام ہیں:

۱۔ پہلا دائرہ ''مسجد حرام'' کا ہے جس کے درمیان بیت اللہ شریف واقع ہے، بیت اللہ شریف کے بعد سب سے زیادہ اشرف واعلیٰ ''مسجد حرام'' ہے جو اس دائرے سے محدود ہے، اس کے ساتھ بہت سے احکام مخصوص ہے، مگر ان خصوصی احکام کا تعلق احرام سے نہیں ہے، اس لئے اس کی تفصیل کی یہاں ضرورت نہیں ہے۔

۲۔ دوسرا دائرہ حرم کی حدود کا ہے، مکہ مکرمہ کے چاروں طرف حرم مکی کے نام سے کچھ حدود مقرر ہیں، جہاں حرم کی علامات اور بورڈ لگے ہوئے ہیں، حرم کی ان حدود کا فاصلہ مکہ مکرمہ سے کسی جانب تین میل، کسی طرف نو میل ہے، اور کسی طرف کم وبیش ہے، اور کلومیٹر کے اعتبار سے مقدار زیادہ ہے، جو لوگ اس دائرے کے اندر

---

(۱) ...... و وجدت قريش في الركن كتابًا بالسريانية ، فلم يدر ما هو ؟ حتى قرأه رجل من اليهود ، فإذا هو : أنا الله ذو بكة ، خلقتها يوم خلقت السموات والأرض ، وصورت الشمس والقمر ، وحفظتها بسبعة أملاك حنفاء ، لايزول أخشابها أى جبلاها ، وهما أبو قبيس وهو جبل مشرف على الصفا ، وقعيقعان : وهو جبل مشرف على مكة وجهه إلى أبى قبيس يبارك لأهلها في الماء واللبن ، ووجدوا في المقام : أى محله ، كتابًا آخر مكتوب فيه : مكة بلد الله الحرام ، يأتيها رزقها من ثلاث سبل و وجدوا كتابًا آخر مكتوب فيه : من يزرع خيرًا يحصد غبطة : أى مايغبط أى يحسد حسدًا محمودًا عليه ، ومن يزرع شرًا يحصد ندامة : أى ماينـدم عليه ، تعملون السيئات ، وتجزون الحسنات ، أجل : أى نعم ، كما يجنى من الشوك العنب أى الثمر . (السيرة الحلبية : ۱/۲۰۷) باب بنيان قريش الكعبة شرفها الله تعالىٰ ، ط: دار الكتب العلمية بيروت)

رہنے والے ہیں وہ ''اہل حرم'' یعنی ''حرم والے'' کہلاتے ہیں۔

۳۔ تیسرا دائرہ مواقیت کا ہے، جس کا ذکر ''میقات'' کے لفظ کے تحت ہوگا۔

دوسرے دائرے یعنی حرم کی حدود میں رہنے والوں کو ''اہل حرم'' کہا جاتا ہے اور حرم کی حدود سے باہر مگر میقات کے دائرے کے اندر رہنے والوں کو ''اہل حل'' کہا جاتا ہے، اور ان سب دائروں سے باہر رہنے والوں کو ''اہل آفاق'' یا ''آفاقی'' کہتے ہیں۔(۱)

کفارہ

کفارہ کا لفظ عام ہے، دم اور صدقہ دونوں پر بولا جاتا ہے۔ (۲)

کمبل

سردی کے وقت احرام کے دوران کمبل اوڑھنا جائز ہے، البتہ سر اور چہرہ پر کمبل نہ لگے اور خواتین صرف چہرہ پر نہ لگائیں۔

احرام کی حالت میں سردی کی وجہ سے کمبل استعمال کرسکتا ہے مگر سر اور چہرہ

---

(۱) وأمّا الميقات المكانى ، فاعلم أنّ المواقيت تختلف باختلاف النّاس ، وهم فى المواقيت أضاف ثلاثة : صنف يسمّون أهل الآفاق : وهم الّذين منازلهم خارج المواقيت الّتى وقت لهم رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ، وصنف منهم أهل الحل ، وهم الّذين منازلهم داخل المواقيت خارج الحرم كأهل بستان بنى عامر وغيرهم ، وصنف منهم أهل الحرم و أهل مكّة . (البحر العميق : (۱/۵۹۸) الباب السادس : فى المواقيت ، الميقات المكانى ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۱۱۰) باب المواقيت ، الثانى : المكانى ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 شامى: (۲/۴۷۴) كتاب الحج ، مطلب فى المواقيت ، ط: سعيد .

(۲) الكفارة : مايكفر أى يغطى به الإثم ، وشرعًا ماكفر به من صدقة و صوم و نحوهما سمّى به ؛ لأنّه يكفر الذنب ويستره ،ككفارة اليمين . (المجموعة للقواعد الفقهية : (ص: ۲۶۲) التعريفات الفقهية ، ط: البشرىٰ)

ڈھانک نہیں سکتا، البتہ عورتوں کے لئے سر ڈھانکنے کی اجازت ہے۔(۱)

کمپنی کی طرف سے حج کرنا

بعض کمپنیوں میں یہ طریقہ رائج ہے کہ سالانہ قرعہ اندازی کرکے ایک یا ایک سے زائد ملازمین کو کمپنی کے خرچے پر حج کے لئے بھیجتی ہیں، اور یہ ملازمین کمپنی کے خرچے پر حج کی سعادت حاصل کرتے ہیں، ایسے ملازمین کا حج ادا ہوجائے گا، دوبارہ اپنے خرچے پر حج کرنا لازم نہیں ہوگا، کیونکہ حج پوری زندگی میں صرف ایک دفعہ فرض ہوتا ہے، بار بار نہیں، البتہ حج کرتے وقت فرض حج یا مطلق حج کی نیت کرے، نفل حج کی نیت نہ کرے، ورنہ صاحب استطاعت ہونے کی صورت میں دوبارہ فرض حج ادا کرنا لازم ہوگا۔(۲)

---

(۱) ولبس الخزّ والبزّ والثوب الهروی والمروی والقصب ...... و التوشح بالقميص والاتزار به والانزار بـه . (لباب المناسک مع إرشاد الساری : (ص: ۱۷۳) باب الإحرام ، فصل: فی مباحاته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

ولبس الخزّ والبزّ ...... وأن يلتحف به فی نومه وغير اتّفاقًا والاتزار به . (غنية الناسک : (ص: ۹۲) باب الإحرام ، فصل : فی مباحات الإحرام ، ط: إدارة القرآن)

الدر مع الرد : (۲/۴۸۹) كتاب الحج ، فصل : فی الإحرام ، مطلب: فی مايحرم بالإحرام ومالايحرم ، ط: سعيد .

(۲) والفقير الآفاقی إذا وصل إلی ميقات فهو كالمكی ...... وينبغی أن يكون الغنی الآفاقی كذٰلک إذا عدم المركوب بعد وصوله إلی أحد المواقيت ...... وليفيد أنّه يتعين عليه أن ينوی حج الفرض ليقع عن حجة الإسلام . ولاينوی نفلاً علی زعم أنّه فقير لايجب عليه الحج ؛ لأنّه ماكان ما واجبا عليه وهو آفاقی ، فلما صار كالمكی وجب عليه ، فلو حج نفلا يجب عليه أن يحج ثانيًا ، ولو أطلق النية يصرف إلی الفرض . (إرشاد الساری : (ص: ۵۶ ، ۵۷) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب ، الشرط السادس : الاستطاعة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

غنية الناسک : (ص: ۱۸) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط الوجوب ، السادس : الاستطاعة ، ط: إدارة القرآن .

الدر مع الرد : (۲/۴۶۰) كتاب الحج ، مطلب فيمن حج بمال حرام ، ط: سعيد .

کمپنی کی گاڑی

اگر کمپنی کے ملازمین کو کمپنی کی طرف سے گاڑی ملی ہوئی ہے، تو اگر یہ گاڑیاں صرف شہر میں استعمال کرنے کیلئے دی گئی ہوں تو کمپنی کی اجازت کے بغیر ایسی گاڑیوں کو لے کر حج یا عمرہ کا سفر کرنا جائز نہیں ہوگا۔

اور اگر کمپنی کی طرف سے حج یا عمرہ کے سفر کرنے کی اجازت ہو تو ایسی گاڑیوں کو لے کر حج یا عمرہ کا سفر کرنا جائز ہوگا۔(۱)

کم عقل رمی نہ کرے تو

اگر کم عقل بالکل رمی نہ کرے تو اس پر دم واجب نہیں ہوگا۔(۲)

کندھے ننگے رکھنا

☆ حج اور عمرہ کے جس طواف کے بعد صفا اور مروہ کی سعی ہو، اس طواف کے

---

(۱) لایجوز التصرف فی مال غیره بلا إذنه ولا ولایته . (الدر المختار : (۲۰۰/۲) کتاب الغصب ، مطلب : فیما یجوز من التصرف بمال الغیر بدون إذن صریح ، ط: سعید)

☜ (وإن أطلق) أی المعیر (الانتفاع فی الوقت والنوع انتفع ماشاء أیّ وقت شاء) ؛ لأنّه یتصرّف فی ملک الغیر ، فیملک التصرف علی الوجه الّذی أذن له فیه (وإن قیّد ضمن) أی المستعیر (بالخلاف إلی شرّ فقط) .... (الدرر الحکام فی شرح غرر الأحکام : (۱۲۵/۳) کتاب العاریة ، ط: مکتبه رشیدیه کندهار)

☜ شرح المجلّه للأتاسی : (۲۶۲/۱) المادة : ۹۶ ، القواعد الفقهیة ، ط: رشیدیه .

(۲) ولو ارتکب محظورًا لاشیئ علیهما ، ...... والمجنون کالصبی الغیر الممیز فی جمیع ما ذکرنا . (غنیة الناسک : (ص: ۸۴) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام الصبی والمجنون والعبد والأمة ، ط: إدارة القرآن)

☜ إرشاد الساری : (ص: ۱۵۹ ، ۱۶۱) باب الإحرام ، فصل : فی إحرام الصبی ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

☜ البحر العمیق : (۶۹۰/۲) الباب السابع : فی الإحرام ، الفصل الخامس : إحرام الصبی والمجنون ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة .

ساتوں چکروں میں شروع سے آخر تک اضطباع یعنی داہنا کندھا کھلا رکھنا مسنون ہے ایسے طواف کے علاوہ خاص طور پر نماز کے دوران کندھے کو ننگا رکھنا مکروہ ہے اس لئے طواف کے علاوہ کسی اور جگہ کندھے کو کھلا نہ رکھیں۔

☆ ''اضطباع'' کا معنی دائیں بغل سے احرام کی چادر نکال کر بائیں کندھے پر ڈالنا۔

☆ نماز کے دوران اضطباع بالکل نہ کرے۔(۱)

کنکری استعمال شدہ

جن کنکریوں سے ایک دفعہ رمی کی گئی ہو اور وہ کنکریاں شیطان کے قریب گری ہوئی ہوں، وہاں سے کنکریاں اٹھا کر رمی کرنا مکروہ ہے، وہ کنکریاں مردود ہیں وہ اللہ کے دربار میں قبول نہیں ہیں۔(۲)

---

(۱) إذا أراد الشروع فيه أي في طواف بعده سعي فإنّه حينئذٍ يسنّ الإضطباع والرمل له ينبغي أن يضطبع قبله أي قبل شروعه فيه بقليل ، وليس لمايتوهمه العوام من أن الاضطباع سنة جميع أحوال الإحرام ، بل الاضطباع سنة مع دخوله في الطواف ...... واعلم أنّ الاضطباع سنة في جميع أشواط الطواف ...... فإذا فرغ من الطواف فيترك الاضطباع ، حتى إذا صلّى ركعتي الطواف مضطبعا يكره لكشف منكبه ...... وهو أي الاضطباع المسنون أن يجعل وسط ردائه تحت إبطه الأيمن ويلقي طرفيه أو طرفه على كتفه الأيسر ، ويكون المنكب الأيمن مكشوفًا أي على هيئة الشجاعة ، إظهارًا للجلادة في ميدان العبادة ، وهو أي الاضطباع سنة في كل طواف بعده سعي كطواف القدوم والعمرة وطواف الزيارة على تقدير تأخير السعي .... (إرشاد الساري : (ص: ۱۸۲ ، ۱۸۳) باب دخول مكّة ، فصل : في صفة الشروع في الطواف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

